بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

# مُعاشرتی علوم

## جماعت پنجم

یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

Web version of PECTAA textbook
not for sale

PECTAA
Transformation, Innovation and Excellence

پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق اور قومی نظرِ ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔

جملہ حقوق بحق پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی محفوظ ہیں۔

اس کتاب کا کوئی حصّہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | باب کا عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| اول | شہریت (Citizenship) | 1 |
| دوم | ثقافت (Culture) | 10 |
| سوم | ریاست اور حکومت (State and Government) | 25 |
| چہارم | تاریخ (History) | 33 |
| پنجم | جغرافیہ (Geography) | 51 |
| ششم | معاشیات (Economics) | 86 |
| | فرہنگ | 109 |


Web version of PECTAA textbook Not for sale


**زیرِ نگرانی:** محمد رفیق طاہر، جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر، قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد

**فوکل پرسن پنجاب برائے یکساں قومی نصاب:** عامر ریاض، ڈائریکٹر (کریکولم اینڈ کمپلائنس) پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی، لاہور



**مصنّفہ:** اسماء زبیر



## اراکین قومی جائزہ کمیٹی

- مہر صفدر ولید (پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی، لاہور)
- فوزیہ مجاہد (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن)
- حامد خان (ڈائریکٹوریٹ آف کریکولم اینڈ ٹیچر ایجوکیشن، خیبر پختونخوا)
- شازیہ کامران (دی سٹی سکول، اسلام آباد)
- ڈاکٹر گلاب خلجی (بیورو آف کریکولم، بلوچستان)
- ڈاکٹر مریم چغتائی (لمز یونیورسٹی، لاہور)
- آصفہ فیصل (ایف جی ای آئی کینٹ اینڈ گریژن، راولپنڈی کینٹ)
- حاجی محمد انور (محکمہ تعلیم، گلگت بلتستان)
- ڈاکٹر تکبیر علی (آغا خان یونیورسٹی، کراچی)
- محمد عباس (QAED)
- محمد عثمان (PEC)

**ڈیسک آفیسر:** صنم علی (قومی نصاب کونسل) **تکنیکی معاونت:** نگہت لون، اسفند یار خان، محمد سرفراز احمد **نظرِ ثانی:** پروفیسر سجاد حیدر

**ڈائریکٹر (کریکولم اینڈ کمپلائنس):** عامر ریاض **نگرانِ طباعت:** مہر صفدر ولید، عابد حسین شیخ، شمس الرحمان

**ڈپٹی ڈائریکٹر (کمپلائنس ہیومینیٹیز):** مہر صفدر ولید **انچارج آرٹ سیل** محترمہ عائشہ صادق

**کمپوزر:** اختر خان، محمد اعظم **ڈیزائنرز:** بشارت احمد، میاں خالد محمود، محمد اعظم، سمیرا اسماعیل، حافظ انعام الحق **السٹریٹرز:** اُفق عامر، آیت اللہ

باب اوّل

# شہریت (Citizenship)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- پہچان سکیں کہ شہری حقوق (Civic Rights) اور ذمّہ داریاں (Responsibilities) کیا ہوتی ہیں اور وقت کے ساتھ یہ کیوں بدلتی ہیں۔
- ڈیجیٹل شہری (Digital Citizen) ہونے کے اخلاقی تقاضوں کی پہچان کر سکیں اور آن لائن ہونے کی صورت میں اختلافِ رائے سے نمٹ سکیں۔
- اقوامِ متحدہ (United Nations) کے وضع کردہ بنیادی انسانی حقوق کی شناخت کر سکیں۔
- سمجھ سکیں کہ تمام انسانوں کو مذہبی اور نسلی تفریق سے بالاتر ہو کر مساوی حقوق حاصل ہیں اور انفرادی اختلافِ رائے کا احترام کرنا ضروری ہے۔
- آزادیِ اظہار (Freedom of Speech) کی اہمیت کی وضاحت کر سکیں۔
- گھر اور سکول میں ہونے والے تنازعات کو حل کرنے کے لیے بات چیت اور مذاکرات کی اہمیت سمجھ سکیں۔
- امن (Peace) اور ہم آہنگی (Harmony) پیدا کرنے کے طریقے تجویز کر سکیں۔
- آج کل کی مہذب دنیا میں روزمرّہ کے آداب (Common Etiquettes) سیکھ سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔

## شہریت اور انسانی حقوق (Citizenship and Human Rights)

ہم میں سے ہر شخص کو کسی نہ کسی ملک کی شہریت حاصل ہوتی ہے۔ ایک شخص کی وہ قانونی حیثیت جس سے اس کو اپنے ملک یا ریاست کا فرد تصوّر کیا جاتا ہے، شہریت (Citizenship) کہلاتی ہے۔ ایک شہری ہونے کی حیثیت سے ہمارے بہت سے حقوق (Rights) اور ذمّہ داریاں (Responsibilities) ہیں۔ ہر حکومت کا اوّلین فرض ہے کہ وہ شہریوں کے حقوق کا تحفّظ یقینی بنائے اور ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ اپنی ذمّہ داریاں پوری طرح انجام دے۔

### سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- آپ کو کیا کیا حقوق حاصل ہیں اور آپ کون سی ذمّہ داریاں (فرائض) پوری کرتے ہیں؟ اپنے تین حقوق اور تین ذمّہ داریوں (فرائض) کی فہرست بنائیں۔

| حقوق | ذمّہ داریاں (فرائض) |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

ریاست کی طرف سے شہریوں کو بہت سے حقوق حاصل ہوتے ہیں۔ یہ ایسے قانونی اور معاشی حقوق ہوتے ہیں جن سے شہری بہتر زندگی گزار سکتے ہیں۔

## شہریوں کے حقوق (Rights of Citizens)

شہریوں کے حقوق میں سے چند درج ذیل ہیں:۔

- آزادی اور زندہ رہنے کا حق
- آزادیِ اظہار رائے کا حق
- اپنے مذہب اور عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کا حق
- تعلیم کا حق
- عزّت، پُرامن اجتماع اور آزادانہ حرکت کا حق
- ووٹ دینے کا حق
- تنظیم سازی اور کوئی بھی پیشہ اختیار کرنے کا حق
- صحت اور علاج کا حق

ان حقوق کا استعمال کرتے ہوئے ہر شہری کی ذمّہ داری ہے کہ وہ اپنے فرائض بخوبی انجام دے۔ ایک اچھّے شہری کی حیثیت سے اس کا اخلاقی اور قانونی فرض بھی ہے کہ وہ اپنے ملک کے امن اور خوشحالی کے لیے اپنی ذمّہ داریاں پوری کرے۔

## شہریوں کی ذمّہ داریاں (Responsibilities of Citizens)

شہریوں کی چند اہم ذمّہ داریاں درج ذیل ہیں:۔

- اپنے ملک کا وفادار ہونا اور اس کا شہری ہونے پر فخر کرنا
- قوانین کا احترام اور ان کی پاس داری کرنا
- دوسروں سے اچھّا سلوک کرنا
- دوسروں کے حقوق، عقائد اور رائے کا احترام کرنا
- دیانت داری سے ٹیکس ادا کرنا
- اپنے ماحول کو ہر قسم کی آلودگی سے بچانا
- قدرتی وسائل مثلاً پانی اور گیس احتیاط سے استعمال کرنا
- اپنے علم اور مہارت کا استعمال کرتے ہوئے معاشرے کے لیے فائدہ مند ثابت ہونا
- وسائل کا مناسب استعمال کرنا اور روزمرّہ معاملات میں ایمان داری کا مظاہرہ کرنا

### کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

**Do you want to know more?**

قائدِاعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ ایک ذمّہ دار شہری کی اعلیٰ مثال ہیں۔ انھوں نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک الگ قوم اور ایک الگ پہچان دیتے ہوئے، ان کے حقوق کے لیے آواز اٹھائی۔ یہ قائدِاعظم رحمۃ اللہ علیہ ہی کی قیادت تھی جس کے نتیجے میں 14 اگست 1947ء کو پاکستان دنیا کے نقشے پر ابھرا۔

### کرتے ہیں کچھ نیا!

**Let's do something new!**

کمرا جماعت میں صفائی مہم کا دن مقرر کریں اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر کمرا جماعت کو صاف کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟ Do you want to know more?


عبدالستار ایدھی

عبدالستار ایدھی نے ایک ذمّے دار پاکستانی ہونے کی حیثیت سے دکھی انسانیت کی خدمت کی اور اس مقصد کے لیے فلاحی تنظیم ''ایدھی فاؤنڈیشن'' قائم کی۔ اس تنظیم نے پورے ملک میں بیماروں کے لیے کلینک اور بلڈ بینک، یتیموں، لاوارثوں، معذوروں کے لیے پناہ گاہیں اور بچّوں کے لیے کئی سکول قائم کیے۔ یہ تنظیم پوری دنیا میں قدرتی آفات اور جنگوں سے متاثرہ انسانوں کو امداد فراہم کر رہی ہے۔ انھوں نے ایمبولینس سروس کا سب سے بڑا انظام قائم کیا۔ عبدالستار ایدھی کی ان خدمات پر حکومتِ پاکستان کی طرف سے انھیں نشانِ امتیاز سے نوازا گیا۔

## وقت کے ساتھ حقوق اور ذمّہ داریوں کا بدلنا
## (Change in Rights and Responsibilities with the Passage of Time)

وقت گزرنے کے ساتھ زندگی گزارنے کے طریقے بدلتے رہتے ہیں، اس لیے شہریوں کے حقوق اور ذمّہ داریوں میں بھی تبدیلی آتی ہے۔ پاکستان کے قیام کے وقت مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد ہجرت کر کے پاکستان آئی۔ ملک مشکل صورتِ حال سے دوچار تھا۔ پہلے ہی سال مہاجرین کی آبادکاری کے مسئلے کا سامنا کرنا پڑا۔ اس وقت خوراک، صاف پانی، بجلی، صنعتوں، رہائش گاہوں، ہسپتالوں، سڑکوں اور بینکوں کی شدید کمی تھی۔ ترقّی کا ایک مضبوط بنیادی ڈھانچا تشکیل دینے میں کچھ وقت لگا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جلد ہی پاکستان ترقّی کی راہ پر گامزن ہو گیا۔ وقت کے ساتھ ساتھ تعلیم، صحّت، بینکاری اور ذرائع نقل و حمل میں نمایاں ترقّی ہوئی اور لوگوں کو ان کے بنیادی حقوق حاصل ہوئے۔ آج پاکستان میں بینکاری کا ایک مضبوط نظام قائم ہے۔ اسی طرح پورے ملک میں سڑکوں کا جال بچھا ہوا ہے۔ توانائی اور رہائشی شعبے نے بھی تیزی سے ترقّی کی ہے۔ تعلیمی اور طبّی شعبوں میں بھی ہم آگے بڑھ رہے ہیں۔ پاکستان کے شہریوں کو جہاں بنیادی حقوق حاصل ہیں وہیں شہری کی حیثیت سے ان پر کچھ ذمّہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں۔ قیامِ پاکستان کے فوراً بعد ملک کو مشکل حالات سے نکالنے اور ترقّی کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرنے کی ذمّہ داری پاکستان کے شہریوں کی تھی۔ آج ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم اپنے ملک کے تمام اداروں کو مستحکم کریں۔ اپنی تعلیم و تربیت کا استعمال کرتے ہوئے اچھّے اور مفید شہری ہونے کا ثبوت دیں تاکہ ملک خوشحال ہو اور مزید ترقّی کرے۔

ہم 21 ویں صدی میں داخل ہو چکے ہیں۔ ٹیکنالوجی کی ترقّی نے دنیا کو عالمی گاؤں (Global Village) بنا دیا ہے۔ لوگ آسان سفری سہولیات، ماس میڈیا (Mass Media) اور ٹیلی مواصلات (Telecommunication) کے ذریعے سے ایک دوسرے سے رابطے میں ہیں اور ایک ہی معاشرہ بن چکے ہیں۔ آج کا دور ڈیجیٹل (Digital) دور ہے اور ہم ڈیجیٹل شہری ہیں۔

## ڈیجیٹل شہری اور اس کی ذمّہ داریاں (Digital Citizen and his/her Responsibilities)


ڈیجیٹل شہری

ایسا شہری جو سماجی اور شہری سرگرمیوں میں حصّہ لینے کے لیے انٹرنیٹ (Internet) اور دیگر ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذرائع مثلاً فیس بک (Facebook)، وٹس ایپ (WhatsApp)، انسٹاگرام (Instagram) اور ایکس (X) وغیرہ کا مؤثر استعمال کرتا ہے، ڈیجیٹل شہری کہلاتا ہے۔
ڈیجیٹل شہری کی ذمّہ داری ہے کہ وہ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لیے اخلاقی اصولوں کا خاص

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

خیال رکھے اور معاشرتی قوانین کا احترام کرے۔ آیئے دیے ہوئے ذہنی خاکے (Mind Maps) کی مدد سے ڈیجیٹل شہری کی ذمّہ داریوں کے بارے میں جانتے ہیں۔




## آن لائن ہونے کی صورت میں اختلاف رائے سے کیسے نمٹا جائے؟
## (How to deal with disagreement on views when online)

آن لائن ہوتے ہوئے اختلافِ رائے سے نمٹنے کے چند اصول درج ذیل ہیں:

- جب آپ ای میل یا سوشل میڈیا پوسٹ کے بارے میں تکلیف یا ناراضگی محسوس کریں تو فوراً اُس کا جواب نہ دیں۔ کچھ دیر سوچ بچار کے بعد ای میل یا پوسٹ کو دوبارہ پڑھیں اور ٹھنڈے دماغ سے جواب دیں۔
- اختلافِ رائے کی صورت میں صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اور دوسروں کی رائے کا احترام کریں۔
- اپنا رویہ مثبت رکھیں اور تنقید کو خوش دلی سے قبول کریں۔
- الزام تراشی سے گریز کریں۔
- بات چیت کے وقت مناسب زبان اور بہتر الفاظ کا استعمال کریں۔
- دلائل سے اپنی بات واضح کریں۔

## اقوام متحدہ اور انسانی حقوق (United Nations and Human Rights)

اقوامِ متحدہ کا لوگو

خوراک، لباس اور رہائش انسان کے بنیادی حقوق ہیں۔ ان کے علاوہ ہر انسان کو آزادی سے زندگی گزارنے، آزادیِ اظہار اور انصاف کا حق حاصل ہے۔ یہ سارے حقوق ''انسانی حقوق'' کہلاتے ہیں۔ یہ وہ حقوق ہیں جن کے تحت تمام انسان یکساں بنیادی ضروریات اور سہولیات کے حق دار ہیں۔

انسانی حقوق کے تحفّظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے 1945ء میں اقوام متحدہ نے انسانی حقوق کا عالمی اعلامیہ (Universal Declaration of Human Rights) تیار کیا۔ یہ اعلامیہ 10 دسمبر 1948ء کو دنیا کے سامنے پیش کیا گیا۔

برائے اساتذہ

طلبہ کو حقوق اور ذمّہ داریوں (فرائض) میں فرق سمجھائیں۔ انھیں ڈیجیٹل شہری کی ذمّہ داریوں سے آگاہ کریں۔ طلبہ کو اقوام متحدہ کے قیام کا مقصد بتائیں۔ انھیں اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کے عالمی اعلامیے/منشور (Universal Declaration of Human Rights, UDHR) کے بارے میں بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

اس اعلامیے کے اہم نکات یہ ہیں:

- تمام انسانوں کے لیے آزادی اور زندگی کا حق
- تعلیم، صحّت، مناسب خوراک، رہائش، لباس اور سماجی تحفّظ کا حق
- امتیازی سلوک اور غلامی سے آزادی کا حق
- قانون کے مطابق ہر ایک کے ساتھ یکساں سلوک کرنے کا حق
- آزادانہ کام کرنے اور جائیداد رکھنے کا حق
- مذہب کی آزادی کا حق
- اظہارِ رائے کی آزادی کا حق

یہ حقوق سب کے لیے یکساں ہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام انسان برابر ہیں، چاہے وہ کسی بھی قوم، رنگ، نسل، ثقافت، مذہب اور زبان سے تعلق رکھتے ہوں۔ ہر انسان کو چاہیے کہ وہ انسانی حقوق کا احترام کرے۔ سب کی عزّت کرے۔ ایک دوسرے کی رائے کا احترام کرے۔ اختلافِ رائے کی صورت میں اپنے اندر برداشت پیدا کرے تاکہ دوسروں کی بات کو سُن سکے۔ اگر کسی معاملے میں دوسرے کی بات درست ہو تو اس کو خوش دلی سے قبول کرے۔ اگر دوسرے کی بات صحیح نہ لگے تو دلائل سے اپنی بات واضح کرے اور بحث و مباحثے سے گریز کرے۔

### کرتے ہیں کچھ نیا!

**Let's do something new!**

بنیادی انسانی حقوق کا ذہنی خاکہ (Mind Map) تیار کریں اور بات چیت کے ذریعے سے بتائیں کہ اپنی روزمرّہ زندگی میں ان حقوق کو برقرار رکھنے میں کس طرح اپنا حصّہ ڈال سکتے ہیں۔

### خطبۂ حجۃ الوداع

دنیائے اسلام میں خطبۂ حجۃ الوداع کو بنیادی انسانی حقوق کا پہلا منشور قرار دیا جاتا ہے۔ یہ خطبہ 9 ذی الحجہ 10 ہجری (632ء) کو میدانِ عرفات میں پیش کیا گیا۔ اس تاریخی خطبے میں حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَاَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

''اے لوگو! بے شک تمھارا رب بھی ایک ہے اور تمھارا باپ بھی ایک۔ آگاہ رہو! کسی عربی کو عجمی پر، کسی عجمی کو عربی پر، کسی سفید فام کو کسی سیاہ فام پر اور کسی سیاہ فام کو کسی سفید فام پر کوئی فضیلت حاصل نہیں۔ فضیلت کا معیار صرف تقویٰ ہے۔'' (مسند احمد، حدیث نمبر 4568)

## آزادیِ اظہار کی اہمیت (Importance of Freedom of Speech)

انسانی حقوق کے مطابق ہر انسان کو اپنے خیالات کے اظہار کا حق حاصل ہے۔ 1948ء کے انسانی حقوق کے عالمی اعلامیہ (UDHR) کی دفعہ 19 میں کہا گیا ہے۔

''ہر ایک کو رائے اور اظہارِ رائے کی آزادی کا حق حاصل ہے، اس حق میں کسی مداخلت کے بغیر رائے قائم کرنے اور کسی بھی میڈیا کے ذریعے سے اور کسی بھی سرحد سے قطع نظر معلومات اور نظریات کو تلاش کرنے، حاصل کرنے اور فراہم کرنے کی آزادی شامل ہے۔''

آزادیِ اظہار کے نظریے کو انیسویں صدی کے برطانوی مفکر جان اسٹورٹ مل (John Stuart Mill) نے اس طرح پیش کیا ''معاشرتی ترقّی کا واحد راستہ یہ ہے کہ انسانوں کو آزادانہ طور پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے دیا جائے۔''

آزادیِ اظہار ایک متنوّع معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس سے معاشرے میں ہم آہنگی اور رواداری پیدا ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ آزادیِ اظہار کسی بھی ملک میں جمہوری نظام کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ آزادیِ اظہار معاشرتی برائیوں سے

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

نجات پانے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ کسی بھی معاشرتی برائی کا خاتمہ اس وقت تک نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ لوگ اس کے خلاف بات نہ کریں۔ آزادیِ اظہار میں اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ اس سے کسی کی دل آزاری نہ ہو۔

## امن اور تنازع (Peace and Conflict)

معاشرے میں چوں کہ مختلف طرح کے لوگ اکٹھے رہتے ہیں، اس لیے کبھی کبھار وہ ایک دوسرے کی باتوں سے اختلاف بھی کرتے ہیں اور بعض اوقات اختلاف تنازعے کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ زیادہ تر لوگ تنازعات سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں تا کہ وہ امن سے رہ سکیں۔ تنازعات لمبے عرصے تک موجود رہیں تو کئی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم آپس کے تنازعات ختم کر کے امن و امان سے رہیں خواہ وہ تنازعات گھریلو سطح پر ہوں یا سکول کی سطح پر ہوں۔



امن کا پیغام

## تنازعات کا حل (Resolving of Conflicts)

کسی بھی مسئلے کو بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے سے حل کیا جا سکتا ہے۔ بات چیت کے ذریعے سے ہم با آسانی دوسروں کے نقطۂ نظر کو سمجھ سکتے ہیں اور اپنا نقطۂ نظر دوسروں کو سمجھا سکتے ہیں۔ بات چیت اور مذاکرات کے وقت چند باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے، جیسا کہ:

- بات چیت کے لیے مناسب الفاظ کا استعمال کریں۔
- دوسروں کو اپنی بات مکمل کرنے کا موقع دیں۔
- دوسروں کی بات غور سے سنیں اور سمجھیں۔
- اپنی بات دلائل سے واضح کریں۔

## امن اور ہم آہنگی کے فروغ کے طریقے (Ways to Promote Peace and Harmony)

امن اور ہم آہنگی سے معاشرے کے ہر فرد پر مثبت اثرات مرتّب ہوتے ہیں اور لوگ بھی متحد رہتے ہیں۔ لوگوں کو متحد رکھنے کے ساتھ ساتھ امن کسی بھی ملک میں خوش حالی اور ترقّی کا باعث بھی ہے۔ امن اور ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے کچھ باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

- دوسروں کے ساتھ ہمیشہ نرمی اور رحم دلی سے پیش آئیں۔
- اختلافات کے باوجود دوسروں کی رائے اور نظریات کا احترام کریں۔
- غلطی کی صورت میں معذرت کر کے معاملہ حل کر لیں۔
- دوسروں کے حقوق غصب کرنے سے تعلقات میں خرابی پیدا ہوتی ہے، اس لیے ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھیں۔
- کوئی بھی معاملہ پیش آئے تو امن اور ہم آہنگی کی خاطر صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مصالحت اختیار کریں۔

> امن اور ہم آہنگی
> پاکستان ایک امن پسند ملک ہے جہاں شہری امن اور ہم آہنگی سے رہتے ہیں۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

21 ستمبر کو پوری دنیا میں امن کا دن منایا جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## روزمرّہ کے آداب (Common Etiquettes)

اچھا انسان ہمیشہ آداب کا خیال رکھتا ہے۔ ہمیں دیے گئے آداب کو اپنی زندگی کا لازمی جزو بنالینا چاہیے:

- جب کسی سے ملیں تو السلام علیکم کہیں۔
- ہر ایک سے اچھے اخلاق سے پیش آئیں۔ اچھا اخلاق اچھا انسان بناتا ہے۔
- اپنے والدین، اساتذہ اور بڑوں سے ہمیشہ عزت و احترام سے پیش آئیں۔
- چھوٹوں سے پیار کریں۔
- بڑوں اور بزرگوں کے احترام میں نشست خالی کردیں۔
- بات چیت کے دوران میں اپنی باری کا انتظار کریں۔ بات چیت کے لیے ہمیشہ نرم اور شائستہ لہجہ اپنائیں۔
- کسی کی چیز بغیر اجازت استعمال نہ کریں اور کسی کی چیز واپس کرتے وقت اس کا شکریہ ادا کریں۔
- مشکل وقت میں دوسروں کی مدد کریں۔
- ہر جگہ اصول وضوابط اور قوانین کا خیال رکھیں اور ان کی پابندی کریں۔
- گھر، کمرا جماعت، سکول، پارک اور ہسپتال وغیرہ کو ہمیشہ صاف رکھیں۔
- ہمیشہ صاف ستھری اور مفید غذائیں استعمال کریں اور کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئیں۔
- زندگی کے تمام معاملات میں ایمان داری کا مظاہرہ کریں۔

**کرتے ہیں کچھ نیا!**

**Let's do something new!**

گھر یا محلّے میں سے اپنے پسندیدہ انسان کی خصوصیات کی فہرست بنائیں۔



بڑوں کا احترام

**کرتے ہیں کچھ نیا!**

**Let's do something new!**

اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر تلاش کریں کہ دنیا کے مختلف ممالک میں لوگ ایک دوسرے سے ملتے وقت کون سے الفاظ استعمال کرتے ہیں اور ان کا کیا طریقۂ کار ہوتا ہے، جیسے مسلمان ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو السلام علیکم کہتے ہیں اور ہاتھ ملاتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

**میں نے سیکھا! (I have learnt!)**

- ہر حکومت کا اولین فرض ہے کہ وہ اپنے شہروں کو بنیادی حقوق فراہم کرے۔
- حقوق سب کے لیے یکساں ہیں۔
- حقوق کے ساتھ ساتھ ہر شہری کی کچھ ذمّہ داریاں بھی ہیں۔
- ایک ڈیجیٹل شہری کی ذمّہ داری ہے کہ وہ آن لائن سرگرمیوں میں حصّہ لیتے وقت اخلاقی اصولوں کا خاص خیال رکھے۔
- تنازعات کو بات چیت اور مذاکرات سے ختم کیا جا سکتا ہے۔
- امن اور ہم آہنگی سے افراد اور معاشرے پر مثبت اثرات مرتّب ہوتے ہیں۔



NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i) شہریت کی تعریف کریں۔

ii) انسانی حقوق سے کیا مراد ہے؟

iii) روزمرّہ زندگی کے کوئی سے تین آداب بتائیں۔

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i) آزادیِ اظہار کی کیا اہمیت ہے؟ کیا ہمیں اپنی رائے کے اظہار کی آزادی حاصل ہونی چاہیے؟

ii) امن قائم کرنے کے کون کون سے طریقے ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

3۔ ایک ڈیجیٹل شہری کی تین ذمہ داریاں اپنی کاپی میں تحریر کریں۔

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

انسانی حقوق کے بارے میں مزید جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

https://www.un.org/en/universal-declarationhuman-rights/

## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی 1:** اچھّے شہری کی خصوصیات سے متعلق ذہنی خاکہ (Mind Map) بنائیں۔




**سرگرمی 2:** اپنی ذاتی زندگی میں آپ کو کن تنازعات کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ ایک فہرست بنائیں۔ ان مسائل میں سے کسی ایک مسئلے کے بارے میں لکھیں کہ آپ اسے کیسے حل کر سکتے ہیں؟

**سرگرمی 3:** احمد دوستوں کے ساتھ فٹ بال کھیل کر گھر واپس آ رہا تھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک آدمی کا بٹوہ اس کی جیب سے نیچے گر گیا ہے۔ اس نے جلدی سے جا کر وہ بٹوہ اٹھا لیا اور ـــــــــــــــــــــــــــــــ۔ آپ کے خیال میں اب احمد کو کیا کرنا چاہیے اور کیوں؟

**برائے اساتذہ**

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ اچھّے شہریوں کی خصوصیات پر ذہنی خاکہ (Mind Map) بنوائیں۔ ان سے کہیں کہ اس میں وہ تمام خصوصیات درج کریں جو ایک اچھّے شہری میں ہوتی ہیں۔
- طلبہ سے کمرا جماعت، سکول، گھر میں ہونے والے تنازعات اور جھگڑوں کی فہرست بنوائیں۔ طلبہ ان میں سے کسی ایک مسئلے کا انتخاب کریں اور اس پر رول پلے (Role Play) پیش کریں۔ اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر اس مسئلے کے حل کے طریقے سوچیں۔ حل سوچنے کے بعد جماعت کے سامنے اپنی تجاویز پیش کریں۔ بعدازاں طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ان تجاویز کو اپنی ذاتی زندگیوں پر لاگو کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## مشق (Exercise)

1- درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) کا نشان لگائیں۔

i۔ انسانی حقوق کا عالمی اعلامیہ (UDHR) دنیا کے سامنے پیش کیا گیا:

(الف) 1946ء میں (ب) 1947ء میں (ج) 1948ء میں (د) 1949ء میں

ii۔ اقوامِ متحدہ کی تنظیم قائم ہوئی:

(الف) 1945ء میں (ب) 1946ء میں (ج) 1947ء میں (د) 1948ء میں

iii۔ آزادیِ اظہار کا نظریہ پیش کیا:

(الف) گراہم بیل نے (ب) آئن سٹائن نے (ج) جان اسٹورٹ مِل نے (د) کارل مارکس نے

iv۔ ڈیجیٹل شہری استعمال کرتا ہے:

(الف) کتاب (ب) میگزین (ج) ریڈیو (د) انٹرنیٹ

v۔ خطبۂ حجۃ الوداع پیش کیا گیا:

(الف) 6 ذی الحجہ (ب) 8 ذی الحجہ (ج) 9 ذی الحجہ (د) 10 ذی الحجہ

2- درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

i۔ انسانی حقوق تمام انسانوں کے لیے برابر نہیں ہیں۔ ☐

ii۔ آزادیِ اظہار کے ذریعے سے ہم اپنے خیالات اور معلومات کو بول کر یا لکھ کر دوسروں تک پہنچا سکتے ہیں۔ ☐

iii۔ امن اور ہم آہنگی معاشرے کے ہر فرد پر منفی اثرات مرتّب کرتی ہے۔ ☐

iv۔ لوگوں کی ذاتی معلومات کا احترام کرنا ڈیجیٹل شہری کی ذمّہ داری میں شامل ہے۔ ☐

v۔ دوسروں کے حقوق غصب کرنے سے تعلقات میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔ ☐

3- کالم (الف) کو کالم (ب) کے متعلقہ خانوں سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
| --- | --- |
| اپنے والدین، اساتذہ اور بڑوں سے | نرم اور شائستہ لہجہ اپنائیں |
| ہر انسان کو اپنے خیالات کے | دوسروں کی مدد کریں |
| مشکل وقت میں | ہمیشہ عزّت و احترام سے پیش آئیں |
| بات چیت کے لیے ہمیشہ | اظہار کا حق حاصل ہے |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

# ثقافت (Culture)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قومیت (Nationalism) کی تعریف کر سکیں اور بتا سکیں کہ لوگ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر کیسے رہتے ہیں۔
- پاکستان میں رہنے والے متنوّع ثقافتی گروہوں (Diverse Cultural Groups) کی نشان دہی کر سکیں۔
- پاکستان کے ثقافتی تنوّع (مذہب، زبانیں، لباس، پکوان، میلے اور تہوار، مشہور واقعات، فنون اور دستکاریاں اور لوک گیت) کو بیان کر سکیں۔
- کثیر الثقافتی معاشرے (Multicultural Society) کے فوائد کی نشان دہی کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## ہمارا رہن سہن
## (The way we live together)

معاشرے میں زندگی بسر کرنے کے لیے ہمیں ایک دوسرے کی ضرورت پڑتی ہے۔ جب مختلف طرح کے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر زندگی گزارتے ہیں تو اس سے ایک پُر امن معاشرہ قائم ہوتا ہے۔ پاکستان بھی ایسا ہی معاشرہ ہے۔ یہاں مختلف مذاہب، رنگ اور نسل کے لوگ بھی بستے ہیں جو باہم مل کر ایک قوم بناتے ہیں۔

### سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- پاکستان کا قومی لباس کیا ہے؟ ______________________
- پاکستان میں بولی جانے والی کوئی سی چھے زبانوں کے نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

## قومیت (Nationalism)

قوم (Nation) لاطینی زبان کے لفظ نیشو (Natio) سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی ''پیدائش'' کے ہیں۔ گویا قوم کا تعلق فرد کی پیدائش یا نسل سے ہے۔ قومیت دراصل اپنائیت کے ایسے احساس اور جذبے کا نام ہے جو افراد کے مابین نسل، رنگ، مذہب،


قومیت کا جذبہ

علاقے، زبان اور رسم ورواج کی بنا پر پیدا ہوتا ہے۔

اس جذبے کی بنا پر لوگ اپنے آپ کو ایک قوم سمجھتے ہیں۔ ہم پاکستانی قوم ہیں اور ہمیں پاکستانی ہونے پر فخر ہے۔ بحیثیت پاکستانی ہم محبّت، امن اور بھائی چارے کے ساتھ رہتے ہیں۔ قومیت کے جذبے کو فروغ دینے کے لیے ہمیں ایک دوسرے کے سماجی، معاشی اور معاشرتی حقوق کا خیال رکھنا چاہیے۔

## پاکستان میں رہنے والے متنوّع ثقافتی گروہ (Diverse Cultural Groups living in Pakistan)

کسی جگہ کے لوگوں کا آپس میں میل جول، رسم ورواج، مذہب، زبان اور رہن سہن کے طور طریقے وہاں کی ثقافت کہلاتے ہیں۔ پاکستان کے صوبوں اور علاقوں میں متنوّع ثقافتی گروہ رہتے ہیں۔ اپنے علاقوں کے لحاظ سے یہ پنجابی، سندھی، بلوچ، پشتون، بلتی اور کشمیری وغیرہ کہلاتے ہیں۔ مختلف علاقوں میں بسنے والے ان لوگوں کا ثقافتی انداز بھی ایک دوسرے سے مختلف ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## پاکستان میں ثقافتی تنوّع (Cultural Diversity in Pakistan)

پاکستان کے ثقافتی تنوع میں مذاہب، زبانیں، لباس، پکوان، میلے اور تہوار، مشہور واقعات، فنون اور دستکاریاں اور لوک گیت وغیرہ شامل ہیں، جن کی تفصیل ذیل میں بیان کی گئی ہے:۔

### مذہب (Religion)

پاکستان کا سرکاری مذہب اسلام ہے اور اس کی قریباً 97 فی صد آبادی مسلمان ہے۔ یہاں دیگر مذاہب یعنی مسیحیت، ہندومت، سکھ مت اور بدھ مت وغیرہ سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی آباد ہیں۔

### زبانیں (Languages)

زبان صرف الفاظ کا مجموعہ نہیں ہوتی بلکہ یہ کسی بھی قوم کی پہچان اور اس کا ثقافتی اثاثہ بھی ہوتی ہے۔ پاکستان کی قومی زبان اُردو ہے۔ اُردو زبان ہماری ثقافتی شناخت کا اہم پہلو بھی ہے۔ اکثر پاکستانی اس زبان کو بول اور سمجھ سکتے ہیں۔ ملک بھر میں لوگ مختلف علاقائی زبانیں بھی بولتے ہیں جیسا کہ بلوچستان میں بلوچی، پشتو اور براہوی بولی جاتی ہیں۔ پنجاب میں پنجابی، سرائیکی اور پوٹھواری، سندھ میں سندھی، صوبہ خیبر پختونخوا میں پشتو، ہندکو اور سرائیکی، گلگت بلتستان میں بلتی، شینا، بروشسکی، وخی اور دیگر زبانیں بولی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ جموں وکشمیر میں کشمیری اور پہاڑی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ملک بھر میں اُردو زبان کے ساتھ ساتھ دیگر علاقائی اور مقامی زبانوں میں بھی ادب اور شعروشاعری کے فن پارے موجود ہیں۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

اُردو زبان اور اکثر علاقائی زبانوں کا رسم الخط عربی زبان جیسا ہے۔ قرآن مجید بھی عربی زبان میں ہے۔ پاکستانی تعلیمی مدارس میں عربی زبان کی تعلیم کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔



NOT FOR SALE

## پاکستان کے لباس (Dresses of Pakistan)

ہمارا قومی لباس شلوار قمیص ہے۔ ہر صوبے اور علاقے کے لوگ اپنی روایات اور موسم کے مطابق لباس زیبِ تن کرتے ہیں۔ یہ رنگا رنگ ملبوسات پاکستان کے موسمی حالات اور مذہبی ضرورتوں کے پیشِ نظر تیار کیے جاتے ہیں۔



سندھ کا لباس

صوبہ سندھ میں سرخ اور گہرے نیلے رنگ کا ہاتھ سے چھپا ہوا خاص کپڑا تیار کیا جاتا ہے جسے اجرک کہتے ہیں۔ یہاں ریشمی دھاگوں اور چھوٹے چھوٹے شیشوں سے کپڑوں پر کڑھائی کی جاتی ہے جسے ''گج'' کہتے ہیں۔ سندھی مرد سر پر خاص شیشوں والی ٹوپی پہنتے ہیں جسے سندھی ٹوپی کہتے ہیں۔



پنجاب کا لباس

پنجابی خواتین اپنے کپڑوں پر خوب صورت بیل بوٹے کڑھائی کرتی ہیں جسے پُھلکاری کہا جاتا ہے۔ یہ خواتین شلوار قمیص کے ساتھ دوپٹا بھی اوڑھتی ہیں۔ دیہاتی علاقوں میں مرد دھوتی کرتا، لُنگی، لاچا پہننا اور سر پر ٹوپی پہننا یا پگڑی باندھنا پسند کرتے ہیں۔



بلوچستان کا لباس

صوبہ بلوچستان میں مرد لمبی قمیص اور چوڑے گھیرے والی شلوار پہنتے ہیں جس سے لباس منفرد نظر آتا ہے۔ یہاں مردوں کی مقبول پوشاک میں کلاّہ اور بڑی پگڑی بھی شامل ہے۔ خواتین شیشوں کی کڑھائی والی لمبی قمیص اور شلوار پہنتی اور چادر اوڑھتی ہیں۔



خیبر پختونخوا کا لباس

پاکستان کے دیگر علاقوں کی طرح صوبہ خیبر پختونخوا کا عام لباس بھی شلوار قمیص ہے۔ یہاں کے مرد کُرتے کے ساتھ واسکٹ اور خاص پشاوری چپل پہننا پسند کرتے ہیں۔ خواتین پُھلکاری فراک، شلوار پہنتی اور چادر اوڑھتی ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE



آزاد جموں و کشمیر کا لباس

کشمیری مرد اور خواتین کڑھائی والے چوغے پہنتے ہیں جنھیں مقامی زبان میں پھیرن کہتے ہیں۔ مرد سر پر ٹوپی پہنتے ہیں جب کہ کشمیری خواتین سکارف اوڑھتی ہیں۔



گلگت بلتستان کا لباس

گلگت بلتستان کے لوگ اُون سے بنے ہوئے کوٹ، چوغے اور ٹوپیاں پہنتے ہیں۔ یہاں کے لوگ کھلا لباس پہنتے ہیں جسے شوقہ کہا جاتا ہے۔ یہ لوگ سر پر ایک مخصوص اُونی ٹوپی پہنتے ہیں۔ یہاں کی خواتین کے لباس کا سب سے خوب صورت حصّہ روایتی ٹوپی ہے۔ خوب صورت کڑھائی والی ٹوپی ''ایراگی'' یہاں کی سب سے مشہور ٹوپی ہے۔



کیلاشی بچے

پاکستان کا شمالی خطہ (بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان) بلند و بالا پہاڑوں کی وجہ سے مشہور ہے۔ چترال میں دنیا کی قدیم ترین ثقافت ''کیلاش'' آباد ہے۔ کیلاش کا مطلب ہے'' کالے کپڑے پہننے والے۔''

## پکوان (Foods)

پاکستانی لوگ مزے دار کھانوں کے بہت شوقین ہیں۔ ملک بھر میں علاقائی کھانے اپنی خوش بُو اور ذائقوں کے اعتبار سے بہت مشہور ہیں۔ خیبر پختونخوا کے معروف ثقافتی پکوانوں میں دیبزے غوخہ (بکرے کا گوشت)، راجما (لوبیا کا سالن)، کابلی پلاؤ، سیخ کباب، چپلی کباب، شامی کباب، شنواری کباب اور غٹے ورجے (چاول) وغیرہ زیادہ معروف ہیں۔ خیبر پختونخوا کے لوگ قہوہ اور چائے پینا بھی پسند کرتے ہیں۔

پنجاب کے لوگ ناشتے میں مرغ چنے، سری پائے، حلوا پوری، پراٹھے اور پھٹورے کھانا پسند کرتے ہیں۔ ان کے روایتی کھانوں میں گوشت کے تکے، قورمہ، مکّئی کی روٹی، سرسوں کا ساگ، کڑاہی گوشت، دہی بھلّے، آلو چنے اور سموسے پکوڑے وغیرہ شامل ہیں۔ یہاں کے لوگ نمکین اور میٹھی لسّی بھی پیتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

سندھ کے لوگ سندھی بریانی، پلّا مچھلی، حلیم، آلو کباب اور نہاری وغیرہ بہت شوق سے کھاتے ہیں۔ یہاں میٹھے میں مٹکا قلفی، ربڑی فالودہ اور لبِ شیریں (کسٹرڈ) بھی اپنے ذائقے اور لذّت کے لحاظ سے بے مثال ہیں۔



سیخ کباب



سرسوں کا ساگ



سندھی بریانی



پلّا مچھلی



لبِ شیریں



لسّی

سجّی بلوچ ثقافت کا ایک مشہور اور مرغوب پکوان ہے۔ اس کے علاوہ دم پخت، لگن گوشت، بیسنی فش کڑی اور کھڈی کباب وغیرہ بھی بلوچستان کے روایتی پکوان ہیں۔

گلگت بلتستان کے مشہور پکوانوں میں گوشت شوربہ، ممتُو (سموسہ نما)، مُولیدہ، مارزن، پڑاپو اور سناباچی (شربت) وغیرہ شامل ہیں۔ شب دیگ، روغن جوش، کشمیری پلاؤ اور کشمیری چائے وغیرہ آزاد جموں و کشمیر کے پکوان ہیں۔

## کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

**Do you want to know more?**

بلوچی موسم سرما کی ابتدا خاص ''بلوچی بُسری'' کی سوغات سے کرتے ہیں۔ یہ بغیر مسالوں کے آگ پر بنائی جانے والی روٹی ہے، جس کی تیاری میں گندم کے آٹے، دیسی گھی، مکھّن اور گُڑ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ تازہ روٹی انتہائی لذیز ہوتی ہے۔



کھڈی کباب



روغن جوش



مارزن



پڑاپو

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## میلے اور تہوار (Fairs and Festivals)



جشن میلاد النّبی حضرت مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ



عید ملن

میلے اور تہوار قومی ثقافت کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔ یہ لوگوں کو نہ صرف تفریح فراہم کرتے ہیں بلکہ ان کے باہمی میل جول اور روابط میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پاکستان میں بہت سے مذہبی، قومی اور علاقائی تہوار منائے جاتے ہیں۔ عیدین (عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ) مسلمانوں کے بڑے مذہبی تہوار ہیں مسلمان 12 ربیع الاوّل کو جشن میلاد النّبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بھی مذہبی عقیدت واحترام کے ساتھ مناتے ہیں دوسرے مذاہب کے تہواروں میں کرسمس، بیساکھی اور دیوالی وغیرہ اہم ہیں۔

قومی اور مذہبی تہواروں کے علاوہ پاکستان کے چھوٹے بڑے شہروں اور دیہاتوں میں مختلف علاقائی تہواروں اور میلوں ٹھیلوں کا انعقاد بھی ہوتا ہے۔ یہ میلے کسی بزرگ کے عرس کے موقع پر یا خاص موسم کی مناسبت سے منعقد کیے جاتے ہیں صوبہ پنجاب کے شہر لاہور میں میلا چراغاں اور جشنِ بہاراں وغیرہ مشہور میلے ہیں۔ صوبہ سندھ میں جشنِ لاڑکانہ، سندھ میلا، میلا مویشیاں اور بہت سے دیگر مقامی تہوار منائے جاتے ہیں۔ بلوچستان کا سبّی میلا دیکھنے کے لیے لوگ ملک بھر سے اکٹھے ہوتے ہیں۔

کالام میلا خیبر پختونخوا کا مشہور میلا ہے۔ آزاد جموں و کشمیر میں کشمیر میلا منایا جاتا ہے۔ شندور پولو میلا گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کے ضلع چترال کا مشترکہ میلہ ہے جو دنیا کے بلند ترین پولو گراؤنڈ شندور میں منایا جاتا ہے۔ یہاں کے کچھ لوگ جشن نوروز کو جوش وخروش سے مناتے ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان کے لوگ اپنے علاقوں کے لحاظ سے خاص ثقافتی تہوار، شادی بیاہ اور سالگرہ وغیرہ جیسی تقریبات بھی مناتے ہیں۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

14 اگست کو ہمارے پیارے ملک پاکستان کی سالگرہ کا دن منایا جاتا ہے۔ اس دن پورے ملک میں چھٹی ہوتی ہے۔ لوگ عمارتوں کو پاکستان کے جھنڈے اور روشنیوں سے سجاتے ہیں۔

## مشہور واقعات/اہم قومی دن (Popular Events)

ملک بھر میں قراردادِ پاکستان 23 مارچ، یومِ کشمیر 5 فروری، یومِ آزادی 14 اگست، یومِ دفاعِ پاکستان 6 ستمبر اور قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش کا دن 25 دسمبر وغیرہ قومی سطح پر منائے جاتے ہیں۔



مزار حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ



مزار حضرت بہاؤالدین زکریاؒ، ملتان



جشن بہاراں (پنجاب)

Web Version of PECTAA textbook Not for Sale



NOT FOR SALE



جشنِ لاڑکانہ (سندھ)



سبّی میلا (بلوچستان)



شندور پولو میلا

## Do you want to know more? کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

پاکستان میں بہت سے صوفیائے کرام اور اولیائے کرام کے مزارات ہیں۔ ان میں لاہور میں حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ، سندھ میں حضرت لعل شہباز قلندرؒ، ملتان میں حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ قصور میں حضرت بابا بلھے شاہؒ، پاکپتن میں حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ، اسلام آباد میں حضرت امام بری سرکارؒ، خیبر پختونخوا میں رحمان باباؒ کے مزارات پر ہونے والے سالانہ عرسوں میں لوگ شرکت کرتے ہیں۔ ان عرسوں میں روحانی تقریبات کے علاوہ لنگر وغیرہ کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔

## فنون اور دست کاریاں (Arts and Crafts)

پاکستان میں ایسے بہت سے خطّاط ہیں جنھوں نے قرآنی خطّاطی کے اعلیٰ نمونے تخلیق کیے ہیں۔ فنِ تعمیر کے لحاظ سے بھی ہمارے ملک کی ایک خاص پہچان ہے۔ یہاں بہت خوب صورت عمارتیں نظر آتی ہیں۔ اس کے علاوہ تراشی، نقاشی اور مختلف دھاتوں سے زیورات سازی یہاں کے نمایاں فنون ہیں۔

سید صادقین معروف مصوّر اور خطاط تھے۔ انھوں نے اسلامی خطاطی کی بحالی کے لیے بھی گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ ان کے علاوہ گُل جی اور عبدالرحمٰن چغتائی نے اپنے فنِ مصوری سے دنیا میں نام پیدا کیا۔

پاکستانی دست کاریاں ہماری ثقافت کی شناخت ہیں اور پوری دنیا میں مقبول ہیں۔ ہر علاقے کی دست کاری کا اعلیٰ معیار اور منفرد انداز ہے۔ خواتین عام طور پر یہ دست کاری اپنے گھروں میں کرتی ہیں جس سے روزگار کے ساتھ ساتھ ہماری ثقافت کو بھی فروغ ملتا ہے۔ پنجاب میں کھڈّی پر بننے والی اعلیٰ معیار کی سوسی، بوسکی، کھیس، چُنری، کرنڈی، اور شال کی دنیا بھر میں مانگ ہے۔



چنیوٹی فرنیچر



کاشی کاری



پشمینہ شال



اونٹ کی کھال کے لیمپ



اِبراگی ٹوپی



اَجرک

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

پاکستان میں بننے والے دیدہ زیب برتنوں کو دنیا بھر میں برآمد کیا جاتا ہے۔پنجاب کا شہر گجرات چینی مٹی کے برتن بنانے کا اہم مرکز ہے۔ ملتان کی کاشی کاری اور اونٹ کی کھال کے لیمپ، بہاول پور کی مٹی کی صراحیاں و دیگر ظروف اور چنیوٹ کے لکڑی کے فرنیچر کی بہت مانگ ہے۔سندھ میں بننے والی سندھی ٹوپی اور اجرک کو پسند کیا جاتا ہے۔آزاد کشمیر کی شالیں اور کڑھائی والے کپڑے خوب صورتی کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہیں۔اسی طرح گلگت بلتستان میں بھی کڑھائی، مینا کاری اور کشیدہ کاری میں نہایت عمدہ اور نفیس کام ہوتا ہے۔یہاں کے ایراگی ٹوپی، چوغے اور گرم کوٹ مشہور ہیں۔خیبر پختونخوا عمدہ شالوں اور چمڑے سے تیار کردہ پشاوری چپل کی وجہ سے مشہور ہے۔یہاں کشیدہ کاری میں شیشے، تِلّہ، اُون اور ریشم کے دھاگوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔

## لوک گیت (Folk Songs)

پاکستان کے علاقائی لوک گیت زبانوں کے اعتبار سے اپنا اپنا مزاج، لہجہ اور خاص انداز رکھتے ہیں۔ ماہیا پنجابی لوک ادب کی پہچان ہے۔اس کے علاوہ یہاں کے مشہور لوک گیت سمّی، لوری، تھال، بولی، ڈھولا اور چھلّا ہیں۔ اسی طرح دھمال اور ہو جمالو سندھ جب کہ بلوچی لیوا، چاپ اور جھومر بلوچستان کے خاص لوک رقص ہیں۔ صوبہ خیبر پختونخوا کے اتنڑ، خٹک ڈانس اور چترال کا ڈانس مشہور رقص ہیں۔گلگت بلتستان کا تلوار کی جھنکار پر رقص مشہور ہے۔

> **کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
> **Do you want to know more?**
> ٹپہ پشتو شاعری کی ایک مشہور صنف ہے۔
> ماہیا کو پشتو میں ٹپہ کہا جاتا ہے۔

## کثیرالثقافتی معاشرے کے فوائد (Advantages of Multicultural Society)

ہم ایک کثیرالثقافتی ملک میں رہتے ہیں۔ یہاں ثقافتی تنوع ہے۔ثقافت کا ہر انداز دوسرے سے مختلف اور منفرد ہے۔کثیرالثقافتی معاشرے کے اہم فوائد درج ذیل ہیں:

> **کرتے ہیں کچھ نیا!**
> **Let's do something new!**
> پاکستان کے مختلف علاقوں میں پہنے جانے والے ملبوسات اور پکوانوں کی تصاویر جمع کریں۔ ان تصاویر کو ایک چارٹ پیپر پر چسپاں کرکے کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

- مختلف ثقافتی پس منظر والے افراد جب مل جُل کر رہتے ہیں تو اس سے معاشرے میں امن، بھائی چارے اور رواداری کی فضا قائم ہوتی ہے اور معاشرہ خوشحال ہوتا ہے۔
- لوگ ایک دوسرے کے ثقافتی فرق (Cultural Difference) کو سمجھتے ہوئے ایک دوسرے کا احترام کرنا سیکھتے ہیں۔
- کثیرالثقافتی معاشرے میں مختلف پس منظر اور تجربات رکھنے والے لوگ شامل ہوتے ہیں جو مسائل کو تخلیقی انداز سے حل کرتے ہیں۔
- مختلف قسم کے لباس، پکوان، کھیلوں، زبانوں اور فنون کے امتزاج سے رسم ورواج اور ثقافت میں نمایاں تبدیلیاں اور نت نئے انداز سامنے آتے ہیں۔

### میں نے سیکھا! (I have learnt!)

- قومیت کے جذبے کو فروغ دینے کے لیے ہمیں ایک دوسرے کے سماجی، معاشی اور معاشرتی حقوق کا خیال رکھنا چاہیے۔
- ہمارے ملک میں مختلف ثقافتی پسِ منظر والے لوگ آباد ہیں جیسا کہ پنجابی، سندھی، بلوچی، پختون، سرائیکی، بلتی اور کشمیری وغیرہ۔
- پاکستان کے تمام ثقافتی گروہوں کا مخصوص طرزِ زندگی ہے۔
- کثیرالثقافتی معاشرے میں مختلف اقدار، روایات اور نظریات کو فروغ ملتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i ثقافت سے کیا مراد ہے؟

ii پاکستان میں پائے جانے والے مختلف پاکستانی ثقافتی گروہوں کے نام لکھیں۔

iii گلگت بلتستان اور کشمیر میں لوگ کون سی زبانیں بولتے ہیں؟

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i پاکستان کی دست کاریاں کیوں مشہور ہیں؟

ii کثیر الثقافتی معاشرے سے کیا مراد ہے؟ آپ کے خیال میں کثیر الثقافتی معاشرے کی خوبیاں اور خامیاں کیا ہیں؟

iii صوبوں اور مختلف علاقوں کی ثقافتوں میں آپ کو کیا چیز پسند ہے اور کیوں؟

3۔ آپ پاکستان کے کس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں؟ اس علاقے کی چند ایک ثقافتی خصوصیات بیان کریں۔

پنجاب | سندھ | بلوچستان | خیبر پختونخوا | گلگت بلتستان | آزاد جموں و کشمیر

میرا تعلق __________ سے ہے۔ میرے علاقے کی ثقافتی خصوصیات درج ذیل ہیں:

___________________________________________

___________________________________________

___________________________________________

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی 1:** اپنے علاقے کا کوئی سا مشہور لوک گیت سنائیں۔

**سرگرمی 2:** اپنے سکول میں ثقافتی دن منائیں۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو اپنے علاقے کے مختلف لوک گیتوں کے بارے میں بتائیں۔ انھیں چند ایک لوک گیت یاد کر کے جماعت کے سامنے پیش کرنے کو کہیں۔
- ثقافتی دن منانے میں طلبہ کی مدد کریں۔ طلبہ کو پاکستان کے مختلف ثقافتی گروہوں کے مطابق تیار ہو کر آنے اور ٹیبلو پیش کرنے کو کہیں۔



NOT FOR SALE

# ذرائعِ اِبلاغ
# ( Means of Communication)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ماس میڈیا (Mass Media) اور سوشل میڈیا (Social Media) کی تعریف کر سکیں اور ان کے مابین فرق کر سکیں۔
- مختلف ذرائعِ اِبلاغ (Means of Communication) کے فوائد اور نقصانات کی نشان دہی کر سکیں۔

ذرائعِ اِبلاغ (Means of Communication) سے مراد ایسے ذرائع ہیں جن کے ذریعے سے ہم پیغامات، معلومات اور اطلاعات دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ ماضی میں لوگ مختلف طریقوں سے اپنے پیغامات اور معلومات دوسروں تک پہنچاتے تھے۔ پیغامات بھیجنے اور وصول کرنے کے لیے کبھی کبوتروں کا استعمال کیا جاتا، کبھی با آوازِ بلند لوگوں کو خبر دی جاتی اور کبھی خط کتابت کی جاتی تھی۔ بادشاہوں نے ڈھول یا نقارے پر ضرب لگا کر منادی کا طریقہ اپنایا۔ ان تمام ذرائع ابلاغ سے معلومات دوسروں تک پہنچانے میں کافی وقت صرف ہوتا تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ذرائعِ اِبلاغ میں انقلاب آیا اور جدید ذرائع اِبلاغ کا استعمال کرتے ہوئے آج ہم فوراً ایک دوسرے سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

جدید ذرائعِ ابلاغ میں ٹیلی فون، ٹیلی وژن، ای میل (برقی مراسلہ)، انٹرنیٹ اور موبائل فون وغیرہ شامل ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- قدیم زمانے میں لوگ پیغام رسانی کے لیے کن ذرائع کا استعمال کرتے تھے؟
- آپ کن ذرائعِ اِبلاغ کا استعمال کرتے ہیں؟ چند ذرائع کے نام تحریر کریں۔

اِبلاغ کے بہت سے طریقے ہیں جیسا کہ:

1۔ ماس میڈیا (وسیع پیمانے کے ابلاغ) (Mass Media)

2۔ سوشل میڈیا (سماجی رابطے کا ذریعہ) (Social Media)

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

عام طور پر ذرائع اِبلاغ کی دو بڑی اقسام پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا ہیں ۔ پرنٹ میڈیا میں وہ تمام ذرائع شامل ہیں جن کی مدد سے لکھ کر پیغام ایک دوسرے تک پہنچاتے ہیں جیسا کہ اخبار اور رسائل وغیرہ۔ الیکٹرانک میڈیا میں وہ تمام ذرائع شامل ہیں جس میں برقی توانائی کا استعمال کرتے ہوئے معلومات دوسروں تک پہنچائی جاتی ہے، جیسا کہ ریڈیو، ٹیلی وژن کمپیوٹر اور موبائل فون وغیرہ۔

## 1۔ ماس میڈیا (Mass Media)

معلومات کو زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لیے وسیع پیمانے کے ذرائع اِبلاغ استعمال ہوتے ہیں۔ یہ ماس میڈیا کہلاتے ہیں جیسا کہ اخبار، رسائل، ٹیلی وژن، ریڈیو اور انٹرنیٹ وغیرہ۔

### اخبارات اور رسائل (Newspapers and Magazines)




اخبار

اخبارات (Newspapers) اور رسائل (Magazines) معلومات کا اہم ذریعہ ہیں مختلف خبر رساں ادارے اخبارات کے ذریعے سے تازہ ترین اطلاعات، واقعات، تجزیے اور اشتہارات عوام تک پہنچاتے ہیں۔ ان اخبارات سے قومی اور بین الاقوامی واقعات اور منصوبوں کے بارے میں معلومات ملتی ہیں۔ ہمارے ملک میں اخبارات اردو، انگریزی اور علاقائی زبانوں میں چھپتے ہیں۔ اخبارات کے علاوہ ہفتہ وار اور ماہوار رسالے بھی چھپتے ہیں۔ ان رسالوں میں حالات حاضرہ تعلیم، مذہب، سائنس، صنعت اور دیگر علمی و ادبی موضوعات کے بارے میں معلومات دی جاتی ہیں۔ ان میں دل چسپ کہانیاں، لطائف اور اشتہارات بھی چھپتے ہیں۔

### ریڈیو اور ٹیلی وژن (Radio and Television)



ریڈیو اور ٹیلی وژن

ریڈیو (Radio) الیکٹرانک میڈیا کی ایک قسم ہے۔ ریڈیو ٹیکنالوجی میں صوتی لہروں (Sound Waves) کا استعمال کرتے ہوئے معلومات کو آواز کے ذریعے سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جاتا ہے، جب کہ ٹیلی وژن پر آواز کے ساتھ ساتھ تصویر بھی دکھائی جاتی ہے۔ ٹیلی وژن اور ریڈیو سے حالاتِ حاضرہ سے آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ کاروباری، تعلیمی، تفریحی پروگراموں کے ساتھ ساتھ ڈراما سیریل، حالات حاضرہ پروگرام کھیلوں کے مقابلے اور دستاویزی پروگرام نشر ہوتے ہیں۔ پاکستان میں ایف ایم (FM) ریڈیو نشریات بھی بہت مقبول ہیں۔

برائے اساتذہ

• طلبہ کو ذرائع اِبلاغ اور ان کے استعمال کے بارے میں بتائیں۔ مختلف تصاویر کی مدد سے ذرائع اِبلاغ کی پہچان کروائیں۔ انھیں اِبلاغ کے مختلف طریقوں کے بارے میں بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## کمپیوٹر اور انٹرنیٹ (Computer and Internet)



انٹرنیٹ کا استعمال

کمپیوٹر (Computer) معلومات اور پیغام رسانی کا جدید ذریعہ ہے۔ کمپیوٹر کے ساتھ اگر انٹرنیٹ (Internet) کی سہولت موجود ہو تو پوری دنیا سے معلومات کا حصول انتہائی آسان اور تیز ہو جاتا ہے۔ انٹرنیٹ سے مختلف کتابوں، لغات، رسائل اور اخبارات کا مطالعہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ تحقیقی مواد (Research Material) تک بھی رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے۔ اس کی مدد سے ہم زندگی کے تمام شعبہ جات سے متعلق آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔ طلبہ گھر بیٹھے دنیا بھر کی ای لائبریریوں سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

## 2۔ سوشل میڈیا (Social Media)

سوشل میڈیا (Social Media) اِبلاغ کی جدید ترین شکل ہے۔ اس سے مراد ایپلی کیشنز (Applications) اور اِبلاغ کے دیگر آن لائن (Online) ذرائع ہیں، جن کی مدد سے لوگوں کی بڑی تعداد کے مابین سماجی روابط قائم ہوتے ہیں۔ اس ذریعے سے لوگ مختلف ایپلی کیشنز کا استعمال کرتے ہوئے معلومات، خیالات، پیغامات اور ویڈیو پیغام ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرتے ہیں۔ ان ایپلی کیشنز میں یوٹیوب (Youtube)، فیس بک (Facebook)، وٹس ایپ (WhatsApp)، ایکس (X)، ویمیو (Vimeo)، سکائپ (Skype)، ایمو (Imo)، سنیپ چیٹ (Snapchat)، بلاگز (Blogs) اور لنکڈ ان (Linkedin) وغیرہ شامل ہیں۔

موبائل فون، لیپ ٹاپ اور ٹیبلٹ (Tablet) وغیرہ نمایاں سماجی ذرائع اِبلاغ ہیں۔

فیس بُک — ایکس — وٹس ایپ — یوٹیوب — ایمو

بلاگز — لنکڈ ان — ویمیو — سکائپ — سنیپ چیٹ

**ذرا رُکیں اور بتائیں**

**Hold on Please and tell**

آپ تعلیمی معلومات حاصل کرنے کے لیے کن ذرائع کا استعمال کرتے ہیں؟

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## ذرائعِ اِبلاغ کے فوائد (Advantages of Means of Communication)

موجودہ دور میں ذرائعِ اِبلاغ کا استعمال بہت زیادہ بڑھ گیا ہے۔ ان ذرائع کے بہت سے فوائد ہیں، جیسا کہ:

- یہ تفریح کا بہت بڑا ذریعہ ہیں۔
- ٹیلی وژن، ریڈیو، اخبارات اور موبائل کی مدد سے لوگ حالاتِ حاضرہ سے آگاہ رہتے ہیں۔ انٹرنیٹ اور موبائل فون کے ذریعے سے مختصر وقت میں معلومات کو ایک جگہ سے دوسری جگہ با آسانی منتقل کیا جا سکتا ہے۔
- جدید ذرائعِ اِبلاغ کی مدد سے تعلیم، بینکاری، صحّت، معیشت، کاروبار اور دیگر شعبوں سے متعلق معلومات آسانی سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔
- یہ ذرائع عوامی مسائل کو نمایاں کر کے حکام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

1962ء میں سب سے پہلے عالمی گاؤں (Global Village) کی اصطلاح کینیڈا کے ایک (Media Theorist) مارشل میک لوہان (Marshall Mcluhan) نے اپنی کتاب میں استعمال کی تھی۔ اس کے مطابق تیز ترین ذرائعِ اِبلاغ کے استعمال سے پوری دنیا کے حالات سے ہم ایسے باخبر رہ سکتے ہیں جس طرح ایک گاؤں میں ہمیں ہر چیز کی خبر ہوتی ہے۔

## ذرائعِ اِبلاغ کے نقصانات (Disadvantages of means of Communication)



ذرائعِ ابلاغ

ذرائعِ ابلاغ کے جہاں بہت سے فوائد ہیں، وہاں اس کے نقصانات بھی ہیں جیسا کہ:

- ٹیلی وژن، کمپیوٹر اور موبائل فون کے مسلسل اور بے جا استعمال سے صحّت پر منفی اثر پڑتا ہے مثلاً ذہنی اور جسمانی تھکاوٹ، آنکھوں اور جلد کا متاثر ہونا وغیرہ۔
- بچّے اپنا زیادہ تر وقت پڑھائی کے بجائے ٹیلی وژن یا کمپیوٹر پر کارٹون دیکھنے اور گیم کھیلنے میں ضائع کر دیتے ہیں۔
- سوشل میڈیا یا ایپلی کیشنز (Applications) کے استعمال سے باہمی بالمشافہ (Face to face) میل جول میں کمی واقع ہوتی ہے۔
- تحقیق، تجسس اور کتب کے مطالعہ کے بجائے انٹرنیٹ کی فوری معلومات پر اکتفا کرتے ہیں۔
- بعض اوقات کسی کے بارے میں بغیر تصدیق کیے باتیں کہہ دی جاتی ہیں۔

**میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)**

- جدید دور میں موبائل فون، ٹیلی وژن، کمپیوٹر، انٹرنیٹ وغیرہ تیز ترین ذرائعِ ابلاغ ہیں۔
- وسیع پیمانے کے ذرائع اور سماجی رابطے کے ذرائعِ اِبلاغ کی دو بڑی قسمیں ہیں۔
- ذرائعِ ابلاغ کے جہاں بہت سے فائدے ہیں، وہیں ان کے نقصانات بھی ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i ذرائع اِبلاغ سے کیا مراد ہے؟

ii جدید ذرائع اِبلاغ کے نام بتائیں۔

iii انٹرنیٹ کے کوئی سے دو فوائد اور نقصانات تحریر کریں۔

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

ماحولیاتی مسائل اور ان کے حل کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

https://www.britannica.com/explore/savingearth/causes-and- solutions-2

https//:www.unep.org/

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i سوشل میڈیا سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت واضح کریں۔

ii ریڈیو اور ٹیلی وژن اطلاعات اور معلومات پہنچانے میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

iii وسیع پیمانے پر اطلاعات پہنچانے والے ذرائع ابلاغ کی اقسام مثالوں کے ذریعے سے بتائیں۔

3۔ اگر آپ کو اپنے علاقے کے بارے میں کوئی خاص خبر یا اطلاع لوگوں تک پہنچانی ہو تو آپ اِبلاغ کے کس ذریعے کا انتخاب کریں گے اور کیوں؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی 1:** اپنی جماعت کا ایک تعلیمی رسالہ مرتب کریں۔

**سرگرمی 2:** عوام میں معاشرتی یا ماحولیاتی مسائل سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے پوسٹر تیار کریں۔

درخت لگائیں۔ | ٹریفک قوانین کی پابندی کریں۔ | پانی ضائع مت کریں۔ | ماحول صاف رکھیں۔

**برائے اساتذہ**

- طلبہ کو کمرا جماعت کا تعلیمی رسالہ/ اخبار مرتب کرنے میں مدد دیں۔ اس رسالے/ اخبار میں معلوماتی مضامین تعلیمی کارکردگی، اداریے، اہم خبریں، لطائف اور موسم پر رپورٹیں وغیرہ شامل کرنے میں راہنمائی کریں۔ ان سے متعلق تصاویر جمع کر کے رسالہ مکمل کریں اور بعدازاں لائبریری کے میگزین سیکشن میں رکھیں تاکہ دوسرے طلبہ اس سے مستفید ہو سکیں۔
- طلبہ کو معاشرتی اور ماحولیاتی مسائل کے بارے میں بتائیں۔ انھیں گروہوں میں تقسیم کریں اور ان مسائل سے متعلق معلومات اکٹھی کرنے کو کہیں۔ طلبہ کو ان مسائل سے متعلق پیغامات کے پوسٹر بنانے میں مدد کریں۔ پوسٹر تیار کرنے کے بعد آگاہی مہم کے ذریعے سے دوسرے طلبہ میں معاشرتی اور ماحولیاتی شعور بیدار کریں۔



NOT FOR SALE

## مشق (Exercise)

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) کا نشان لگائیں۔

i۔ ماہیا لوک گیت ہے:

(الف) خیبر پختونخوا کا (ب) پنجاب کا (ج) بلوچستان کا (د) سندھ کا

ii۔ پیغامات اور معلومات پہنچانے کا قدیم ذریعہ ہے:

(الف) ریڈیو (ب) ٹیلی وژن (ج) ڈھول (د) انٹرنیٹ

iii۔ چپلی کباب، کابلی پلاؤ اور روغن جوش معروف پکوان ہیں:

(الف) سندھ کے (ب) پنجاب کے (ج) خیبر پختونخوا کے (د) بلوچستان کے

iv۔ اِبلاغ کی جدید ترین شکل ہے:

(الف) پرنٹ میڈیا (ب) الیکٹرانک میڈیا (ج) سوشل میڈیا (د) سینما

v۔ ذہنی اور جسمانی صحّت متاثر ہوتی ہے:

(الف) اخبارات سے (ب) موبائل فون سے (ج) ریڈیو سے (د) رسائل سے

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

2۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

i۔ میلا چراغاں اور میلا جشنِ بہاراں صوبہ سندھ کے مشہور میلے ہیں۔ ☐

ii۔ اَجرک سندھی لباس کا خاص حصّہ ہے۔ ☐

iii۔ بلوچی کشیدہ کاری میں شیشے، تِلّہ، اُون اور ریشم کے دھاگوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ☐

iv۔ انٹرنیٹ پیغام رسانی کا تیز ترین ذریعہ ہے۔ ☐

v۔ سوشل میڈیا اِبلاغ کی پرانی قسم ہے۔ ☐

3۔ سوشل میڈیا کے نام تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |



NOT FOR SALE

باب سوم

# ریاست اور حکومت
# (State and Government)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- وفاقی حکومت (Federal Government) کی ضرورت کی وجہ بیان کر سکیں۔
- وفاقی (Federal)، صوبائی (Provincial) اور مقامی (Local) سطح پر حکومت سازی کا موازنہ کر سکیں۔
- آئین کی اہمیت (Importance of Constitution) سمجھ سکیں۔
- 1973ء کے آئین کے مطابق شہریوں کے حقوق اور ذمہ داریوں (Rights and Responsibilities) پر بحث کر سکیں۔
- غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف قانون کی بالادستی (Rule of Law) کی اہمیت بیان کر سکیں۔
- جمہوری نظام (Democratic System) میں سیاسی جماعتوں (Political Parties) کے افعال بیان کر سکیں۔
- پاکستان میں وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومت کے باہمی انحصار (Interdependence) کی وضاحت کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

کسی ریاست کا نظام چلانے کے لیے حکومت تشکیل دی جاتی ہے۔ حکومت ریاست اور شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتی ہے۔ دنیا میں مختلف اقسام کے نظامِ حکومت قائم ہیں، جن میں بادشاہت، آمریت، جمہوریت اور دیگر طرزِ حکومت شامل ہیں۔

ان سب میں پسندیدہ طرزِ حکومت جمہوریت ہے کیوں کہ یہ عوام کی حکومت ہوتی ہے۔ اس میں لوگ حکومتی نمائندوں کا انتخاب اپنے ووٹوں کے ذریعے سے کرتے ہیں۔

## سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- بادشاہت اور جمہوریت میں کیا فرق ہے؟ ______________________
- جمہوری حکومت کے کوئی سے تین فائدے تحریر کریں۔




1. ______________________
2. ______________________
3. ______________________



NOT FOR SALE

## وفاقی حکومت کی ضرورت (Need of Federal Government)

اسلامی جمہوریہ پاکستان چار صوبوں ( پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان )، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد پر مشتمل ایک وفاق ہے۔ وفاقی حکومت مرکزی حکومت ہوتی ہے جو پورے ملک کا نظم ونسق چلاتی ہے۔ پاکستان کے تمام صوبوں میں حکومت سازی کے لیے وفاقی حکومت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ حکومت ملکی معیشت، دفاع، خارجہ امور اور دیگر انتظامی امور سرانجام دیتی ہے۔ وفاقی حکومت کا مقصد عالمی سطح پر ملک کی نمائندگی کرنا اور دوسرے ممالک سے تعلقات استوار کرنے کے لیے خارجہ پالیسی بنانا بھی ہے۔

## وفاقی، صوبائی اور مقامی سطح پر حکومت سازی کا موازنہ
## (Comparison of the Formation of Government at Federal, Provincial and Local Level)

حکومت کے بہت سے درجے ہیں جیسا کہ وفاقی حکومت، صوبائی حکومت اور مقامی حکومت۔ آیئے! وفاقی، صوبائی اور مقامی سطح پر حکومت سازی کے بارے میں جانتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### وفاقی حکومت (Federal Government)

پاکستان میں وفاقی نظام حکومت (Federal System of Government) رائج ہے۔ پاکستان کے عوام قومی اسمبلی، صوبائی اسمبلی اور مقامی اداروں کے لیے نمائندوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ قومی اسمبلی کے ارکان پاکستان کے وزیراعظم کا انتخاب کرتے ہیں۔ وزیراعظم وفاقی حکومت کا سربراہ (Head of Federal Government) ہوتا ہے۔ وہ وفاقی حکومت کے تمام امور چلانے کے لیے اپنی کابینہ تشکیل دیتا ہے۔ یہ کابینہ وزرا اور مشیروں پر مشتمل ہوتی ہے، جو مختلف وزارتوں (مالیات، قانون، دفاع، امورِ خارجہ و داخلہ وغیرہ) کے سربراہ اور مشیر ہوتے ہیں۔ وزیراعظم ان کی قیادت کرتا ہے۔


پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد

صدرِ پاکستان ریاست کا سربراہ (Head of State) ہوتا ہے۔ صدر کا انتخاب پارلیمنٹ کے دونوں ایوان اور صوبائی اسمبلیوں کے ارکان مل کر کرتے ہیں۔

### صوبائی حکومت (Provincial Government)


پنجاب اسمبلی، لاہور

پاکستان کے ہر صوبے کی الگ صوبائی حکومت ہوتی ہے۔ صوبائی اسمبلی اپنے صوبے کے وزیراعلیٰ کا انتخاب کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ صوبے کی انتظامیہ کا سربراہ ہوتا ہے۔ وزیراعلیٰ صوبائی کابینہ تشکیل دیتا ہے۔ صوبائی حکومت اپنے صوبے کے معاملات کی نگرانی کرتی ہے اور شہریوں کو تعلیم، صحّت اور جان و مال کے تحفّظ جیسے بنیادی حقوق



NOT FOR SALE

کی فراہمی کو یقینی بناتی ہے۔صوبائی حکومت کو تعلیم،صحّت،صنعت، زراعت،صوبائی محصولات، ذرائع آمدورفت اور دیگر بہت سے کاموں پر اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔صوبائی حکومت بہتر نظم و نسق چلانے اور نچلی سطح تک لوگوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے مقامی حکومتی ادارے بھی قائم کرتی ہے۔



گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کی 33 نشستیں ہیں،جن میں سے 24 پر براہِ راست انتخابات منعقد ہوتے ہیں، جب کہ 6 نشستیں خواتین اور 3 نشستیں ٹیکنوکریٹس کے لیے مخصوص ہیں۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟ Do you want to know more?**

گورنر صوبے کا سربراہ (Head of Province) ہوتا ہے، جس کو صدرِ پاکستان نامزد کرتا ہے۔

## مقامی حکومت (Local Government)

مرکزی اور صوبائی حکومت کے بعد تیسرا درجہ مقامی حکومت (Local Government) کا ہے۔ایسی حکومت جو کسی شہر، قصبے یا ضلع کا انتظام کرے اور اس سے متعلق فیصلہ سازی کرے مقامی حکومت کہلاتی ہے۔اس کے حکومتی منتظمین میں میئر، چیئرمین اور کونسلرز وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔یہ لوگ صوبائی حکومت کے بنائے ہوئے قوانین کے مطابق کام کرتے ہیں۔مقامی ترقیاتی کاموں کے حوالے سے زیادہ تر اختیارات صوبائی حکومت کے پاس ہوتے ہیں اور صوبائی حکومت ہی مقامی اداروں کو ترقیاتی کاموں کے لیے مالی وسائل فراہم کرتی ہے۔ ہر صوبے میں مقامی حکومت کا اپنا ایک مخصوص ڈھانچا ہوتا ہے۔



ٹاؤن ہال،لاہور

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟ Do you want to know more?**

گلگت بلتستان میں سپریم کورٹ کو سپریم اپیلیٹ کورٹ (Supreme Appellate Court) جب کہ ہائی کورٹ کو چیف کورٹ (Chief Court) کہتے ہیں۔آزاد جموں و کشمیر میں سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ عدالتی ادارے ہیں۔ پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، اور بلوچستان ہائی کورٹس کے نام بالترتیب لاہور ہائی کورٹ، سندھ ہائی کورٹ، پشاور ہائی کورٹ، اور بلوچستان ہائی کورٹ ہیں۔

## وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومت کا باہمی انحصار
## (Interdependence of Federal, Provincial and Local Government)

وفاقی اور صوبائی حکومتیں عام انتخابات کے بعد تشکیل پاتی ہیں، جو ہر پانچ سال کے بعد منعقد کیے جاتے ہیں۔ پاکستان کے آئین کے مطابق وفاقی اور صوبائی حکومتوں میں اختیارات تقسیم کر دیے گئے ہیں۔تمام وفاقی ترقیاتی پروگرام پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قوانین کے تحت تیار کیے جاتے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرتی ہیں۔وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں کے درمیان پُل کا کردار ادا کرتی ہے۔وفاقی حکومت قومی اور بین الاقوامی معاملات کی نگرانی کرتی ہے۔صوبائی حکومتیں اپنے اپنے



NOT FOR SALE

صوبے کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتی ہیں، جب کہ مقامی حکومت ضلعی سطح پر نظم ونسق سنبھالتی ہے۔ بعض معاملات میں صوبائی حکومتیں خودمختار ہوتی ہیں لیکن بعض معاملات دونوں حکومتیں مل کر طے کرتی ہیں جیسا کہ ملکی اور صوبائی ترقیاتی کاموں کے لیے قومی وسائل کی تقسیم کے معاملات وغیرہ۔

آیئے! دیے ہوئے جدول کی مدد سے وفاقی، صوبائی اور مقامی سطح پر حکومتی اداروں کے اختیارات کے بارے میں جانیں۔

| وفاقی حکومت | صوبائی حکومت | مقامی حکومت |
| --- | --- | --- |
| ملکی دفاع (مسلح افواج کے امور) کی نگرانی کرتی ہے۔ | صوبے کا نظم نسق (قانون سازی، امن وامان کا قیام) چلاتی ہے۔ | سڑکوں اور راستوں سے تجاوزات ہٹانا، مویشی منڈیاں اور عوامی میلے منعقد کرتی ہے۔ |
| ملکی معیشت کو سنبھالتی ہے۔ | صوبائی محصولات کی نگرانی کرتی ہے۔ | پینے کے پانی کا بندوبست اور نکاسیِ آب کا انتظام دیکھتی ہے۔ |
| خارجہ پالیسی (بیرونی ممالک سے تعلقات) کے معاملات کی نگرانی کرتی ہے۔ | صوبوں کی داخلی پالیسی کے معاملات سنبھالتی ہے۔ | بیواؤں، یتیموں، معذوروں اور قدرتی آفات کے متاثرین کی مدد کرتی ہے۔ |

## آئین کی اہمیت (Importance of Constitution)

ہم ایک اسلامی جمہوری ملک میں رہتے ہیں اور اس کا آئین اسلامی اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ اس وقت ہمارے ملک میں 1973ء کا آئین نافذ ہے۔ اس کے مطابق پاکستان کا نام **اسلامی جمہوریہ پاکستان** ہے اور سرکاری مذہب اسلام ہے، کیوں کہ یہاں اکثریت مسلمانوں کی ہے۔ پاکستان میں دیگر مذاہب کے ماننے والے بھی بستے ہیں، جنھیں آئین کے مطابق بنیادی حقوق حاصل ہیں۔ اُردو ہماری قومی زبان ہے۔ پاکستان کا آئین ملک کا نظم ونسق چلانے کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ حکومت اور حکومتی اداروں (مقنّنہ، انتظامیہ، عدلیہ) کے لیے قوانین مہیا کرتا ہے اور ان اداروں کے اختیارات کا تعین بھی کرتا ہے۔ آئین بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی اور ان کے تحفّظ کو یقینی بناتا ہے۔ یہ شہریوں کو ان کی ذمّہ داریوں سے بھی آگاہ کرتا ہے۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**
پاکستان میں اب تک تین مختلف آئین (1956ء، 1962ء اور 1973ء) نافذ ہو چکے ہیں۔

آئین یا دستور (Constitution) بنیادی قوانین اور اصولوں کا ایسا مجموعہ ہوتا ہے جس کے مطابق کسی ریاست یا ملک کا نظم ونسق چلتا ہے۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو وفاقی حکومت کی ضرورت واہمیت سے آگاہ کریں۔ انھیں بتائیں کہ کس طرح وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر ملک کا نظام چلاتی ہیں۔ انھیں مقامی صوبائی اور وفاقی حکومت کا ڈھانچا سمجھاتے ہوئے حکومت کے تین اہم ستونوں کے افعال کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو اسلامی جمہوری ریاست کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ جمہوریت میں انتخابات کے ذریعے سے حکومتی نمائندے منتخب کیے جاتے ہیں۔ انھیں سیاسی جماعتوں کے افعال کے بارے میں بھی آگاہ کریں اور مشہور سیاسی جماعتوں کے نام بھی بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 1973ء کے آئین کے مطابق شہریوں کے حقوق اور ذمّہ داریاں
## (Rights and Responsibilities of Citizens according to the 1973 Constitution)

1973ء کے آئین کے مطابق پاکستانی شہریوں کے بنیادی حقوق اور ذمّہ داریاں درج ذیل ہیں:

### شہریوں کے حقوق (Rights of Citizens)

- ہر شہری کو بلا امتیاز جانی و مالی تحفّظ کا حق حاصل ہے۔
- ہر شہری کو اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے۔
- ہر شہری کو تجارت، کاروبار اور کوئی بھی جائز پیشہ اختیار کرنے کا حق حاصل ہے۔
- تقریر و تحریر کی آزادی ہر شہری کا حق ہے۔
- ہر شہری کو جائیداد حاصل کرنے، رکھنے اور بیچنے کا حق حاصل ہے۔
- ہر شہری کو ملک میں آزادانہ نقل و حرکت، اجتماعات میں شمولیت اور جماعت سازی کا حق حاصل ہے۔
- آئین کے تحت 5 سے 16 سال کی عمر کے تمام بچّوں کو مفت اور لازمی تعلیم کا حق دیا گیا ہے۔

**ذرا رُکیں اور بتائیں!**
**Hold on Please and tell!**
کیا آپ کو اپنے بنیادی کے حقوق حاصل ہیں، اگر نہیں تو کیوں؟

**کرتے ہیں کچھ نیا!**
**Let's do something new!**
آئین کے تحت 14 سال سے کم عمر بچّوں سے مزدوری (Child Labour) کروانا ممنوع ہے۔
چائلڈ لیبر (Child Labour) کو کنٹرول کرنے کے لیے تجاویز دیں۔

### شہریوں کی ذمّہ داریاں (Responsibilities of Citizens)

حقوق کے ساتھ ساتھ شہریوں پر کچھ ذمّہ داریاں (Responsibilities) بھی عائد ہوتی ہیں، مثلاً

- ملک کے وفادار ہوں اور ضرورت پیش آنے پر ملک کے دفاع میں اپنا کردار ادا کریں۔
- ووٹ کا درست استعمال کریں۔
- ملکی قوانین کا احترام اور ان کی پابندی کریں۔
- ٹیکس وقت پر اور ایمان داری سے ادا کریں۔
- دوسروں کے حقوق، عقائد اور رائے کا احترام کریں۔
- سرکاری املاک کی حفاظت کریں۔



بیلٹ بکس

**سماجی انصاف (Social Justice)**

لوگوں کو برابری کی سطح پر شہری اور انسانی حقوق کا ملنا سماجی انصاف کہلاتا ہے۔ ان حقوق کا نہ ملنا سماجی ناہمواریوں کو پیدا کرتا ہے۔ پاکستان میں بہت سی سماجی ناہمواریاں ہیں۔ مثال کے طور پر مناسب روزگار کی کمی، بچّوں سے مزدوری کروانا (Child Labour) وغیرہ۔ ان مسائل سے نمٹنے اور ان کے خاتمے کے لیے حکومت کوشش کر رہی ہے۔

Web version of PECTAA textbook not for sale



NOT FOR SALE

## قانون کی بالادستی کی اہمیت (Importance of the Rule of Law)



قانون کی بالادستی

ملک کے تمام قوانین آئین (Constitution) کی روشنی میں مرتّب کیے جاتے ہیں۔ قانون کی نظر میں تمام شہری برابر ہوتے ہیں۔ ملکی قوانین تمام شہریوں پر یکساں طور پر لاگو ہوتے ہیں۔ جو لوگ ناانصافی کرتے ہیں یا کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہوتے ہیں، انھیں قوانین کے مطابق ہی سزا دی جاتی ہے۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں۔ Do you want to know more?**

کسی بھی مقدّمے کی سماعت سب سے پہلے سول یا سیشن کورٹ میں ہوتی ہے۔ ان عدالتوں میں سول جج اور سیشن جج تعینات ہوتے ہیں۔ مقدمہ کے فریقین کو اگر ان عدالتوں کا فیصلہ نامنظور ہو تو وہ ہائی کورٹ میں اس فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔ ملک کے چاروں صوبوں میں ہائی کورٹس قائم ہیں۔ ہائی کورٹ میں چیف جسٹس آف ہائی کورٹ سربراہ ہوتا ہے۔ اگر ہائی کورٹ کا فیصلہ بھی منظور نہ ہو تو سپریم کورٹ سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔ سپریم کورٹ ملک کی سب سے اعلیٰ عدالت ہوتی ہے۔ اس کا سربراہ چیف جسٹس آف پاکستان کہلاتا ہے۔ تمام مقدمات میں سپریم کورٹ کا فیصلہ حتمی ہوتا ہے۔

## سیاسی جماعتیں (Political Parties)

ایک ملک میں مختلف سیاسی جماعتیں (Political Parties) ہوتی ہیں۔ ہر سیاسی جماعت کا اپنا خاص نظریہ اور منشور ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ عوام میں مقبولیت حاصل کرتی ہے۔ ہر سیاسی جماعت کا ایک لیڈر ہوتا ہے جو اپنی جماعت کو فعال بناتا ہے۔ انتخابات کے بعد زیادہ نشستیں لینے والی سیاسی جماعت اپنی حکومت قائم کرتی ہے۔ پاکستان ایک جمہوری ملک ہے۔ جمہوری نظامِ حکومت میں لوگ ووٹوں کے ذریعے سے نمائندوں کو منتخب کرتے ہیں۔ بعد ازاں یہ نمائندے حکومتی معاملات سنبھالتے ہیں۔ یہ نمائندے سیاسی جماعتوں کے رکن ہوتے ہیں۔



انتخابات میں ووٹ کا استعمال

## سیاسی جماعتوں کے افعال (Functions of Political Parties)

آیئے! سیاسی جماعتوں کے افعال کے بارے میں جانتے ہیں:-

- سیاسی جماعتیں اپنے منشور کے مطابق کام کرتی ہیں۔
- لوگوں میں سیاسی شعور پیدا کر کے انھیں ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرتی ہیں۔
- انتخاب میں حصّہ لیتی ہیں اور منتخب ہو کر لوگوں کے مسائل حل کرتی ہیں۔
- حکومت قائم کرنے کے بعد یہ ملک و قوم کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتی ہیں۔
- بین الاقوامی سطح پر ملک کی نمائندگی کرتی ہیں۔

**میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)**

- وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتیں مل کر ملک کا نظم و نسق چلاتی ہیں۔
- آئین بنیادی اصولوں اور قوانین کا ایک مجموعہ ہے جس کے تحت ملک کا نظم و نسق چلتا ہے۔
- پاکستان میں اس وقت 1973 کا آئین نافذ ہے۔
- سیاسی جماعتیں جمہوری نظام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

**1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔**

i) وفاقی حکومت کیوں ضروری ہے؟

ii) 1973ء کے آئین کے مطابق پاکستانی شہریوں کے کوئی سے تین حقوق تحریر کریں۔

iii) صوبائی حکومت کے اختیارات کی فہرست بنائیں۔

**2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔**

i) آئین اور اس کا اطلاق کس طرح بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی یقینی بناتا ہے؟

ii) سیاسی جماعتوں کے افعال واضح کریں۔

iii) وفاقی، صوبائی اور مقامی سطح پر حکومت سازی کا موازنہ کریں۔

## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی 1:** پاکستان میں موجود مختلف عدالتوں (سپریم کورٹ، ہائی کورٹس اور ضلعی عدالتوں) کو درجہ وار چارٹ کی مدد سے واضح کریں۔

**سرگرمی 2:** جمہوریت ایسا نظامِ حکومت ہے جس میں کسی ایک شخص کی حکمرانی نہیں ہوتی بلکہ ملک کے تمام لوگوں کی طرف سے منتخب نمائندے نظامِ حکومت چلاتے ہیں۔ جمہوری طرزِ عمل کو اپناتے ہوئے اپنی جماعت کا ایک ایسا نمائندہ منتخب کریں جو آپ کی جماعت کی نمائندگی کر سکتا ہو۔

**سرگرمی 3:** چند سماجی مسائل کی فہرست بنائیں اور ان کے حل کے لیے تجاویز دیں۔

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

پاکستان کے حکومتی ڈھانچے کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

http://www.democraticfoundation.com.pk/govt-structure-of-pakistan

**برائے اساتذہ**

- طلبہ کو درجہ وار چارٹ کی مدد سے پاکستان کی مختلف عدالتوں کے بارے میں سمجھائیں کہ وہ کس طرح کام کرتی ہیں۔ اس کے لیے انھیں گروہوں میں تقسیم کریں، انھیں کہیں کہ وہ مختلف عدالتوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ ایک چارٹ پیپر پر عدالتوں کے نام تحریر کریں۔ بعدازاں اپنے ہم جماعت طلبہ کو چارٹ دکھاتے ہوئے عدالتوں کا ڈھانچا واضح کریں۔
- جماعت میں ووٹ (الیکشن) کے ذریعے سے ایسا طالب علم منتخب کریں جو جماعت کی ترجمانی کر سکے۔
- طلبہ کے درمیان سماجی مسائل اور ان کے حل کے لیے تقریری مقابلے کا انعقاد کروائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## مشق (Exercise)

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) کا نشان لگائیں۔

i۔ پاکستان میں عام انتخابات منعقد کیے جاتے ہیں:

(الف) سال بعد (ب) 3 سال بعد (ج) 4 سال بعد (د) 5 سال بعد

ii۔ پاکستان میں اس وقت آئین نافذ ہے:

(الف) 1935ء کا (ب) 1956ء کا (ج) 1962ء کا (د) 1973ء کا

iii۔ مقنّنہ کے پاس اختیار ہے:

(الف) قانون بنانے کا (ب) قانون نافذ کرنے کا

(ج) انصاف کی فراہمی کا (د) مقدمات کی سماعت کا

iv۔ آئین کے تحت بچّوں سے مزدوری کروانا ممنوع ہے:

(الف) 14 سال سے کم عمر (ب) 15 سال سے کم عمر

(ج) 16 سال سے کم عمر (د) 17 سال سے کم عمر

v۔ کسی ریاست یا ملک کا نظم و نسق چلانے کے لیے بنیادی اصولوں کا مجموعہ کہلاتا ہے۔

(الف) ریاستی اصول (ب) اصول و قوانین (ج) حکومت (د) آئین

2۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

i۔ پسندیدہ طرزِ حکومت آمریت ہے۔ ☐

ii۔ ملک کے تمام قوانین، آئینی اصولوں کے مطابق مرتّب کیے گئے ہیں۔ ☐

iii۔ پاکستان میں بادشاہت کا نظام نافذ ہے۔ ☐

iv۔ وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں کے درمیان پُل کا کردار ادا کرتی ہے۔ ☐

v۔ ہر سیاسی جماعت کا اپنا ایک خاص نظریہ اور منشور ہوتا ہے۔ ☐

3۔ کوئی سی تین وزارتوں کے نام تحریر کریں۔

☐ ☐ ☐

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

باب چہارم

# تاریخ (History)

**حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)**

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یونانی، رومی اور گندھارا تہذیبوں کی نمایاں خصوصیات بیان کر سکیں۔

## تہذیبوں کا آغاز (The Beginning of Civilizations)

Web version of PECTAA textbook Not for sale

کسی خطے کے لوگوں کی معاشرتی، سماجی، معاشی، سیاسی اور مذہبی اقدار پر مبنی طرزِ زندگی اس کی تہذیب کہلاتی ہے۔ انسان غاروں اور پتھروں کے دور سے نکل کر اجتماعی زندگی کو اپنانے لگا اور یوں انسانی حیات ارتقائی منزلیں طے کرنے لگی۔ لوگوں کا انفرادی اور اجتماعی معیار بہتر ہوا اور انسان نے تہذیبی ترقی کے سفر کا آغاز کر دیا۔

انسانی زندگی جوں جوں اپنی منازل طے کرتی گئی، اس میں بتدریج نکھار آتا گیا۔ لوگ بہتر معیارِ زندگی اپنانے لگے۔ انسان ترقی کی منزلیں طے کرتا ہوا آگے بڑھا۔ رہن سہن کے نئے طریقوں کو اپنایا۔ معاشرے کا عمل وجود میں آیا۔ ریاستیں اور حکومتیں قائم ہوئیں اور انسانی تہذیب کے نئے دور کا آغاز ہوا۔

**سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)**

- تہذیب کسے کہتے ہیں؟
- دنیا کی اوّلین تہذیبوں میں سے تین کے نام لکھیں۔

**سن عیسوی Common Era (CE)**

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے بعد کے زمانے کو سن عیسوی کہتے ہیں۔

**قبل از مسیح Before Common Era (BCE)**

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے کے زمانے کو قبل از مسیح کہتے ہیں۔

اس باب میں ہم ان تین تہذیبوں کے بارے میں پڑھیں گے، جن میں یونانی تہذیب سب سے پرانی ہے۔

| یونانی تہذیب (Greek Civilization) | رومی تہذیب (Roman Civilization) | گندھارا تہذیب (Gandhara Civilization) |
|---|---|---|



NOT FOR SALE

# یونانی تہذیب (Greek Civilization) 1600 قبل از مسیح سے 146 قبل از مسیح

یونانی تہذیب آج سے قریباً چار ہزار سال قبل بحیرہ روم کے کنارے پروان چڑھی۔ یہ خطہ قدیم یونان، جنوب مشرقی یورپ اور ایشیا کے مختلف علاقوں پر مشتمل تھا۔ یہ خطّہ اپنے بلند و بالا پہاڑوں، عظیم سمندروں اور خوب صورت جزیروں کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور تھا۔




Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## چیٹن (Chiton)

قدیم یونانیوں کا لباس چیٹن تھا۔ یہ کپڑے کا ایک مستطیل ٹکڑا ہوتا تھا، جسے یونانی اپنے کندھے پر بروچ پن اور کمر پر بیلٹ کی مدد سے باندھ لیتے تھے۔



قدیم یونان کئی شہروں میں تقسیم تھا، جیسے ایتھنز (Athens)، سپارٹا (Sparta) تھیبز (Thebes) اور اولمپیا (Olympia)۔ ان شہروں کی اپنی حکومتیں، قوانین اور فوج تھی۔

ایتھنز اور سپارٹا قدیم یونان کے دو اہم شہر تھے۔ یہ دونوں آپس میں جنگ کرتے رہتے تھے۔ بعض اوقات یہ یونان کو غیر ملکی حملہ آوروں سے بچانے کے لیے متحد بھی ہو جاتے تھے۔ ان دونوں شہری ریاستوں کی ثقافت بالکل مختلف تھی۔ سپارٹا کے لوگ اپنا زیادہ تر وقت جنگ کرنے اور لڑنے کے طریقوں پر صرف کرتے تھے، جب کہ ایتھنز کے لوگ فنونِ لطیفہ (Arts) میں دلچسپی لیتے اور تعلیم پر زیادہ توجّہ دیتے تھے۔

قدیم یونانی بہت سے دیوتاؤں اور دیویوں کو پوجتے تھے۔ وہ زیوس (Zeus) کو ان تمام دیوتاؤں اور دیویوں کا حکمران مانتے تھے۔ انھوں نے ہر شہر میں عبادت گاہیں بنا رکھی تھیں، جن کی دیکھ بھال کے لیے مخصوص لوگ متعین تھے۔


NOT FOR SALE

قدیم یونان میں مدارس کا مربوط نظام موجود تھا جن میں مختلف علوم کی تعلیم دی جاتی تھی۔ یونانیوں نے جیومیٹری کی شکلوں کو ایک نظام کے تحت مرتب کر کے اعداد ایجاد کیے۔ یونانی اپنی بیشتر سرکاری عمارتوں اور مندروں میں ستونوں کا استعمال کرتے تھے۔ انھوں نے بڑے بڑے تھیٹر تعمیر کر رکھے تھے، جہاں ڈرامے پیش کیے جاتے تھے۔ قدیم یونانی گھروں کے درمیان میں صحن بنا ہوتا تھا اور ان کے اطراف میں مختلف کمرے ہوتے تھے۔ کمروں میں روشن دان بنے ہوتے تھے۔ قدیم یونان میں زیادہ تر لوگ کھیتی باڑی، ماہی گیری اور تجارت کرتے تھے۔ اس کے علاوہ کئی لوگ فوجی، عالم، سائنس دان اور فنکار تھے۔



قدیم یونانی جنگجو

**Do you want to know more? کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

معروف فلسفیوں اور دانش وروں سقراط (Socrates)، افلاطون (Plato)، ارسطو (Aristotle) اور سکندرِ اعظم (Alexander the Great) کا تعلّق اسی یونانی تہذیب سے ہے۔



پارتھینن مندر (Parthenon Temple)

یونان کے شہر ایتھنز میں ایکروپولس کے مقام پر واقع یہ عمارت قدیم یونانی ثقافت کی نمائندہ علامت ہے۔

### میراتھن (Marathon)

میراتھن کی ابتدا یونان سے ہوئی۔ اس کا آغاز فیڈی پائیڈس (Pheidippides) نامی ایک شخص نے کیا۔ اس نے سپارٹا کا 150 میل لمبا فاصلہ دوڑ کر طے کیا، تاکہ ایرانی فوج سے مدد حاصل کر سکے۔ اس کی وجہ سے یونانی یہ جنگ جیت گئے۔ جنگ جیتنے کے بعد اس نے فتح کا اعلان کرنے کے لیے پھر دوڑ لگا دی۔ اس نے میراتھن کے مقام سے ایتھنز کے مقام تک کا 25 میل لمبا فاصلہ بھی دوڑ کر طے کیا۔ یونانی اسے اپنا ہیرو مانتے ہیں۔

## اولمپک کھیل (Olympic Games)

دنیا میں اولمپک کھیل قدیم یونانیوں ہی نے متعارف کروائے۔ ان کھیلوں کا آغاز 776 قبل از مسیح میں یونان کے شہر اولپیا میں ہوا، اس لیے ان کو اولمپکس کا نام دیا گیا۔ ان کھیلوں میں میراتھن، کشتی اور باکسنگ وغیرہ شامل تھے۔ جدید اولمپکس کا آغاز بھی 1896ء میں یونان سے ہوا۔

## قدیم یونان کی ٹائم لائن (Timeline of Ancient Greeks)

- 776 قبل از مسیح: پہلے اولمپک کھیلوں کا آغاز
- 490 قبل از مسیح: یونان نے میراتھن کی جنگ میں ایرانیوں کو شکست دی
- 431 - 404 قبل از مسیح: ایتھنز اور سپارٹا کے درمیان جنگیں
- 335 قبل از مسیح: سکندر اعظم نے فتوحات کا آغاز کیا
- 323 قبل از مسیح: سکندر اعظم کی وفات
- 146 قبل از مسیح: رومیوں نے یونان فتح کیا

**برائے اساتذہ**

طلبہ کو قدیم یونان، قدیم روم، اور گندھارا تہذیب کے بارے میں دستاویزی (Documentary) دکھائیں اور ان تہذیبوں کی نمایاں خصوصیات کے بارے میں آگاہ کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## رومی تہذیب (Roman Civilization) 753 قبل از مسیح سے 476 عیسوی

رومی تہذیب دنیا کی وسیع اور طاقتور ترین تہذیبوں میں سے ایک تھی۔ اس تہذیب کا آغاز 753 قبل از مسیح روم سے ہوا، جو ایک چھوٹا قصبہ تھا۔ روم اب ایک ملک اٹلی کا دارالحکومت ہے۔ روم کی بنیاد اس کے پہلے بادشاہ، رومولس (Romulus) نے رکھی تھی۔ رومیوں نے طاقت کا استعمال کرتے ہوئے اپنی سلطنت کو وسعت دینا شروع کی۔

146 قبل از مسیح میں انھوں نے یونان فتح کرلیا۔ 117 عیسوی تک انھوں نے بحیرہ روم کے اردگرد کے تمام علاقوں اور یورپ کے دیگر علاقوں (انگلینڈ، ویلز اور سکاٹ لینڈ) پر بھی اپنی حکومت قائم کرلی۔



کلوسیم

**کلوسیم (Colosseum)**

کلوسیم روم میں قائم ایک بڑی تماشا گاہ تھی جس میں مختلف قسم کے مقابلے منعقد ہوتے تھے۔ اس میں قریباً 50,000 لوگ سما سکتے تھے۔ لوگ آج بھی پوری دنیا سے کلوسیم دیکھنے جاتے ہیں۔

قدیم روم ایک متنوّع معاشرے پر مشتمل ملک تھا۔ مختلف گروہ اپنے اپنے دیوتاؤں اور دیویوں کی پوجا کرتے تھے۔ یہ لوگ روحوں کی پوجا بھی کرتے تھے۔ ان کی زبان لاطینی (Latin) تھی۔ رومیوں نے رومن اعداد کا نظام متعارف کروایا، جو آج بھی استعمال ہو رہا ہے۔ رومن حروف تہجی کا اثر جدید دور کے انگریزی کے حروف میں بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ رومی ایک محنتی اور ذہین قوم تھی۔ وہ مختلف پیشوں سے منسلک تھے، جن میں کاشت کاری، معماری، فوج، تجارت، کاریگری، وکالت، تدریس اور فنکاری شامل تھے۔ قدیم روم میں حکومت کا ایک باقاعدہ نظام موجود تھا۔ لوگ سرکاری نوکریاں بھی کرتے تھے۔ رومی اعلیٰ درجے کے انجینئر اور معمار تھے۔ انھوں نے اپنی تعمیرات




Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

میں محرابوں اور گنبدوں کو شامل کیا۔ انھوں نے گھروں میں پانی پہنچانے کے لیے پکے نالے بنائے۔ رومیوں نے بہت سی وسیع و عریض عمارتیں تعمیر کیں۔ ان میں تماشا گاہیں (Amphitheaters)، غسل خانے/حمام (Bath Houses) اور کئی منزلہ رہائشی عمارات (Residential Apartments) شامل تھیں۔ رومی تہذیب میں خاندان کا سب سے طاقتور مرد حاکم ہوتا تھا۔ اس کے پاس خاندان کے ہر فرد کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار ہوتا تھا۔



**ٹیونک اور ٹوگا**
**(Tunic and Toga)**

ٹیونک قدیم روم کا ایک مخصوص لباس تھا۔ یہ سلی ہوئی دو اُونی چادروں پر مشتمل ہوتا تھا۔ ٹوگا ایک لمبی چادر ہوتی تھی، جسے وہ اپنے جسم کے گرد لپیٹ لیتے تھے۔

## قدیم روم کی ٹائم لائن (Timeline of Ancient Rome)

- 753 قبل از مسیح: روم کے پہلے بادشاہ رومولس (Romulus) نے روم شہر کی بنیاد رکھی
- 509 قبل از مسیح: روم میں جمہوری نظامِ حکومت کا آغاز ہوا
- 27 قبل از مسیح: رومی سلطنت کا قیام ہوا
- 64 عیسوی: روم کا بیشتر حصہ آگ لگنے کی وجہ سے جل گیا
- 80 عیسوی: کلوسیم (روم کی عظیم تماشا گاہ) کی تعمیر ہوئی
- 395 عیسوی: روم دو سلطنتوں میں تقسیم ہوگیا
- 476 عیسوی: سلطنت روم کا خاتمہ

## گندھارا تہذیب (Gandhara Civilization) 600 قبل از مسیح سے پانچویں صدی عیسوی



گندھارا تہذیب کی باقیات، ٹیکسلا

گندھارا ایک قدیم مملکت کا نام ہے۔ یہ خطّہ موجودہ دور کے پشاور، دریائے سوات اور دریائے کابل کی وادیوں پر مشتمل تھا۔ قدیم زمانے میں گندھارا ہندوستان، وسطی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ کے مابین اہم تجارتی راستہ تھا۔ گندھارا تہذیب کے طرزِ تعمیر میں یونانی اور رومی فنِ تعمیر نمایاں ہے۔ 522 سے 486 قبل از مسیح تک یہ خطّہ ایرانیوں کے زیرِ اثر رہا۔ 327-326 قبل از مسیح میں یونانی جنگجو سکندرِ اعظم نے اسے فتح کر لیا۔ اس کے بعد اس پر ہندوستان کے موریا خاندان کی حکومت رہی۔ چندر گپت موریا اس دور کا معروف بادشاہ تھا۔ اس نے برصغیر پاک و ہند کے موجودہ علاقوں پر مشتمل پہلی مرکزی حکومت قائم کی۔ اس کے دور میں فنون اور دستکاریوں کو ترقی ملی۔ کان کنی، زراعت، تجارت، جہازرانی مواصلات اور محصول (Tax) کے شعبے قائم کیے گئے۔ اس دور میں نہری نظام بھی قائم ہوا۔ گندھارا تہذیب کے اہم شہر موجودہ پشاور اور ٹیکسلا ہیں۔ اس خطّے پر ایرانیوں کی حکومت سے پہلے گندھارا میں ہندومت نمایاں مذہب تھا۔ بعد میں بدھ مت کو سرکاری مذہب بنا دیا گیا۔ بدھ مت تقریباً ایک ہزار سال تک اس خطّے میں پھیلتا رہا۔

**ذرا رُکیں اور بتائیں!**
**Hold on Please and tell!**
سکندرِ اعظم کا تعلق کس ملک سے تھا؟

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

اس کو پھیلانے میں موریا سلطنت کے حکمران چندر گپت موریا کے پوتے اشوکا (Ashoka) نے اہم کردار ادا کیا۔اس نے بدھوں کی خانقاہیں (Stupas) بنوائیں، ایشیا میں اس مذہب کو پھیلانے کے لیے مذہبی راہنما بھجوائے۔اس نے بدھ مت کے پیغامات گزرگاہوں، میناروں اور پہاڑوں پر کندہ کروائے۔اس کے دور میں بدھ مت تبّت، چین، منگولیا اور جاپان تک پھیل گیا۔ پانچویں صدی میں وسطی ایشیا سے آنے والے خانہ بدوشوں نے گندھارا تباہ کر دیا۔ان کو سفید ہنز (White Huns) کہا جاتا ہے۔

گندھارا دنیا میں علم وفنون کے اہم مرکز کی حیثیت رکھتا تھا۔

بدھ مت کا آغاز بھارت کے شہر بنارس سے ہوا۔




Web version of PECTAA textbook Not for Sale

## گوتم بدھ (Gautam Buddh)


گوتم بدھ کا مجسمہ

گوتم بدھ، بدھ مت کے بانی تھے۔وہ موجودہ نیپال میں پیدا ہوئے اور انھوں نے قریباً 45 سال تک بدھ مت کی ترویج کی۔وہ ایک فلسفی، استاد اور مذہبی راہنما تھے۔ان کے خیال میں دنیا اور دنیا کے بعد راحت حاصل کرنے کا طریقہ صرف یہ ہے کہ نیک اور پاک زندگی گزاریں۔تمام جانداروں پر رحم کریں۔کسی کو مت ستائیں۔

## گندھارا آرٹ (Gandhara Art)

گندھارا آرٹ پوری دنیا میں مشہور ہے۔گندھارا کی تہذیب پر مختلف قومیں حکمران رہیں، اس لیے اس کے آرٹ میں یونانی، شامی، ایرانی اور ہندوستانی تہذیبوں کا اثر شامل ہے۔ گندھارا کے لوگ پتھّروں اور ریت کی مدد سے بدھ مت کے بانی سدھارتھ گوتم بدھ کے مجسمے بناتے تھے۔بدھا کی تصویروں کو چٹانوں، عمارتوں اور سٹوپا پر بھی تراشتے تھے۔تخت بھائی اور مردان (خیبر پختونخوا) میں بدھ مت کے ایک مشہور سٹوپا کی باقیات آج بھی موجود ہیں۔


باقیات سٹوپا (تخت بھائی)



NOT FOR SALE

## گندھارا کی ٹائم لائن (Timeline of Gandhara)

- 522-486 قبل از مسیح — ایرانیوں کی حکومت
- 500 قبل از مسیح — گوتم بدھ کی زندگی
- 327-326 قبل از مسیح — سکندرِ اعظم کی حکومت
- 321-297 قبل از مسیح — چندر گپت موریا کی حکومت
- 268-240 قبل از مسیح — اشوکا کی حکومت
- 185 قبل از مسیح — بیک ٹیرین کے یونانیوں کی حکومت
- پہلی صدی عیسوی — کشن سلطنت
- پانچویں صدی عیسوی — سفید ہنز کا حملہ

### میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)

- یونانی تہذیب آج سے قریباً چار ہزار سال قبل بحیرہ روم کے کنارے پروان چڑھی تھی۔
- رومی تہذیب کا آغاز 753 قبل از مسیح میں روم کے شہر سے ہوا۔
- گندھارا تہذیب کا آغاز 600 قبل از مسیح میں ہوا۔ یہ خطہ موجودہ پشاور، دریائے سوات اور دریائے کابل کی وادیوں پر مشتمل تھا۔

### کرتے ہیں کچھ نیا!

**Let's do something new!**

طلبہ کو گروپس میں تقسیم کریں اور ان سے قدیم تہذیبوں کی نمایاں خصوصیات کے بارے میں تصویری کتابچہ بنوائیں۔

### میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i. قدیم یونان کے دو بڑے شہر کون سے تھے؟ دونوں شہر کیسے ایک دوسرے سے مختلف تھے؟

ii. اولمپک کھیلوں کا آغاز کب اور کہاں ہوا؟

iii. قدیم یونان اور روم میں لوگ کیسا لباس پہنتے تھے؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i رومی تعمیرات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ii گندھارا کے لوگوں کا مذہب کیا تھا؟ اس مذہب کا آغاز کیسے ہوا؟

3۔ یونانی، رومی اور گندھارا تہذیب کن موجودہ علاقوں/خطّوں پر مشتمل تھی؟ نام تحریر کریں۔

| تہذیب | ممالک/علاقے |
|---|---|
| یونانی | |
| رومی | |
| گندھارا | |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی 1:** یونانی، رومی اور گندھارا تہذیب کی ٹائم لائن بنائیں۔

**سرگرمی 2:** اٹلس کی مدد سے دنیا کے نقشے پر قدیم تہذیبوں کی شناخت کریں۔

**سرگرمی 3:** پاکستان کے سیاحتی نقشے میں گندھارا تہذیت کے مقامات کی شناخت کریں۔

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

قدیم تہذیبوں کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

https://www.britannica.com/browse/Ancient-World

برائے اساتذہ

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ان سے یونانی، رومی اور گندھارا تہذیب کی ٹائم لائن ایک چارٹ پر بنوائیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔



NOT FOR SALE

# پاکستان کی تاریخی شخصیات
## (Historical Personalities of Pakistan)

**حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)**

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قیامِ پاکستان میں سر سید احمد خان، بیگم رعنا لیاقت علی خان اور بیگم جہاں آرا شاہنواز کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔
- قیامِ پاکستان میں اپنے علاقے/صوبے کی شرکت اور جدوجہد کی وضاحت کر سکیں۔

دنیا میں ایسے افراد بھی ہوتے ہیں جو اپنے حوصلے، اِرادے اور بہادری کی بنا پر دیگر تمام لوگوں سے نمایاں ہوتے ہیں۔ یہ لوگ جس کام کا عزم کرتے ہیں اسے پورا کرتے ہیں۔ ان کے کام لوگوں کی زندگیوں پر نمایاں اثر ڈالتے ہیں۔ انھی خوبیوں کی بنا پر یہ پوری دنیا میں جانے جاتے ہیں اور تاریخی شخصیات کہلاتے ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ بھی ایسی ہی شخصیت تھے۔ آپ کا عزم تھا کہ پاکستان بن کر رہے گا۔ آپ نے اپنے اس ارادے کو برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کے ساتھ مل کر عملی جامہ پہنایا۔ جس کی بدولت آج ہم ایک آزاد مسلم ریاست میں آزادی کا سانس لے رہے ہیں۔

**سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)**

- آپ کی پسندیدہ تاریخی شخصیت کون سی ہے اور کیوں؟ ______________________ ____________
- پاکستان کی چند نمایاں تاریخی شخصیات کے نام تحریر کریں۔

| | |
|---|---|
| | |
| | |

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

آیئے! ایسی شخصیات کے بارے میں جانتے ہیں، جنھوں نے اپنی بے مثال خدمات سے برصغیر پاک وہند کی تاریخ میں نام پیدا کیا۔

## سرسید احمد خان (1817ء - 1898ء)



سرسید احمد خان

سرسید احمد خان ایک مصنف، استاد اور فلسفی تھے۔ انھوں نے مسلمانوں کی تعلیم وتربیت اور بیداری کے لیے بھرپور جدوجہد کی۔ یہ 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد کا دور تھا۔ 1857ء کی جنگ آزادی مسلمانوں اور ہندوؤں نے انگریزوں کے خلاف مل کر لڑی تھی۔ بدقسمتی سے مسلمان اور ہندو اس جنگ میں کامیاب نہ ہو سکے۔ ہندو راہنماؤں نے انگریزوں کو یقین دلایا کہ وہ ان کے ساتھ ہیں اور جنگِ آزادی میں صرف مسلمانوں نے ہی حصّہ لیا تھا۔ یوں انگریزوں نے اس جنگ کا ذمّہ دار صرف مسلمانوں کو ٹھہرایا اور ان کو معاشی، سیاسی اور معاشرتی طور پر کمزور کر دیا۔ یہ وہ حالات تھے، جنھوں نے دوقومی نظریے کی راہ ہموار کی۔

سرسید احمد خان پہلے مسلمان راہنما تھے، جنھوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے قوم (Nation) کا لفظ استعمال کیا۔ سرسید کا خیال تھا کہ ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں کیوں کہ ان کا مذہب، تاریخ، ثقافت اور تہذیب ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ وہ ایک ساتھ نہیں رہ سکتے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ دونوں قوموں میں مخالفت بڑھتی جائے گی۔ ان خیالات کی بنیاد پر سرسید احمد خان کو دوقومی نظریے کا بانی کہا جاتا ہے۔

سرسید احمد خان چاہتے تھے کہ مسلمان اپنے حقوق پہچانیں اور دوسری اقوام کے شانہ بشانہ ترقّی کریں۔ ان کا ماننا تھا کہ مسلمان جدید تعلیم کے ذریعے ہی اپنی شناخت قائم کر سکتے ہیں۔ انھوں نے مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کے لیے تحریک علی گڑھ کا آغاز کیا۔ اس تحریک کے تحت بہت سے سکول اور ادارے قائم کیے گئے، جن کی تفصیل یہ ہے:

**ذرا رُکیں اور بتائیں!**

**Hold on Please and tell!**

دوقومی نظریہ کیا ہے؟

- 1859ء میں مراد آباد اور 1862ء میں غازی پور میں سکول قائم کیے گئے۔
- 1863ء میں سائنٹیفک سوسائٹی (Scientific Society) کی بنیاد رکھی گئی۔ اس ادارے کا مقصد انگریزی زبان کی کتابوں کا اردو میں ترجمہ کرنا تھا۔ اس سوسائٹی نے انگریزی اور اردو زبانوں میں ایک جریدے کا بھی آغاز کیا۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو تحریکِ پاکستان میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والی اہم شخصیات اور پیش آنے والے اہم واقعات کے بارے میں بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook - Not for sale



NOT FOR SALE

24 مئی 1875ء کو علی گڑھ میں محمڈن اینگلو اورینٹل سکول قائم کیا گیا۔ اس سکول کو 1877ء میں کالج اور پھر 1920ء میں یونیورسٹی کا درجہ دے دیا گیا۔ علی گڑھ یونیورسٹی کے طلبہ نے تحریکِ پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔

## بیگم رعنا لیاقت علی خان (1905-1990ء)



بیگم رعنا لیاقت علی خان

بیگم رعنا لیاقت علی خان تحریک پاکستان کی سرکردہ کارکن اور ممتاز سیاسی شخصیت تھیں۔ وہ پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کی اہلیہ تھیں۔ انھوں نے تحریکِ پاکستان کی جدوجہد میں اپنے شوہر کے شانہ بشانہ کام کیا اور خواتین میں سیاسی شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انھوں نے مسلم لیگ کے 1940ء کے اجلاس میں بھی شرکت کی۔

قیامِ پاکستان کے بعد وہ ملک کی خاتون اوّل بن گئیں۔ انھوں نے خواتین اور بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے بہت سے منصوبوں کا آغاز کیا۔ انھوں نے بھارت سے پاکستان ہجرت کرنے والی خواتین اور بچوں کے لیے صحّت کی سہولیات کا اہتمام کیا۔ 1949ء میں انھوں نے آل پاکستان ویمن ایسوسی ایشن (APWA) کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔ اس ادارے کے تحت سکولوں اور کالجوں کا ایک سلسلہ قائم کیا گیا تاکہ خواتین ترقّی کر سکیں۔ انھوں نے مختلف ممالک میں پاکستان کی سفیر کے طور پر بھی کام کیا۔ 1973ء میں وہ صوبہ سندھ کی گورنر بن گئیں۔ وہ پاکستان کی پہلی خاتون صوبائی گورنر تھیں۔

> بیگم رعنا لیاقت علی خان نے 1929ء میں معاشیات اور سوشیالوجی میں ایم۔ ایس۔ سی (M.Sc) کی ڈگریاں حاصل کیں۔
> بیگم رعنا لیاقت علی خان نے دہلی کی ایک یونیورسٹی میں معاشیات کی پروفیسر کے طور پر خدمات بھی سرانجام دیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## بیگم جہاں آرا شاہنواز (1896ء-1979ء)



بیگم جہاں آرا شاہنواز

بیگم جہاں آرا شاہنواز کا شمار بھی بااثر شخصیات میں ہوتا ہے۔ وہ آل انڈیا مسلم لیگ کی پہلی خاتون رکن تھیں۔ انھوں نے گول میز کانفرنسوں میں بھی برصغیر کی خواتین کی نمائندگی کی۔ 1935ء میں انھوں نے پنجاب میں خواتین مسلم لیگ (Women's Muslim League) تشکیل دی۔ 1937ء میں وہ پنجاب کی قانون ساز اسمبلی کی رکن منتخب ہوئیں۔ انھوں نے پارلیمانی سیکرٹری برائے تعلیم، میڈیکل ریلیف اور صحّت عامہ کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ قیامِ پاکستان کے بعد بھی ان کا سیاسی سفر جاری رہا۔ انھوں نے پاکستان کی



NOT FOR SALE

قانون سازاسمبلی کی رکن کے طور پر خدمات انجام دیں۔ وہ خواتین اور بچّوں کی بہبود کی کئی تنظیموں سے بھی وابستہ رہیں۔ ان تنظیموں میں انجمن حمایتِ اسلام اور ریڈ کراس سوسائٹی (Red Cross Society) وغیرہ شامل ہیں۔ انھوں نے تعلیمی اور معاشرتی موضوعات پر کئی کتابچے (Pamphlets) بھی لکھے۔



چودھری رحمت علی

## چودھری رحمت علی

چودھری رحمت علی پاکستان کی تشکیل کے ابتدائی حامیوں میں سے تھے۔ انھوں نے کیمبرج یونیورسٹی برطانیہ (Cambridge University England) سے وکالت کی تعلیم حاصل کی۔ برطانیہ میں اپنے قیام کے دوران میں انھوں نے پاکستان نیشنل موومنٹ (Pakistan National Movement) کا آغاز کیا۔ انھوں نے مسلمانوں کے لیے آزاد ریاست کے حصول کے بارے میں مختلف کتابچے (Pamphlets) شائع کیے۔ 28 جنوری 1933ء کو انھوں نے ''ابھی یا کبھی نہیں'' (Now or Never) کے نام سے ایک پمفلٹ جاری کیا جس میں انھوں نے پہلی بار پاکستان کا نام تجویز کیا۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟ Do you want to know more?**

برصغیر پاک و ہند کی آزادی اور تحریک پاکستان میں مولانا ظفر علی خاں نے بھی قابل قدر خدمات انجام دیں۔ ان کے اخبار زمیندار نے مسلمانوں کی سیاسی بیداری میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ 1945ء میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر مرکزی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ قرارداد پاکستان 1940ء کی پنجاب سے تائید کرنے والوں میں مولانا ظفر علی خاں بھی شامل تھے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## قیام پاکستان میں صوبوں/علاقوں کا کردار
## (Role of Provinces / Regions in the Creation of Pakistan)

آیئے اب ہم قیام پاکستان میں صوبوں اور علاقوں کے کردار کے بارے میں جانتے ہیں:

### سندھ (Sindh)

مسلمانوں نے قریباً نوسو سال برصغیر پر حکومت کی۔ مسلمانوں کی حکومت انگریزوں کے تسلط تک قائم رہی۔ انگریزوں نے بہ تدریج برصغیر کے مختلف علاقوں پر قبضہ کرنا شروع کر دیا۔

1843ء میں برطانوی حکمرانوں نے سندھ پر قبضہ کرلیا۔ اُنھوں نے بمبئی (ممبئی) کو سندھ کا حصّہ بنادیا اور اسے اپنے انتظامی مقاصد کے لیے استعمال کرنا شروع کر دیا۔ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے سندھ کو بمبئی سے الگ کرنے پر بہت زور دیا، کیوں کہ وہ جانتے تھے کہ سندھ کی بمبئی سے علیحدگی مسلمانوں کے حقوق کے لیے اہم قدم ثابت ہوگی۔ بالآخر 1936ء میں سندھ کو ایک الگ صوبہ بنا دیا گیا۔



سر عبداللہ ہارون

اکتوبر 1938ء میں سندھ صوبائی مسلم لیگ کا اجلاس کراچی میں منعقد ہوا، جس کی صدارت قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کی۔ سندھ تمام صوبوں میں پہلا صوبہ تھا، جس نے مسلمان ریاست کے لیے اس اجلاس میں ایک قرارداد منظور کی۔ یہ قرارداد شیخ عبدالمجید سندھی نے پیش کی تھی۔ سندھ کے نمایاں راہنماؤں میں قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ محترمہ فاطمہ جناح، سر عبداللہ ہارون، بیگم عبداللہ ہارون، رعنا لیاقت علی خان، جی الانہ اور محمد ایوب کھوڑو وغیرہ شامل ہیں۔ سندھی عوام میں آزاد ملک کا شعور بیدار کرنے میں سیاسی راہنماؤں کے ساتھ ساتھ تاجروں، مذہبی راہنماؤں اور طلبہ نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ سندھ مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن (Sindh Muslim Students Federation) اور سندھ مدرستہ الاسلام کراچی کے طلبہ نے پاکستان کی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔ سندھ کے لوگوں نے قراردادِ پاکستان کی بھرپور حمایت کی۔ 26 جون 1947ء کو سندھ اسمبلی نے باضابطہ طور پر پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کر لیا۔ اس فیصلے سے سندھ پاکستان میں شامل ہو گیا۔

## پنجاب (Punjab)



سر میاں محمد شفیع

صوبہ پنجاب ہمیشہ سے سیاسی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے۔ پنجاب کے مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لیے سر میاں محمد شفیع نے 1906ء میں پنجاب مسلم لیگ قائم کی۔ پنجاب کی سیاست میں علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ، سر میاں محمد شفیع اور ملک برکت علی نے اہم کردار ادا کیا۔ اُنھوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے جداگانہ انتخابات کی حمایت کی تاکہ مسلمان اپنی علیحدہ شناخت حاصل کر سکیں۔

1930ء میں علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے خطبہ الہ آباد میں دو قومی نظریے کی بنیاد پر تقسیم ہند کی تجویز پیش کی۔ مسلمان راہنماؤں کی اپیل پر قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ برطانیہ سے واپس آ گئے اور مسلمانوں کی قیادت سنبھال لی۔ 23 مارچ 1940ء کو لاہور کے منٹو پارک میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں مسلمانوں نے علیحدہ وطن کے مطالبے کے لیے ایک قرارداد پیش کی جسے قراردادِ پاکستان کا نام دیا گیا۔ آزاد ریاست پاکستان کے حصول کے لیے پنجاب کے طلبہ نے دن رات مثالی کام کیا۔ پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن (Punjab Muslim Students'Federation) نے پنجاب کے شہروں اور دیہاتوں میں قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا پیغام پہنچایا۔ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کی کوششوں سے 3 جون 1947ء کو پنجاب کے مسلم اکثریت والے علاقوں کو پاکستان میں شامل کرنے کا اعلان کر دیا گیا۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

**Do you want to know more?**

سانحہ آرمی پبلک سکول (APS) 16 دسمبر 2014ء میں پیش آیا۔

## خیبر پختونخوا (Khyber Pakhtunkhwa)

صوبہ خیبر پختونخوا (پرانا نام شمال مغربی سرحدی صوبہ) پر پورے برصغیر پاک ہند میں سب سے آخر میں انگریزوں کا تسلّط قائم ہوا۔ خیبر پختونخوا کے عوام انگریزوں کے تسلّط کے خلاف تھے۔ انھوں نے انگریزوں کے سامنے کبھی بھی ہتھیار نہیں ڈالے۔ یہی وجہ تھی کہ برطانوی حکمرانوں نے خیبر پختونخوا کی ترقّی کو کبھی اہمیت نہیں دی۔ انھوں نے یہاں کے لوگوں کو سیاست سے دور رکھنے کی پوری کوشش کی۔



سردار عبدالرب نشتر

برصغیر پاک و ہند کے دوسرے صوبوں میں جب آزادی کی تحریک کا آغاز ہوا تو خیبر پختونخوا کے لوگوں نے بھی اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھائی۔ 1913ء میں سر صاحبزادہ عبدالقیوم خان نے اسلامیہ کالج پشاور اور کالجیٹ سکول کا سنگ بنیاد رکھا۔ ان اداروں نے پختونوں میں سیاسی شعور پیدا کیا۔ اسلامیہ کالج پشاور کے طلبہ نے تحریکِ پاکستان میں بھر پور حصّہ لیا اور قراردادِ پاکستان کی حمایت کی۔ قراردادِ پاکستان 1940ء کی منظوری میں خیبر پختونخوا کے عوام کی نمائندگی سردار اورنگ زیب خان، بیگم زری سرفراز، میاں ضیاء الدین، بہادر سعد اللہ خان اور دیگر راہنماؤں نے کی۔ سردار عبدالرب نشتر بھی تحریکِ پاکستان میں بہت سرگرم رہے۔ وہ قائدِاعظم رحمۃ اللہ علیہ کے قریبی ساتھیوں میں سے تھے۔ وہ خیبر پختونخوا کی قانون ساز اسمبلی کے رکن رہے اور انھوں نے وزیرِ خزانہ خیبر پختونخوا کی ذمّہ داری بھی ادا کی۔ تقسیمِ ہند کے اعلان کے بعد جولائی 1947ء میں خیبر پختونخوا میں ایک ریفرنڈم کرایا گیا۔ اس ریفرنڈم کا مقصد یہ تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام پاکستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں یا بھارت میں۔ خیبر پختونخوا کے عوام کی اکثریت نے پاکستان کے حق میں رائے دی۔ یوں یہ پاکستان کا صوبہ قرار پایا۔

کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟

**Do you want to know more?**

23 مارچ 1940ء کے جلسے میں شمال مغربی سرحدی صوبے (خیبر پختونخوا) سے آنے والے رضا کاروں کے ایک دستے نے قائدِاعظم محمد علی جناح کی حفاظت کی ذمّہ داری نبھائی۔

کرتے ہیں کچھ نیا!

**Let's do something new!**

مسلم لیگ کے 1940ء کے جلسے میں شریک صرف پانچ راہنماؤں کے نام بتائیں۔

قائدِاعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے 1936ء میں اسلامیہ کالج پشاور کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انھیں اسلامیہ کالج کی خیبر یونین کی تاحیات اعزازی رکنیت دی گئی۔ قائدِاعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جائیداد کا ایک تہائی حصّہ کالج کے لیے وقف کر دیا۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## بلوچستان (Balochistan)



قاضی محمد عیسیٰ قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ

بلوچستان مہرگڑھ کی قدیم تہذیب کا مرکز ہے۔ اس تہذیب کے آثار درۂ بولان، کوئٹہ اور سبّی کے علاقوں سے دریافت ہوئے ہیں۔ یہاں کے عوام فطری طور پر آزادی پسند ہیں۔ اس صوبے کے لوگوں نے کبھی بھی غلامی کو قبول نہیں کیا۔ یہ خطّہ برصغیر کے باقی خطّوں کے مقابلے میں زیادہ پسماندہ تھا۔ یہاں تحریکِ پاکستان کا آغاز بھی کافی دیر بعد ہوا۔ 1939ء میں قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی ہدایت پر قاضی محمد عیسیٰ نے بلوچستان مسلم لیگ کو مستحکم کیا۔ قاضی محمد عیسیٰ کی اہلیہ بیگم سعیدہ قاضی نے بھی تحریکِ پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔ جب قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کوئٹہ تشریف لائے تو ان کے جلسے کا انتظام کرنے میں وہ پیش پیش تھیں۔ فضل احمد غازی، ملک عبداللہ جان کاسی اور فتح محمد نے بلوچستان کی عوام کی راہنمائی کی۔ بلوچستان کے عوام نے قراردادِ پاکستان 1940ء کی بھرپور حمایت کی۔

بلوچستان کے شاہی جرگے نے جون 1947ء میں پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔ اس فیصلے میں نواب محمد خان جوگیزئی اور میر جعفر خان جمالی نے اہم کردار ادا کیا۔

## گلگت بلتستان (Gilgit Baltistan)



مرزا حسن خان

جب تحریکِ پاکستان اپنے عروج پر تھی، اس وقت گلگت بلتستان مہاراجا نظام کے زیرِ نگیں تھا۔ 3 جون کے منصوبے کے تحت تمام آزاد ریاستوں کو اختیار دیا گیا کہ وہ پاکستان یا بھارت میں شامل ہو جائیں۔ مہاراجا ہری سنگھ نے عوام کی امنگوں کو پس پشت ڈال کر بھارت کے ساتھ اِلحاق کا فیصلہ کیا۔ اس پر گلگت سکاؤٹس اور کشمیر 6th انفنٹری کے جوانوں نے مرزا حسن خان، بابر خان اور شاہ خان وغیرہ کی قیادت میں ڈوگرا راج کے خلاف اعلانِ بغاوت کیا اور یکم نومبر 1947ء کو گورنر گھنسارا سنگھ کی حکومت کو ختم کر کے گلگت بلتستان کی آزادی کا اعلان کر دیا۔ 2 نومبر 1947ء کو سکاؤٹ لائن میں پاکستان کا جھنڈا لہرا کر ایک عبوری حکومت قائم کی۔ شاہ رئیس خان اس کے صدر اور مرزا حسن خان کمانڈر انچیف مقرر ہوئے۔ سردار محمد عالم خان نے 16 نومبر 1947ء کو گلگت پہنچ کر علاقے کا نظم و نسق سنبھالا اور علاقے پر حکومت پاکستان کی عمل داری قائم ہو گئی۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## آزاد جموں و کشمیر (Azad Jammu and Kashmir)


چودھری غلام عباس

برصغیر پاک و ہند میں تقسیم کے وقت آزاد جموں و کشمیر بھی آزاد ریاست تھی۔ اس کی بیشتر آبادی مسلمان ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں آزادی کی لہر نے یہاں کے عوام کو بھی متاثر کیا۔ سید ضیا الدّین اندرابی تحریکِ پاکستان کے نمایاں راہنما تھے۔ انھوں نے 23 مارچ 1940ء کے جلسے میں کشمیریوں کے وفد کی نمائندگی کی اور قراردادِ پاکستان کی بھرپور حمایت کی۔ چودھری غلام عباس کا شمار بھی کشمیر کے نمایاں راہنماؤں میں ہوتا ہے۔ برصغیر پاک و ہند کی تقسیم کے وقت آزاد ریاستوں کو اختیار دیا گیا کہ وہ پاکستان یا بھارت میں شامل ہونے یا آزاد رہنے کا فیصلہ کرسکتی ہیں۔ کشمیر کے لوگ پاکستان میں شامل ہونا چاہتے تھے لیکن کشمیر کے مہاراجا ہری سنگھ نے 26 اکتوبر 1947ء کو کشمیر کا الحاق بھارت سے کر دیا۔ اس پر کشمیری عوام نے مہاراجا کے خلاف جہاد کا اعلان کر دیا اور کشمیر کا کچھ حصّہ آزاد کروا کر پاکستان میں شامل ہو گئے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟ Do you want to know more?**

آل انڈیا مسلم لیگ (All India Muslim League) 30 دسمبر 1906ء کو قائم ہوئی اور قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے 1913 میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔

**میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)**

- سر سید احمد خان، بیگم رعنا لیاقت علی خان اور بیگم جہاں آرا شاہنواز نمایاں تاریخی شخصیات ہیں۔
- قیامِ پاکستان میں ہر صوبے اور ہر علاقے نے اپنا کردار ادا کیا۔

**میرے کرنے کے کام (Work for me to do)**

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے اور اس نظریے کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ii پاکستان کا نام کس نے تجویز کیا اور کب؟

iii اسلامیہ کالج پشاور کس نے قائم کیا؟ اس کی تاریخی اہمیت کیا ہے؟



NOT FOR SALE

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i سرسید احمد خان نے برصغیر کے مسلمانوں کی بیداری کے لیے کیا خدمات سرانجام دیں؟

ii بیگم رعنا لیاقت علی خان کی سیاسی اور معاشرتی خدمات پر نوٹ لکھیں۔

iii خیبر پختونخوا کے عوام نے پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کیسے کیا؟

3۔ پاکستان کے مختلف صوبوں اور علاقوں سے تعلّق رکھنے والی ان نمایاں شخصیات کے نام لکھیں جنھوں نے تحریکِ پاکستان میں اہم کردار ادا کیا۔

| | |
|---|---|
| سندھ | |
| پنجاب | |
| خیبر پختونخوا | |
| بلوچستان | |
| گلگت بلتستان | |
| آزاد جموں و کشمیر | |

4۔ آپ میں کون سی ایسی تین خوبیاں ہیں جن کی وجہ سے آپ مثالی شخصیت یا ہیرو بن سکتے ہیں؟ اپنی کاپی میں تحریر کریں۔

### میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

کسی ایسی مثالی شخصیت/ ہیرو کی سوانح حیات تحریر کریں جس نے معاشرے کی فلاح و بہبود میں اہم کردار ادا کیا ہو۔

## مشق (Exercise)

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) کا نشان لگائیں۔

i۔ یونانی تہذیب پروان چڑھی:

(الف) بحیرہ قلزم کے کنارے　　(ب) بحیرہ روم کے کنارے

(ج) بحیرا وقیانوس کے کنارے　　(د) بحیرہ اسود کے کنارے

برائے اساتذہ

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ان سے ان کی پسندیدہ تاریخی شخصیت کے بارے میں معلوم کریں۔ ان سے کہیں کہ اپنی پسندیدہ شخصیت کے حالاتِ زندگی اور خدمات کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں اور ایک کتابچہ مرتب کریں۔ تصاویر بھی چسپاں کریں۔ اس کی سوانح حیات کو کمرا جماعت میں اپنے ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

ii۔ بدھ متوں کی عبادت گاہوں کو کہتے ہیں:

(الف) سٹوپا (ب) مندر (ج) چرچ (د) مسجد

iii۔ تحریکِ علی گڑھ کا آغاز کیا۔

(الف) علّامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے (ب) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے

(ج) محترمہ فاطمہ جناح نے (د) سرسید احمد خان نے

iv۔ پاکستان کی پہلی خاتون صوبائی گورنر تھیں:

(الف) محترمہ فاطمہ جناح (ب) بیگم جہاں آرا شاہنواز

(ج) بیگم رعنا لیاقت علی خان (د) بیگم شائستہ اکرام اللہ

v۔ بیگم جہاں آرا شاہنواز پنجاب کی قانون ساز اسمبلی کی رکن منتخب ہوئیں:

(الف) 1933ء میں (ب) 1935ء میں (ج) 1934ء میں (د) 1937ء میں

2۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

i۔ چیٹن قدیم رومیوں کا لباس تھا۔ ☐

ii۔ اولمپک کھیلوں کا آغاز 776 قبل از مسیح میں یونان سے ہوا۔ ☐

iii۔ پنجاب پاکستان میں شامل ہونے والا پہلا صوبہ تھا۔ ☐

iv۔ پاکستان کا نام چودھری رحمت علی نے تجویز کیا۔ ☐

v۔ بلوچستان کے شاہی جرگے نے جون 1947ء میں پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔ ☐

3۔ کالم (الف) کو کالم (ب) کے متعلقہ خانوں سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
| --- | --- |
| ایتھنز (Athens) | گندھارا کا شہر |
| کلوسیم (Colosseum) | قدیم روم کی تماشا گاہ |
| پشاور | قدیم یونان کا شہر |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

باب پنجم

# جغرافیہ (Geography)

## گلوب اور نقشے کی مہارتیں (Globe and Map Skills)

### حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- نقشے کی وضاحت کر سکیں اور بولٹس (BOLTS) کی اصطلاح کی مدد سے نقشے کو پڑھ/سمجھ سکیں۔
- نقشے کو پڑھتے ہوئے پیمانہ (Scale) کی تعریف کر سکیں اور تصاویر کی مدد سے اس کی اقسام بیان کر سکیں۔
- نقشے کی مختلف اقسام کی پہچان کر سکیں، جیسے راستے کا نقشہ (Road Map)، سیاحتی نقشہ (Tourist Map)، موسمیاتی نقشہ (Weather Map)، سیاسی نقشہ (Political Map) اور مساحتی نقشہ (Topographic Map) وغیرہ۔
- خطوطِ عرض بلد (Lines of Latitudes) خطوطِ طول بلد (Lines of Longitudes) اور ٹائم زونز (Time Zones) کی خصوصیات تصاویر کی مدد سے پہچان سکیں۔
- خطوطِ عرض بلد اور خطوطِ طول بلد کا استعمال کرتے ہوئے جال (Grid Reference) کی مدد سے کوئی مقام تلاش کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- نقشہ اور گلوب میں کیا فرق ہے؟ ____________________
- نقشے کے عناصر تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

گلوب (Globe)، زمین کے نمونہ کو کہتے ہیں۔ یہ گیند کی طرح گول ہوتا ہے۔ زمین کی اصل شکل اور اس کی سطح پر موجود خدوخال کی تقسیم کو دیکھنے کے لیے گلوب استعمال کیا جاتا ہے۔ گلوب کی مدد سے ہم زمین پر خشکی اور پانی کی تقسیم کے حصّے واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں۔ گلوب پر طول بلد اور عرض بلد کا جال بنا ہوتا ہے۔ گلوب پر پوری دنیا کو ایک نظر میں دیکھا جا سکتا ہے۔

کسی جگہ یا مقام کو تلاش کرنے کے لیے نقشوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ پوری زمین یا زمین کی سطح کے کسی حصے کو رواجی علامات کا استعمال کرتے ہوئے کسی ہموار یا چپٹی سطح پر ظاہر کرنا نقشہ کہلاتا ہے۔ نقشہ کسی گھر یا سکول کا بھی ہو سکتا ہے اور کسی قصبے، شہر یا ملک کا بھی۔ نقشوں کی مدد سے ہم آبی ذخائر جیسے سمندر، دریا وغیرہ بھی تلاش کر سکتے ہیں۔



NOT FOR SALE

## نقشہ (Map)

پوری زمین یا زمین کی سطح کے کسی حصے کو رواجی علامات کا استعمال کرتے ہوئے کسی ہموار یا چپٹی سطح پر ظاہر کرنا نقشہ کہلاتا ہے۔ نقشے ضرورت کے مطابق مختلف پیمائشوں میں بنائے جاتے ہیں۔ نقشوں کو آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جاسکتا ہے۔ نقشے کے عناصر کے ناموں کا اختصار بولٹس "BOLTS" کہلاتا ہے۔

BOLTS ظاہر کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| B = Border | حدود |
| O = Orientation | سمتیں |
| L = Legend | علامتی فہرست |
| T = Title | عنوان |
| S = Scale | پیمانہ |






NOT FOR SALE
Web version of PECTAA textbook Not for sale

نقشے کے عناصر کی تفصیل درج ذیل ہے:

## حدود (Border)

نقشے کی چاروں اطراف کے کنارے اس کی حدود کہلاتے ہیں۔
اسے حاشیہ بھی کہتے ہیں۔

**ذرا رُکیں اور بتائیں**
**Hold on Please and tell**
ثانوی سمتوں (Intermediate Directions) کے نام بتائیں۔




## سمتیں (Orientation)

نقشے پر سمت کو معلوم کرنا اورینٹیشن (Orientation) کہلاتا ہے۔ شمال، جنوب، مشرق اور مغرب چار بنیادی سمتیں (Cardinal Directions) ہیں۔

## علامتی فہرست (Legend)

زمینی خدوخال مثلاً پہاڑ، میدان، صحرا، درختوں، پودوں، سڑکوں اور عمارات وغیرہ کو ظاہر کرنے کے لیے نقشوں پر خاص علامات استعمال کی جاتی ہیں۔ نقشے پر علامات کو ایک فہرست کی صورت میں دکھایا جاتا ہے، جسے علامتی فہرست کہتے ہیں۔




## عنوان (Title)

نقشے کو ایک عنوان دیا جاتا ہے جو نقشے میں سب سے اُوپر واضح حروف میں لکھا جاتا ہے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ نقشہ کس مقصد کے لیے بنایا گیا ہے۔
مثلاً انتظامی نقشہ یا آبادی کا نقشہ وغیرہ۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**
نقشے کی علامات کو مروّجہ علامات یا روایتی علامات (Conventional Signs) بھی کہتے ہیں۔

## پیمانہ (Scale)

زمین اور نقشے کے فاصلے کو ایک خاص نسبت سے دکھایا جاتا ہے اسے پیمانہ کہتے ہیں۔ پیمانے کی مدد سے ہم نقشے پر موجود مقامات کے درمیان زمینی فاصلہ معلوم کر سکتے ہیں مثلاً ایک کلومیٹر فاصلے کو نقشہ میں 1 سینٹی میٹر (1cm=1km) کے فاصلے سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

برائے اساتذہ
- طلبہ سے ''BOLTS'' کی اصطلاح کے بارے میں پوچھیں۔ انھیں نقشہ دکھاتے ہوئے ''BOLTS'' یعنی نقشے کے عناصر کے ناموں کے بارے میں سوالات کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale


NOT FOR SALE

## پیمانے کی اقسام (Types of Scale)

عام طور پر پیمانے کی تین اقسام ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ خطّی پیمانہ<br>Linear scale | 2۔ بیانیہ پیمانہ<br>Statement scale | 3۔ کسر اعتباری پیمانہ<br>(Fractional or Ratio Scale) |

### 1۔ خطّی پیمانہ (Linear Scale)




یہ پیمانہ ایک افقی خط (Line) کی صورت میں دیا جاتا ہے، جو برابر حصّوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ یہ خط زمین پر فاصلے اور نقشے پر فاصلے کے درمیان نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔

### 2۔ بیانیہ پیمانہ (Statement Scale)




بیانیہ پیمانے میں الفاظ کے ذریعے سے فاصلوں کو ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر دیے ہوئے پیمانے میں 4 میل کا فاصلہ 1 انچ سے ظاہر کیا گیا ہے۔

### 3۔ کسر اعتباری پیمانہ (Fractional or Ratio Scale)




اس پیمانے میں کسر (Fraction) کا استعمال کرتے ہوئے فاصلہ ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس کسر کا شمار کنندہ (Numerator)، اکائی یعنی (1) ہوتا ہے، جو نقشے کے فاصلے کو ظاہر کرتا ہے۔ جب کہ کسر کا نسب نما (Denominator) زمینی فاصلے کو ظاہر کرتا ہے۔ اس پیمانے کو کسر اور نسبت دونوں میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر

$$\frac{1}{253,440} \text{ یا } 1:253,440$$

## نقشوں کی اقسام (Kinds of Maps)

نقشوں کی کئی اقسام ہیں جیسے:

1۔ سیاسی نقشہ (Political Map)
2۔ سیاحتی نقشہ (Tourist Map)
3۔ موسمیاتی نقشہ (Weather Map)
4۔ مساحتی نقشہ (Topographic Map)
5۔ راستے کا نقشہ (Road Map)

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

آیئے ان نقشوں کے بارے میں تفصیل سے پڑھتے ہیں۔

## 1۔ سیاسی نقشہ (Political Map)

ایسے نقشے جن کی مدد سے بین الاقوامی سرحدیں، ملک، دارالحکومت، اہم شہر اور علاقے وغیرہ تلاش کیے جاسکیں، سیاسی نقشے کہلاتے ہیں۔







## 2۔ سیاحتی نقشہ (Tourist Map)

سیاحتی نقشے سیاحوں کے لیے بنائے جاتے ہیں تاکہ وہ کسی جگہ کے بارے میں سیاحتی معلومات حاصل کرسکیں۔ ایسے نقشوں میں کسی سیاحتی مقام کی مکمل تفصیل بتائی جاتی ہے، جیسے اس جگہ کی تصاویر، اہم مقامات کی نشان دہی اور اہم سڑکیں، وغیرہ۔

برائے اساتذہ
- طلبہ کو تصاویر اور نقشوں کی مدد سے مختلف اقسام کے نقشوں کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ مختلف قسم کے نقشوں کے مقاصد اور ان کی افادیت مختلف ہوتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale


NOT FOR SALE

## 3۔ موسمیاتی نقشہ (Weather Map)




ایک مخصوص وقت میں کسی علاقے کے موسم کا حال مختلف علامتوں کے ذریعے دکھانے والے نقشے موسمیاتی نقشے کہلاتے ہیں۔

## 4۔ مساحتی نقشہ (Topographic Map)




سیاحتی نقشے دراصل کسی علاقے کے تفصیلی نقشے ہوتے ہیں۔ اِن پراس علاقے کی چھوٹی تفصیل بھی دی جاتی ہے جیسے انسانی بستی، زرعی علاقہ، باغ، سکول اور مسجد وغیرہ۔ انھیں بڑے پیمانے کے نقشے بھی کہتے ہیں۔ ان نقشوں پر علاقہ کم اور اس کی تفصیل زیادہ دی جاتی ہے۔

## 4۔ راستے کا نقشہ (Road Map)

راستے کے نقشے میں اہم شاہراہیں جیسے ہائی ویز (Highways)، سڑکیں (Roads) اور ریلوے لائنیں (Railway Lines) وغیرہ دکھائی جاتی ہیں۔




## خطوطِ عرض بلد اور خطوطِ طول بلد (Lines of Latitude and Lines of Longitude)

نقشے یا گلوب پر افقی اور متوازی لائنوں کے جال کو گرِڈ (Grid) کہتے ہیں۔ یہ فرضی خطوط ہوتے ہیں، جنھیں خطوطِ عرض بلد اور خطوطِ طول بلد (Lines of Latitude and Lines of Longitude) کہتے ہیں۔ ان خطوط کی مدد سے پتا چلتا ہے کہ کوئی علاقہ یا مقام گلوب یا نقشے پر کس جگہ واقع ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE







## خطوطِ عرض بلد (Lines of Latitude)

وہ فرضی خطوط جو گلوب یا نقشے پر مشرق سے مغرب کی جانب کھینچے جائیں، انھیں خطوطِ عرض بلد کہتے ہیں۔ ان میں سب سے بڑا خطِ عرض بلد جو صفر درجے پر ہے، ”خطِ استوا“ (Equator) کہلاتا ہے۔ یہ خط زمین کو افقی (x-axis) طور پر دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ خطوطِ عرض بلد خطِ استوا کے متوازی شمالاً جنوباً پائے جاتے ہیں۔ ان خطوط کی کل تعداد 180 ہے۔ 90 خطوطِ عرض بلد خطِ استوا کے شمال میں نصف کرہ شمالی میں اور 90 خطوطِ عرض بلد نصف کرہ جنوبی میں ہیں۔ یہ خط کسی نہ کسی زاویے کو ظاہر کرتے ہیں۔ خطوطِ عرض بلد کے ذریعے سے مقامات کے درمیان فاصلے کو معلوم کیا جا سکتا ہے۔




## خطوطِ طول بلد (Lines of Longitude)

یہ فرضی خطوط گلوب یا نقشے پر قطب شمالی کو قطب جنوبی سے ملاتے ہیں۔ یہ نصف دائرے ہوتے ہیں۔ خطوطِ طول بلد میں 0° کے خط کو ”نصف النہار اعظم“ (Prime Meridian) کہا جاتا ہے، جو انگلستان کے مقام گرینچ (Greenwich) سے گزرتا ہے۔ خطِ نصف النہار اعظم زمین کو عمودی (y-axis) طور پر دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ خطوطِ طول بلد کی کل تعداد 360 ہے۔ 180 خطوط مشرق میں اور 180 مغرب میں ہیں۔ خطوطِ طول بلد کی مدد سے ہم دو ممالک کے درمیان

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

وقت کا فرق معلوم کر سکتے ہیں۔خطِ استوا (Equator) ایک اہم خطِ عرض بلد ہے اور اسی طرح خطِ نصف النّہار اعظم (Prime Meridian) بھی ایک اہم خطِ طول بلد ہے۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**

عرض بلد = تقریباً 111 کلومیٹر

1 طول بلد = 4 منٹ

## اہم خطوطِ عرض بلد (Important Lines of Latitude)




**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**

زمین ایک گھنٹے میں 15 درجے طول بلد سورج کے سامنے سے گزرتی ہے۔اس طرح 24 گھنٹوں میں °360 طول بلد پورے کرتے ہوئے زمین اپنی ایک گردش مکمل کر لیتی ہے۔ ہر ایک ٹائم زون 15 درجے طول بلد پر مشتمل ہے۔ چوں کہ طول بلد کی تعداد 360 ہے۔ اس طرح 24 ٹائم زون بنتے ہیں۔

$$\frac{360°}{15°} = 24$$

## ٹائم زونز (Time Zones)

1884ء میں بین الاقوامی کانفرنس میں گرینچ (Greenwich) کے مقام سے گزرنے والے خطِ نصف النّہار اعظم (Prime Meridian) کو 0° کا خط مانا گیا ہے۔اس جگہ کے وقت (Greenwich Mean Time GMT) کو معیاری مان لیا گیا اور 24 ٹائم زون بنائے گئے جو دن کے 24 گھنٹوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ 12 ٹائم زونز گرینچ (Greenwich) کے مشرق میں ہیں اور 12 گرینچ کے مغرب میں ہیں۔ اس مقام سے مشرق کی جانب جاتے ہوئے ہر ایک ٹائم زون میں واقع مقامات کا وقت ایک گھنٹا آگے ہوتا چلا جاتا ہے۔اسی طرح مغرب کی جانب جاتے ہوئے ہر ایک ٹائم زون میں واقع مقامات کا وقت ایک گھنٹا پیچھے ہوتا چلا جاتا ہے۔ دیے ہوئے نقشے (صفحہ 57) میں دیکھیں۔ پاکستان تقریباً 5+(GMT) ٹائم زون میں واقع ہے، اس لیے یہاں کا وقت گرینچ کے مقام سے تقریباً 5 گھنٹے آگے ہوتا ہے۔ اگر گرینچ میں صبح کے 11 بج رہے ہوں گے تو پاکستان میں شام کے تقریباً 4 بج رہے ہوں گے۔ وقت کے لحاظ سے دنیا کو پندرہ پندرہ درجے طول بلد کی پٹیوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ انھیں ٹائم زونز کہا جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

**Do you want to know more?** **کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

am = ante meridian (Before Noon), pm = post meridian (After Noon)

24 گھنٹوں کا ایک دن دو حصّوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ am سے مراد دوپہر 12 بجے سے پہلے، لیکن رات 12 بجے سے لے کر دوپہر 12 بجے تک کے 12 گھنٹوں کو am سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ pm سے مراد دوپہر 12 بجے کے بعد، یعنی دوپہر 12 بجے کے بعد سے رات 12 بجے تک کے 12 گھنٹوں کو pm سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

آیئے ! گرینچ کے مقام سے لاہور کا وقت معلوم کریں۔ کسی جگہ کا وقت معلوم کرنے کے لیے اس جگہ کا طول بلد معلوم ہونا ضروری ہے۔ لاہور کا طول بلد قریباً °75 مشرق ہے۔ اگر گرینچ میں دوپہر کے بارہ بجے ہوں تو لاہور میں وقت کیا ہوگا:

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**
پاکستان کا معیاری وقت °75 (درجے) طول بلد مشرقی سے لیا جاتا ہے۔

لاہور اور گرینچ (Greenwich) کے وقت میں فرق = $\frac{\text{لاہور کا طول بلد}}{15^\circ}$

$= \frac{75^\circ}{15^\circ}$

= 5 گھنٹے

چوں کہ لاہور گرینچ کے مشرق میں واقع ہے، اس لیے اس کا وقت گرینچ کے وقت سے 5 گھنٹے آگے ہوگا۔ یعنی گرینچ میں اگر دوپہر کے 12 بجے ہیں تو لاہور میں شام کے 5 بج رہے ہوں گے۔

12:00 + 5 = 17:00 یعنی 5:00 بجے شام

**میں نے سیکھا! (I have learnt!)**

- زمین یا زمین کے کسی حصّے کو ایک ہموار سطح یا کاغذ پر ظاہر کرنے کو نقشہ (Map) کہتے ہیں۔ حدود، سمتیں، علامتی فہرست، عنوان اور پیمانہ کسی نقشے کے عناصر کہلاتے ہیں۔
- نقشوں کی کئی اقسام ہیں: جیسے راستے کا نقشہ، موسمیاتی نقشہ، مساحتی نقشہ، سیاحتی نقشہ، سیاسی نقشہ وغیرہ۔
- خطوطِ عرض بلد اور خطوطِ طول بلد کی مدد سے پتا چلتا ہے کہ کوئی مقام یا علاقہ کس جگہ پر واقع ہے۔
- دنیا 24 ٹائم زونز (Time Zones) میں تقسیم ہے۔

## میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i) خطوطِ عرض بلد کسے کہتے ہیں؟ یہ تعداد میں کتنے ہیں؟

ii) خطوطِ طول بلد سے کیا مراد ہے؟ ان کی تعداد لکھیں۔

iii) خطِ استوا اور خطِ نصف النّہار اعظم سے کیا مراد ہے؟

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i مساحتی اور راستے کے نقشے میں فرق واضح کریں۔

ii نقشے پر پیمانہ کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟ پیمانے کی اقسام کے بارے میں لکھیں۔

3۔ دیے گئے نقشوں کو غور سے دیکھیں اور ان کے نیچے دی گئی جگہ پر ان کے نام تحریر کریں۔






4۔ نقشے کے عناصر کا استعمال کرتے ہوئے نقشہ مکمل کریں۔




Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

i. پاکستان کے شمال، جنوب، مشرق اور مغرب میں کون سے ممالک اور سمندر واقع ہیں؟
ii. پاکستان کا دارالحکومت کہاں واقع ہے؟ نقشے پر (■) کی علامت استعمال کرتے ہوئے بتائیں۔
iii. اپنے شہر کو (.) ڈاٹ کی مدد سے ظاہر کریں۔
iv. صوبائی حدود کو ڈاٹ لائنوں (-----) کی مدد سے ظاہر کریں۔
v. علامتی فہرست مکمل کریں۔

5۔ دی ہوئی تصویر میں اہم خطوطِ عرض بلد کے نام تحریر کریں۔




## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی 1:** گلوب پر خطوطِ عرض بلد اور خطوطِ طول بلد کی مدد سے بتائیں کہ پاکستان کہاں واقع ہے؟

**سرگرمی 2:** ٹائم زون کے نقشے پر کوئی سے تین ممالک کا وقت گرینچ کے مقام سے معلوم کریں۔

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

خطوطِ عرض بلد اور خطوطِ طول بلد کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

https://layers-of-learning.com/a-grid-on-our-earth-an-exploration-on-map-grids/

برائے اساتذہ

- طلبہ سے کہیں کہ گلوب دیکھتے ہوئے خطوطِ عرض بلد اور خطوطِ طول بلد کی مدد سے پاکستان کا محلِ وقوع معلوم کریں۔ بچّوں کو بتائیں کہ پاکستان 24 درجے سے 37 درجے شمالی عرض بلد اور 61 درجے سے 77 درجے مشرقی طول بلد پر واقع ہے۔



NOT FOR SALE
Web version of PECTAA textbook Not for sale

# پاکستان کے طبعی خدوخال

# (Physical Features of Pakistan)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- پاکستان کے اہم طبعی خطّوں (Physical Regions) کی شناخت کر سکیں۔
- پاکستان کے ہر طبعی خطّے کی نمایاں خصوصیات بیان کر سکیں۔
- پاکستان کے مختلف طبعی خطّوں میں رہنے والے لوگوں کی زندگیوں کا موازنہ کر سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ہر قسم کے طبعی خدوخال سے نوازا ہے۔ یہاں بلند و بالا پہاڑی سلسلے، خوب صورت وادیاں، زرخیز میدان، وسیع صحرا اور معدنیات کی دولت سے مالا مال سطوح مرتفع موجود ہیں۔ اس کے علاوہ تازہ پانی کے چشمے، آبشاریں، جھیلیں اور دریا پاکستان کی دل کشی میں اضافہ کرتے ہیں۔

**خطّہ (Region)**

ایسے علاقے جن کی سطحِ زمین، آب و ہوا، نباتات، انسانوں کے رہن سہن کے طریقے وغیرہ قریباً ایک جیسے یا ملتے جلتے ہوں، جغرافیائی لحاظ سے ایک خطّہ کہلاتے ہیں۔

## سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- پاکستان کا بلند ترین پہاڑی علاقہ کہاں واقع ہے؟ ____________________
- پاکستان کے اہم صحراؤں کے نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | | |

آیئے! پاکستان کے مختلف طبعی خِطّوں کے بارے میں پڑھتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## پہاڑی سلسلے (Mountain Ranges)

پاکستان کے انتہائی شمال میں پہاڑوں کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔
پاکستان کا یہ پہاڑی سلسلہ تین بڑے حصّوں پر مشتمل ہے:

1۔ شمالی پہاڑی سلسلہ
2۔ شمالی مغربی پہاڑی سلسلہ
3۔ مغربی پہاڑی سلسلہ

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**

1954 میں اٹلی کے چند مہم جوؤں اور کوہ پیماؤں نے آرڈیٹوڈیسیو (Ardito Desio) کی قیادت میں ایک پہاڑ کی چوٹی سر کی موسم کی شدّت اور پہاڑ کی ڈھلوان سطح کے باعث اس چوٹی کو سر کرنا انتہائی مشکل کام تھا لیکن ان کوہ پیماؤں نے اسے ممکن کر دکھایا۔ یہ پاکستان میں واقع پہاڑ کے۔ٹو کی چوٹی تھی جو دنیا بھر میں دوسری بلند ترین چوٹی ہے۔

**پہاڑی سلسلے (Mountain Ranges)**

- مغربی پہاڑی سلسلہ (Western Mountain Range)
  - کوہِ سفید اور وزیرستان کی پہاڑیاں
  - کوہِ سلیمان اور کوہِ کیرتھر
  - راس کوہ اور کوہِ چاغی
- شمال مغربی پہاڑی سلسلہ (North Western Mountain Range)
  - ہندوکش
- شمالی پہاڑی سلسلہ (Northern Mountain Range)
  - قراقرم
  - ہمالیہ
    - ہمالیہ کبیر
    - ہمالیہ صغیر
    - شوالک کی پہاڑیاں

### 1۔ شمالی پہاڑی سلسلہ (Northern Mountain Range)

شمالی پہاڑی سلسلے میں قراقرم اور ہمالیہ کے پہاڑی سلسلے شامل ہیں۔
ان سلسلوں میں موجود اکثر پہاڑ برف پوش رہتے ہیں۔



کے۔ٹو

### کوہِ قراقرم (Karakoram Mountain)

قراقرم کا پہاڑی سلسلہ پاکستان کے شمال میں گلگت سے سکردو کے علاقوں تک پھیلا ہوا ہے۔کے۔ٹو (k-2) اسی سلسلہ کی بلند ترین چوٹی ہے۔کے۔ٹو کو گوڈوِن آسٹن (Godwin Austin) بھی ہیں ، کہتے کیوں کہ اس کے پہلے سروئیر (Surveyor) کا نام گوڈون آسٹن تھا۔اس کی اونچائی 8,611 میٹر ہے۔اس پہاڑی سلسلے میں سیاچن (Siachin) ، بالتورو (Baltoro) اور بیافو (Biafo) جیسے گلیشیئرز پائے جاتے ہیں۔قراقرم پہاڑی سلسلہ کی اوسط بلندی قریباً 6000 میٹر ہے۔پاکستان کو چین سے ملانے والی شاہراہ ریشم اسی پہاڑی سلسلے میں سے گزرتی ہے۔ہنزہ ، گلگت اور سکردو اسی پہاڑی سلسلے میں واقع ہیں۔

برائے اساتذہ
- طلبہ کو بتائیں کہ طبعی خطّہ پہاڑی، میدانی، صحرائی اور دیگر علاقوں پر مشتمل ہوتا ہے۔انھیں بتائیں کہ زمین کی سطح سے بلند اور اطراف سے ڈھلوان جگہ کو پہاڑ کہتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### کوہِ ہمالیہ (Himalayas Mountain)



نانگا پربت

قراقرم کے جنوب میں ہمالیہ کا پہاڑی سلسلہ پایا جاتا ہے۔اس کی بلندترین چوٹی نانگا پربت ہے۔نانگا پربت کی اونچائی 8,126 میٹر ہے۔یہ چوٹی گلگت بلتستان کے ضلع دیامیر میں واقع ہے۔ہمالیہ کے پہاڑی سلسلے ہمالیہ کبیر (Great Himalayas)، ہمالیہ صغیر (Lesser Himalayas) اور شوالک کی پہاڑیوں (Siwalik Hills) پر مشتمل ہیں۔مری،نتھیا گلی، ایوبیہ اور کاغان کی وادیاں اس پہاڑی سلسلے کے دامن میں پائی جاتی ہیں۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

شمالی، شمال مغربی اور مغربی پہاڑی سلسلے سطح مرتفع پامیر پر آکر ملتے ہیں۔اس جگہ کو پامیر کی گرہ (Pamir Knot) کہتے ہیں۔یہاں ایک منفرد پہاڑی مقام ہے۔

#### ہمالیہ کبیر (Great Himalayas)

ہمالیہ کبیر سوات، کوہستان اور گلگت بلتستان کے بلند پہاڑوں پر مشتمل ہے۔اس پہاڑی سلسلے کی اوسط بلندی قریباً 5500 میٹر سے زائد ہے۔

#### ہمالیہ صغیر (Lesser Himalayas)

ہمالیہ صغیر آزاد کشمیر اور پیر پنجال کے پہاڑی سلسلوں پر مشتمل ہے۔اس پہاڑی سلسلے کی اوسط بلندی قریباً 4,000 میٹر ہے۔

#### شوالک کی پہاڑیاں (Siwalik Hills)

ان پہاڑیوں میں اسلام آباد، ایبٹ آباد اور ہزارہ کی کم بلند پہاڑیاں شامل ہیں۔ان کی اوسط بلندی قریباً 1000 میٹر ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 2۔ شمال مغربی پہاڑی سلسلہ (North Western Mountain Range)

اس پہاڑی سلسلے میں ہندوکش کا پہاڑی علاقہ شامل ہے۔

### کوہِ ہندوکش (Hindu kuch Mountain)



ترچ میر

ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ پاکستان کے شمال مغربی حصّے میں افغانستان کی سرحد کے ساتھ ساتھ پھیلا ہوا ہے۔اس سلسلے کی بلندترین چوٹی ترچ میر ہے جس کی بلندی قریباً 7,690 میٹر ہے۔اس پہاڑی سلسلے میں چترال، سوات اور مالاکنڈ کے علاقے شامل ہیں۔یہ سلسلہ دریائے کابل تک جاتا ہے۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو پاکستان کا طبعی نقشہ دکھاتے ہوئے اس کے طبعی خطوں کے محلِ وقوع کے بارے میں بتائیں۔نیز بتائیں کہ خیبر پختونخوا کا زیادہ تر حصّہ پہاڑی سلسلوں پر مشتمل ہے۔پنجاب اور سندھ میدانی علاقوں پر مشتمل صوبے ہیں اور بلوچستان کا زیادہ تر حصّہ سطح مرتفع ہے۔



NOT FOR SALE

## 3۔ مغربی پہاڑی سلسلہ(Western Mountain Range)

مغربی پہاڑی سلسلے میں درج ذیل پہاڑ شامل ہیں:

### کوہِ سفید اور وزیرستان کی پہاڑیاں(Koh-e-Sufaid and Waziristan Hills)



سیکارام

کوہِ سفید ہندوکش کے جنوب میں دریائے کابل اور دریائے کُرّم کے درمیان میں واقع ہے۔ یہ پہاڑی سلسلہ افغانستان کی سرحد کے ساتھ ساتھ پھیلا ہوا ہے۔ درہ خیبر اس پہاڑی سلسلے کا اہم درہ ہے جو پشاور کو کابل سے ملاتا ہے۔ کوہِ سفید کے جنوب میں وزیرستان کی پہاڑیاں واقع ہیں۔ کوہ سفید کی بلند ترین چوٹی سیکارام ہے جس کی بلندی قریباً 4761 میٹر ہے۔ یہ پہاڑی سلسلہ دریائے کُرّم اور دریائے گومل کے درمیان واقع ہے۔ یہاں کے اہم دروں میں درہ کُرّم، درہ ٹوچی، درہ گومل اور درہ بولان شامل ہیں۔

### کوہِ سلیمان اور کوہِ کیرتھر(Koh-e-Sulaiman and Kirthar Mountain)



تختِ سلیمان

کوہِ سلیمان دریائے گومل کے جنوب میں واقع ہے۔ یہ پہاڑی سلسلہ بلوچستان اور پنجاب کے درمیان واقع ہے۔ اس سلسلے کی بلند ترین چوٹی تختِ سلیمان ہے جس کی بلندی قریباً 3379 میٹر ہے۔ یہاں کے اہم درے کا نام درہ بولان ہے۔ کوہِ کیرتھر، کوہِ سلیمان کے جنوب میں بلوچستان اور سندھ کے درمیان میں واقع ہے۔ کوہِ کیرتھر کے مغرب میں مکران اور پَب کے پہاڑی سلسلے واقع ہیں۔

### راس کوہ اور کوہِ چاغی(Raskoh and Chaghai Hills)

صوبہ بلوچستان کے مغربی حصّے میں راس کوہ اور کوہِ چاغی واقع ہیں۔ کوہِ چاغی پاکستان اور افغانستان کی سرحد پر واقع ہے۔

## سطوحِ مرتفع(Plateaus)

پاکستان کی سرزمین دو سطحِ مرتفع پر مشتمل ہے۔ سطحِ مرتفع کا یہ علاقہ کوئلے، گیس، گندھک، لوہا، تانبا اور ایلومینیئم جیسی معدنیات سے مالا مال ہے۔






NOT FOR SALE

## 1۔ سطحِ مرتفع پوٹھوار (Pothwar Plateau)



کھیوڑہ (نمک کی کان)

سطحِ مرتفع پوٹھوار دریائے سندھ اور دریائے جہلم کے درمیان واقع ہے۔ اس سطحِ مرتفع میں جہلم، چکوال، اٹک اور راولپنڈی کے اضلاع شامل ہیں۔ بارشوں اور برساتی نالوں کی وجہ سے پوٹھوار کی سطح زمین کٹی پھٹی، پتھریلی اور بنجر ہے اس لیے کاشت کاری کے لیے موزوں نہیں۔ صرف اُن علاقوں میں کھیتی باڑی ہوتی ہے جو دریاؤں کے قریب واقع ہیں۔ یہاں کم مقدار میں بارش ہوتی ہے۔ پاکستان کے سب سے زیادہ چھوٹے ڈیم اسی علاقے میں بنائے گئے ہیں۔ البتہ یہ علاقہ مختلف قسم کی معدنیات جیسے چونے کا پتھر، کوئلے، نمک اور معدنی تیل وغیرہ کے ذخائر سے مالا مال ہے۔ اس سطحِ مرتفع کے جنوب میں کوہستانِ نمک موجود ہے جہاں دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان ''کھیوڑہ'' واقع ہے۔

یہاں کے مشہور دریاؤں میں دریائے ہارو اور دریائے سواں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں کئی موسمی ندیاں بھی بہتی ہیں۔

وادیِ سون سکیسر اور کلر کہار بھی اسی سطحِ مرتفع میں پائی جاتی ہیں۔

## 2۔ سطحِ مرتفع بلوچستان (Balochistan Plateau)

سطحِ مرتفع بلوچستان کوہِ کیرتھر اور کوہِ سلیمان کے مغرب میں واقع ہے۔ یہ علاقہ زیادہ تر خشک اور بنجر پہاڑیوں پر مشتمل ہے۔ سنٹرل مکران رینج (Central Makran Range)، سیہان رینج (SehanRange) اور ٹوبہ کاکڑ رینج (TobaKakar Range) ، سطحِ مرتفع بلوچستان کے اہم پہاڑی سلسلے ہیں۔ معدنی اعتبار سے یہ علاقہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ قدرتی گیس، گندھک، تانبا اور کوئلہ یہاں کی اہم معدنیات ہیں۔ یہاں کی آب و ہوا شدید اور خشک ہے۔

خشک آب و ہوا اور کم بارش کے باعث یہ علاقہ صحرائی خصوصیات کا حامل ہے۔ البتہ جن علاقوں میں پانی دستیاب ہے وہاں پھلوں کے باغات (سیب، آڑو، انگور اور انار وغیرہ) پائے جاتے ہیں۔ ان باغات کو ''زیرِ زمین (نالیوں) کی مدد سے سیراب کیا جاتا ہے۔

یہاں کے اہم دریاؤں میں ژوب، پورالی، ہنگول، حب اور دشت شامل ہیں۔

## میدانی علاقے (Plain Areas)

پاکستان کا میدانی علاقہ انتہائی زرخیز ہے۔ اس خطّے کا موسم، پانی اور مٹی کاشت کاری کے لیے نہایت موزوں ہے۔ پاکستان کا میدانی علاقہ دو حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

میدان
- دریائے سندھ کا بالائی میدان
- دریائے سندھ کا زیریں میدان

### 1۔ دریائے سندھ کا بالائی میدان (Upper Indus Plain)

دریائے سندھ کا بالائی میدان صوبہ پنجاب کے زیادہ تر حصّے پر مشتمل ہے۔ یہ علاقہ سطحِ مرتفع پوٹھوار سے شروع ہو کر کوٹ مٹھن تک پھیلا ہوا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

یہ خطّہ پانچ دریاؤں کی سرزمین بھی کہلاتا ہے۔ یہ میدان دریاؤں کی لائی ہوئی نرم اور زرخیز مٹی سے بنا ہے۔ ان دریاؤں میں دریائے سندھ، دریائے جہلم، دریائے چناب، دریائے راوی اور دریائے ستلج شامل ہیں۔ بعض مقامات پر ان دریاؤں سے نہریں بھی نکالی گئی ہیں۔ نہروں کے اس جال کی وجہ سے اس علاقے میں فصلوں کو آسانی سے پانی دستیاب ہوجاتا ہے۔

## 2۔ دریائے سندھ کا زیریں میدان (Lower Indus Plain)

صوبہ پنجاب کا جنوبی حصّہ اور صوبہ سندھ کا زیادہ تر حصّہ مل کر دریائے سندھ کا زیریں میدان کہلاتا ہے۔ یہ علاقہ کوٹ مٹھن سے شروع ہوکر بحیرہ عرب تک پھیلا ہوا ہے۔ کوٹ مٹھن کے مقام پر دریائے سندھ کے معاون دریا ( دریائے جہلم ، دریائے چناب، دریائے ستلج اور دریائے راوی ) دریائے سندھ میں شامل ہوجاتے ہیں۔ اس طرح دریائے سندھ اکیلا ہی کوٹ مٹھن سے بحیرہ عرب تک بہتا ہے۔ یہ میدان بھی انتہائی زرخیز ہے، جسے دریائے سندھ اور اس سے نکالی گئی نہریں سیراب کرتی ہیں۔ اس میدان کا مشرقی حصّہ صحرا پر مشتمل ہے۔




## صحرائی علاقے (Desert Areas)

پاکستان کے صحرائی علاقے انتہائی ریتلے اور گرم ہیں۔ پاکستان کے صحرائی علاقے تین بڑے صحراؤں پر مشتمل ہیں۔



NOT FOR SALE




### 1۔ تھل (Thal)

تھل کا ریگستان پنجاب میں دریائے سندھ اور دریائے جہلم کے درمیان میں واقع ہے۔ یہ صحرا خوشاب، بھکر، لیہ، میانوالی اور مظفرگڑھ کے اضلاع میں واقع ہے۔

### 2۔ تھر (Thar)

تھر کا ریگستان سندھ کے مشرقی اور جنوب مشرقی حصّے پر مشتمل ہے۔ یہ پاکستان کا سب سے بڑا صحرا ہے۔ سندھ کے علاوہ اس کا کچھ حصّہ مشرقی پنجاب میں بھی پایا جاتا ہے۔ سندھ میں جو حصّہ پایا جاتا ہے وہ ''صحرائے نارا'' (Nara Desert) کہلاتا ہے۔ یہ حصّہ گھوٹکی، سانگھڑ، میرپور خاص اور تھرپارکر کے علاقوں پر مشتمل ہے اور پنجاب میں تھر کا جو حصّہ ہے اسے ''چولستان'' (Cholistan Desert) کہتے ہیں۔ پنجاب میں یہ صحرا بہاول نگر، بہاول پور اور رحیم یار خان کے علاقوں پر مشتمل ہے۔

### 3۔ خاران (Kharan)

خاران کا صحرا زیادہ تر بلوچستان کے ضلع خاران میں واقع ہے، جو بلوچستان کے مغربی حصّے پر مشتمل ہے۔ اس صحرا کے اردگرد پہاڑیاں واقع ہیں۔ یہاں کا موسم انتہائی خشک ہے۔ اس صحرا میں کانٹے دار جھاڑیاں اور پودے پائے جاتے ہیں۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

کوہِ چاغی اور سیہان کے درمیان میں ایک وسیع صحرا (خاران) واقع ہے۔ اس صحرا میں نمکین پانی کی ایک جھیل واقع ہے جسے ہامون مشخیل کہا جاتا ہے۔

## ساحلی علاقے (Coastal Areas)



گوادر کی بندرگاہ

بحیرہ عرب کے کنارے سندھ اور بلوچستان کا ساحلی علاقہ واقع ہے۔ جس کی لمبائی قریباً 1058 کلومیٹر ہے۔ اس ساحلی علاقے میں تفریحی مقامات اور بندرگاہیں واقع ہیں۔ کراچی پورٹ، پورٹ قاسم اور کیٹی بندر پورٹ سندھ کے ساحلی علاقے پر واقع ہیں۔ کراچی پورٹ پاکستان کی سب سے بڑی اور مصروف ترین بندرگاہ ہے۔ بلوچستان کا ساحلی علاقہ، گوادر، پسنی اور جیوانی کی بندرگاہوں پر مشتمل ہے۔ گوادر کی بندرگاہ مستقبل میں پاکستان کی معاشی سرگرمیوں کا اہم مرکز ہے۔ یہ بندرگاہ ''چین پاکستان اقتصادی راہداری'' یعنی سی پیک (CPEC) کا اہم حصّہ ہے۔ یہ چین اور پاکستان کے درمیان تجارت کو فروغ دینے کا ایک منصوبہ ہے۔

**کرتے ہیں کچھ نیا!**

**Let's do something new!**

اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر چارٹ پر پاکستان کے نقشے کا خاکہ بنائیں۔ اس میں مختلف رنگوں کا استعمال کرتے ہوئے پاکستان کے طبعی خطّے دکھائیں، جیسے پہاڑی سلسلہ دکھانے کے لیے بھورا رنگ استعمال کریں۔ میدانی علاقے کے لیے سبز رنگ، سطح مرتفع کے لیے پیلا رنگ، صحرائی علاقے کے لیے نارنجی رنگ اور ساحلی علاقہ دکھانے کے لیے نیلا رنگ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## مختلف خطّوں میں آباد لوگوں کا طرزِ زندگی (Lifestyle of the People Living in Different Regions)

پاکستان کے مختلف طبعی خِطّوں میں رہنے والے لوگوں کی طرزِ زندگی دوسرے خطّوں میں رہنے والے لوگوں سے مختلف ہے۔ آیئے! پاکستان میں رہنے والے لوگوں کے طرزِ زندگی کے بارے میں جانتے ہیں:



پہاڑی خطّے میں برف باری کا منظر

### 1۔ پہاڑی خِطّے (Mountainous Region)

پہاڑی علاقوں میں موسمِ سرما میں شدید سردی پڑتی ہے اور اکثر برف باری بھی ہوتی ہے۔ اس علاقے کے لوگ موٹے اونی کپڑے پہنتے ہیں تاکہ سردی سے محفوظ رہ سکیں۔ موسم گرما معتدل رہتا ہے۔ گلہ بانی یہاں کے لوگوں کا اہم پیشہ ہے۔ اس کے علاوہ سیاحت بھی آمدنی کا ذریعہ ہے۔ کاشت کاری کا پیشہ وادیوں میں رہنے والے لوگ اپناتے ہیں۔



سطحِ مرتفع

### 2۔ سطوحِ مرتفع (Plateaus)

پاکستان کی سطوحِ مرتفع میں رہنے والے لوگوں کو گرمیوں میں شدید گرمی اور سردیوں میں شدید سردی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ البتّہ یہ علاقے معدنی وسائل سے مالا مال ہیں، اس لیے یہاں کے لوگوں کا اہم پیشہ کان کنی ہے۔ اس کے علاوہ کچھ علاقوں میں کاشت کاری بھی کی جاتی ہے۔ موسم کی شِدّت کے باعث سطوحِ مرتفع کے لوگ ڈھیلے ڈھالے سوتی لباس کا استعمال کرتے ہیں۔



کاریز

سطحِ مرتفع بلوچستان کے بعض علاقوں میں پینے کا صاف پانی بھی دور دراز مقامات سے لانا پڑتا ہے۔ آب پاشی کے لیے کاریز کا نظام استعمال ہوتا ہے۔

### 3۔ میدانی علاقے (Plain Areas)



میدانی علاقہ

میدانی علاقوں میں رہنے والے زیادہ تر لوگوں کا پیشہ زراعت ہے۔ اس کے علاوہ لوگ صنعت کاری سے بھی وابستہ ہیں۔ پاکستان کے میدانی علاقے گنجان آباد ہیں۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہاں کی زرخیز زمین، سازگار موسم اور آب و ہوا ہے۔

**ذرا رُکیں اور بتائیں (Hold on Please and tell)**

پاکستان کے میدانی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی زندگی کس طرح سطحِ مرتفع میں رہنے والے لوگوں سے مختلف یا ملتی جُلتی ہے؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 4۔ صحرائی علاقے (Desert Areas)



صحرائی علاقہ

پاکستان کے صحرائی علاقے انتہائی گرم ہیں۔ ریتلے علاقوں اور پانی کی کمی کی وجہ سے یہاں کاشت کاری نہیں کی جاسکتی۔ یہاں لوگ خانہ بدوشوں کی طرح زندگی گزارتے اور بھیڑ بکریاں پال کر گزر بسر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں اُونٹ بھی پالے جاتے ہیں۔

## 5۔ ساحلی علاقے (Coastal Areas)



ساحلی علاقہ

پاکستان کا ساحلی علاقہ قریباً 1058 کلومیٹر پر مشتمل ہے۔ ساحلی شہر بندرگاہوں کی موجودگی کی وجہ سے معاشی سرگرمیوں کا مرکز ہیں۔ یہاں زیادہ تر لوگ تجارت اور صنعت کے پیشے سے وابستہ ہیں۔ ماہی گیری بھی یہاں کے لوگوں کا اہم پیشہ ہے۔ یہاں کی آب و ہوا معتدل ہے۔ ساحلی علاقے کی ہوا میں زیادہ نمی پائی جاتی ہے۔ ساحلی علاقے گنجان آباد ہیں اور آبادی کی گنجانی کے باعث وسائل کی کمی ہے۔ مثال کے طور پر یہاں رہنے والے لوگوں کو صاف پانی کی فراہمی میں دشواری کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے صحّت کے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)

- پاکستان کے طبعی خطّوں میں پہاڑی سلسلے، سطحِ مرتفع، میدانی علاقے، صحرائی علاقے اور ساحلی علاقے شامل ہیں۔
- پاکستان کے مختلف طبعی خِطّے مختلف خصوصیات کے حامل ہیں۔ ہر طبعی خِطّے کے لوگوں کا طرزِ زندگی بھی مختلف ہے۔

### میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i طبعی خِطّہ کسے کہتے ہیں؟

ii پاکستان کے اہم طبعی خِطّوں کے نام لکھیں۔

iii سطحِ مرتفع بلوچستان میں پائے جانے والے اہم دریاؤں کے نام لکھیں۔

iv کے ٹو (k-2) پہاڑ کے بارے میں تین سطور تحریر کریں۔

v گوادر کی بندرگاہ کی کیا اہمیت ہے؟

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

پاکستان کے طبعی خدوخال کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

https://www.britannica.com/place/Pakistan/The-Himalayan-and-Karakoram-ranges

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i پاکستان کے میدانی علاقوں پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔

ii پہاڑی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی طرزِ زندگی کا موازنہ صحرائی علاقوں میں رہنے والے لوگوں سے کریں۔

iii سیاحت کے حوالے سے پاکستان کے متنوّع (diverse) طبعی خدوخال کی کیا اہمیت ہے؟ اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔



NOT FOR SALE

3۔ دی ہوئی جگہ میں پاکستان کے پہاڑی سلسلوں، سطوح مرتفع، میدانی علاقوں اور صحراؤں کے نام تحریر کریں۔




4۔ دیے ہوئے جدول میں پاکستان سے متعلّق معلومات فراہم کریں۔

| | |
|---|---|
| کوہ قراقرم کی بلندترین چوٹی ہے: | |
| کوہ ہمالیہ کی بلندترین چوٹی ہے: | |
| کوہ ہندوکش کی بلندترین چوٹی ہے: | |
| پاکستان کے اہم درے ہیں: | |
| پاکستان کی سب سے بڑی نمک کی کان ہے: | |
| کوہِ سلیمان کی بلندترین چوٹی ہے: | |
| پاکستان کی اہم بندرگاہیں ہیں: | |

## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی:** پاکستان کے سیاحتی نقشے کی مدد سے سیاحتی مقامات کی فہرست مرتّب کریں، نیز کسی ایک علاقے کے سیاحتی نقشے کی مدد سے اہم مقامات، ہوٹل اور اہم سڑکوں کی نشان دہی کریں۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ہر گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ پاکستان کے سیاحتی مقامات کے نقشے اکٹھے کریں۔ بعد ازاں ان سے کہیں کہ اہم سیاحتی مقامات کی فہرست بنائیں اور ہوٹل، اہم سڑکوں اور راستوں کی نشان دہی کریں۔ سطح مرتفع ہموار اور اطراف سے ڈھلوان ہوتی ہے، جب کہ اس کی سطح زمین سے بلند ہوتی ہے۔ ہموار اور کم ڈھلوان سطح میدانی علاقہ ہوتا ہے۔ صحرا ریت کے ٹیلوں پر مشتمل ہوتا ہے، جہاں انتہائی کم بارش ہوتی ہے۔ سمندر سے قریبی علاقہ ساحلی علاقہ کہلاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

# موسم اور آب وہوا
# (Weather and Climate)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ایسے عوامل بیان کر سکیں جو آب وہوا پر اثر انداز ہوتے ہیں۔
- آب وہوا کے بدلنے اور گلوبل وارمنگ (Global warming) کے اثرات بیان کر سکیں۔
- قدرتی آفات کی شناخت کر سکیں اور انسانی زندگی پر ان کے اثرات بیان کر سکیں۔
- سیلاب اور زلزلے کی صورتوں میں احتیاطی تدابیر تجویز کر سکیں۔

## سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- پاکستان کے پہاڑی اور میدانی علاقوں کے موسم میں کیا فرق ہے؟ ______________________

______________________________________________

- درجہ حرارت ماپنے کے لیے کس آلے کا استعمال کیا جاتا ہے؟ تصویر بنائیں۔

موسم ہر روز اور ہر لمحہ تبدیل ہوتا ہے۔ صبح سے شام تک موسم میں نمایاں فرق نظر آتا ہے مثلاً اگر دن کے وقت کسی جگہ شدید گرمی کا موسم ہو اور وہاں شام تک بارش ہو جائے تو موسم خوش گوار ہو جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## موسم اور آب وہوا (Weather and Climate)

اسلام آباد کی درج ذیل موسمی رپورٹ پر ایک نظر ڈالیں۔

| موسمی رپورٹ (Weather Report) | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 4 جنوری ہفتہ | 5 جنوری اتوار | 6 جنوری پیر | 7 جنوری منگل | 8 جنوری بدھ | 9 جنوری جمعرات | 10 جنوری جمعہ |
|  |  |  |  |  |  |  |
| 12°C | 9°C | 8°C | 8°C | 11°C | 12°C | 13°C |

اس رپورٹ سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ پورے ہفتے کا موسم ایک جیسا نہیں ہے۔کبھی دھوپ نکلی ہے تو کبھی بادل اور بارش۔دھوپ، بارش اور بادل وغیرہ موسمی کیفیات ہیں۔کسی خاص جگہ اور وقت پر اردگرد کے ماحول کی کیفیت کو موسم (Weather) کہتے ہیں۔جب یہ اوسط موسم زیادہ عرصے تک کسی جگہ پر برقرار رہے تو آب وہوا (Climate) کہلاتا ہے۔دنیا کے کئی خطّوں کی آب وہوا شدید سرد ہے اور کئی خِطّوں کی شدید گرم۔ان خطّوں میں آب وہوا کی یہ کیفیت سال ہا سال ایک جیسی رہتی ہے۔

**ذرا رُکیں اور بتائیں!**
**Hold on Please and tell!**
موسم اور آب وہوا میں کیا فرق ہے؟




آب وہوا کے خطے

برائے اساتذہ
- طلبہ کو ایک ہفتے کی موسم کی رپورٹ کی مدد سے بتائیں کہ موسم ہر گھنٹے، ہر دن غرض ہر وقت بدلتا رہتا ہے، جب کہ کسی علاقے کی آب وہوا ایک لمبے عرصے تک ایک جیسی رہتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

# آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل (Factors affecting Climate)

دنیا کے مختلف خطّوں کا موسم مختلف ہے۔ کسی خِطّے کی آب و ہوا گرم ہے تو کسی خِطّے میں شدید سردی پڑتی ہے۔ بہت سے عوامل ایسے ہیں جو دنیا کے خطّوں کی آب و ہوا پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ آیئے! ان کا جائزہ لیتے ہیں۔

## خطِ استوا سے فاصلہ (Distance from the Equator)




ایسے علاقے جو خطِ استوا (Equator) کے قریب واقع ہوتے ہیں، وہاں درجہ حرارت زیادہ ہوتا ہے، کیوں کہ خطِ استوا پر سورج کی شعاعیں عموداً پڑتی ہیں۔ مثال کے طور پر ایکواڈور، برازیل، کینیا، انڈونیشیا وغیرہ خطِ استوا پر واقع ہیں۔ وہ علاقے جو قطبین (Poles) پر واقع ہیں، وہاں درجہ حرارت کم ہوتا ہے، کیوں کہ قطبین پر سورج کی شعاعیں ترچھی پڑتی ہیں۔ قطبِ شمالی کے قریب کینیڈا، ڈنمارک اور روس وغیرہ واقع ہیں۔

## سطحِ سمندر سے بلندی (Altitude from sea)




جیسے جیسے ہم بلندی کی طرف بڑھتے جاتے ہیں درجہ حرارت کم ہوتا جاتا ہے۔ پہاڑی علاقے سطحِ سمندر سے بلند ہوتے ہیں، اس لیے پہاڑی علاقوں کی آب و ہوا سرد ہوتی ہے۔ اس کی نسبت میدانی علاقوں کی آب و ہوا گرم ہوتی ہے۔

**ذرا رُکیں اور بتائیں!**

**Hold on Please and tell!**

مری اور کراچی کی آب و ہوا میں نمایاں فرق کیوں ہے؟

## بحری رَوئیں (Ocean Currents)

سمندر (بحر) میں پانی کے مسلسل بہاؤ کو بحری رَو کہتے ہیں۔ عام طور پر بحری رَوئیں دو طرح کی ہوتی ہیں: گرم پانی کی رَوئیں اور ٹھنڈے پانی کی رَوئیں۔ گرم پانی کی رَوئیں اپنے ساحلی علاقوں کا درجہ حرارت زیادہ یا معتدل کر دیتی ہیں اور ٹھنڈے پانی کی رَوئیں اپنے ساحلی علاقوں کا درجہ حرارت کم کر دیتی ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## ہواؤں کا رخ (Direction of Winds)

گرم علاقوں سے آنے والی ہوائیں کسی علاقے کے درجہ حرارت میں مزید اضافہ کرتی ہیں، جب کہ سرد علاقوں سے آنے والی ہواؤں سے درجہ حرارت میں کمی آتی ہے۔ سمندروں سے آنے والی ہوائیں عام طور پر بخارات سے بھرپور ہوتی ہیں، جو بعض اوقات بارش برسانے کا باعث بھی بنتی ہیں۔

## انسانی سرگرمیوں کے آب و ہوا پر اثرات (Effect of Human activities on Climate)

قدرتی عوامل کے علاوہ کچھ انسانی سرگرمیاں بھی آب و ہوا پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ یہ سرگرمیاں درج ذیل ہیں:



درختوں کی کٹائی

- درخت کاربن ڈائی آکسائیڈ (Carbon Dioxide) جذب کرتے ہیں اور آکسیجن (Oxygen) خارج کرتے ہیں۔ درختوں کی کٹائی سے کاربن ڈائی آکسائیڈ فضا میں شامل ہوتی رہتی ہے۔
- ہم فیکٹریوں میں پٹرول، کوئلہ اور گیس وغیرہ بطور ایندھن استعمال کرتے ہیں۔ اس ایندھن کے جلنے سے کاربن ڈائی آکسائیڈ اور دوسری گیسیں فضا میں شامل ہوتی ہیں۔
- گاڑیوں اور فیکٹریوں سے نکلنے والا دھواں فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار بڑھاتا ہے۔

سائنس دانوں کا خیال ہے کاربن ڈائی آکسائیڈ گلوبل وارمنگ کی ایک بڑی وجہ ہے۔ آیئے! گلوبل وارمنگ کے بارے میں جانتے ہیں:

## گلوبل وارمنگ (Global Warming)




گرین ہاؤس ایفیکٹ

ہماری زمین گیسوں کے ایک غلاف میں لپٹی ہوئی ہے۔ اسے کرہ ہوائی (Atmosphere) کہتے ہیں۔ سورج کی شعاعیں گیسوں کے اس غلاف سے گزر کر زمین تک پہنچتی ہیں۔ ان شعاعوں میں سے کچھ زمین میں جذب ہو جاتی ہیں اور کچھ واپس مڑ جاتی ہیں۔ جب شعاعیں واپس مڑتی ہیں تو فضا میں موجود کاربن آکسائیڈ اور دوسری گیسوں کی وجہ سے یہ شعاعیں کرہ ہوائی کے غلاف سے باہر نہیں نکل سکتیں۔ اس طرح یہ گیسیں زمین کے درجہ حرارت میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔ اسے گرین ہاؤس ایفیکٹ (Green House Effect) کہتے ہیں اور ان گیسوں کو گرین ہاؤس گیسیں (Green House Gases) بھی کہا جاتا ہے۔ گرین ہاؤس ایفیکٹ کی وجہ سے زمین کے درجہ حرارت میں اضافہ گلوبل وارمنگ (Global Warming) کہلاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## گلوبل وارمنگ کے اثرات (Effects of Global Warming)

گلوبل وارمنگ کے چند اثرات یہ ہیں۔

- گلیشیرز کا پگھلنا
- سمندروں میں پانی کی سطح کا بڑھ جانا
- شدید موسمی کیفیات
- جلد اور سانس کے امراض میں اضافہ

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**
گلوبل وارمنگ کی وجہ سے درجہ حرارت میں اضافہ موسموں کی تبدیلیوں کا باعث بھی بنتا ہے۔ اس کی مثال کراچی میں ہونے والی 2020 کی مون سون بارشیں ہیں۔ جن کے باعث کراچی شہر میں سیلاب کی صورت حال پیدا ہوئی اور لوگوں کا جانی و مالی نقصان ہوا۔ کراچی میں گذشتہ ساٹھ ستر سالوں میں اتنی شدید بارش کبھی نہیں ہوئی۔

ان خطرات سے بچاؤ کے لیے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں۔ صنعتوں سے پیدا ہونے والی زہریلی گیسوں کو کم کیا جائے۔ ایسی گاڑیاں استعمال کی جائیں جو کم از کم دھواں چھوڑیں۔ کم فاصلہ طے کرنے کے لیے پیدل چلا جائے۔ کوئلے اور گیس کی بجائے توانائی کے متبادل وسائل استعمال کیے جائیں، جیسے سولر انرجی (Solar Energy) اور وِنڈ انرجی (Wind Energy)۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**
فضا میں قدرتی طور پر کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار 0.03% ہے۔ اگر فضا میں یہ مقدار بڑھ جائے تو گلوبل ٹمپریچر (Global Temperature) بھی بڑھ جائے گا، جس سے زمین پر موجود زندگی کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

**کرتے ہیں کچھ نیا!**
**Let's do something new!**
اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر گلوبل وارمنگ اور اس کے آب و ہوا پر منفی اثرات سے متعلق چارٹ تیار کریں۔ بعدازاں باقی ہم جماعت ساتھیوں کو گلوبل وارمنگ سے متعلق آگاہی دیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## قدرتی آفات (Natural Disasters)

ایسے قدرتی عوامل اور فطری واقعات، جو نہ صرف انسانوں کی جان و مال بلکہ دوسرے جانداروں کے لیے بھی نقصان کا باعث ہوں، قدرتی آفات (Natural Disasters) کہلاتے ہیں مثلاً گرد باد، خشک سالی، زلزلے، تودوں کا گرنا اور سیلاب قدرتی آفات ہیں۔ آیئے! قدرتی آفات کے اسباب اور ان سے ہونے والے نقصانات کے بارے میں جانیں۔

### گرد باد (Cyclones)


گرد باد

بعض اوقات کسی جگہ پر درجہ حرارت بڑھنے کی وجہ سے ہوا کا دباؤ کم ہو جاتا ہے۔ اس کے مقابلے میں اِردگرد کے علاقے میں ہوا کا دباؤ زیادہ ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں ہوائیں زیادہ دباؤ والے علاقے سے کم دباؤ والے علاقے کی طرف چلنا شروع ہو جاتی ہیں، جس سے گرد باد بنتے ہیں۔ گرد باد سمندروں میں بنتے ہیں اور خشکی کی طرف حرکت کرتے ہیں۔ گرد باد شدید


NOT FOR SALE

طوفانوں، بارشوں اور برف باری کا باعث بنتے ہیں۔ گردباد سے شدید جانی اور مالی نقصان ہوتا ہے۔ درخت جڑوں سے اُکھڑ جاتے ہیں۔ درختوں کے گرنے سے سڑکیں بند ہو جاتی ہیں۔ فصلیں تباہ ہو جاتی ہیں۔ گردباد نہ صرف خشکی بلکہ سمندری علاقوں میں بھی بنتے ہیں۔

## تودے گرنا (Land Sliding)

زمین کی کشش، تیز ہواؤں یا بارش کے سبب جب پہاڑوں سے چٹانیں اور مٹی کے تودے نشیبی علاقوں کی طرف حرکت کریں، تو انھیں تودوں کا گرنا کہتے ہیں ۔ اسے لینڈ سلائیڈنگ (Land Sliding) بھی کہا جاتا ہے۔ تودے اپنے راستے میں آنے والی چیزوں کو تباہ کر دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ راستے بند ہو جاتے ہیں۔ خاص طور پر بارشوں میں تودوں کے گرنے سے شاہراہیں اور سڑکیں بند ہو جاتی ہیں اور آمد و رفت کا سلسلہ متاثر ہو جاتا ہے۔



تودے گرنا

## زلزلہ (Earthquake)

جب زمین کے اندرونی حِصّوں میں مختلف حرکات کے باعث زمین کی ظاہری سطح تھرتھرانے لگے، تو اسے زلزلہ (Earthquake) کہتے ہیں۔ زلزلہ زمین کے کسی ایک اندرونی حِصّے میں پیدا ہوتا ہے لیکن اس کی لہریں چاروں طرف سفر کرتی ہیں۔ بعض اوقات زلزلوں کی وجہ سے انسانی زندگیاں ضائع ہو جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ شاہراہیں، پُل اور عمارتیں بھی تباہ ہو جاتی ہیں۔ اکثر بجلی، گیس اور پانی کا نظام بھی متاثر ہوتا ہے۔



زلزلہ

## سیلاب (Floods)

جب زیادہ بارشوں اور پہاڑوں پر برف پگھلنے کی وجہ سے دریاؤں میں پانی کی سطح بڑھ جائے اور پانی کناروں سے نکل کر باہر کی طرف بہنا شروع ہو جائے، تو اسے سیلاب کہتے ہیں۔ سیلاب سے زرعی زمینوں میں کھڑی فصلیں تباہ ہوتی ہیں۔ جانور پانی کے ساتھ بہ جاتے ہیں اور لوگوں کی املاک کو بھی شدید نقصان پہنچتا ہے۔ انسانی جانوں کو بھی خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں سیلاب زدہ علاقوں میں بیماریاں بھی پھیل جاتی ہیں۔



سیلاب

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## سیلاب سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر (Safety Measures against Floods)

**ذرا رُکیں اور بتائیں! Hold on Please and tell!**
قدرتی آفات کس طرح انسانی زندگیوں کو نقصان پہنچا سکتی ہیں؟

- سیلاب کے خطرات کے پیشِ نظر لوگوں کو پہلے سے اِطلاع دے دی جائے۔
- ایمرجنسی کی صورت میں وہ جگہ خالی کر دی جائے جہاں سیلاب کا خطرہ ہو۔
- سیلاب آنے کی صورت میں بجلی کی تاروں اور کھمبوں سے فاصلہ رکھا جائے۔
- سیلاب کے پانی سے بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہوتا ہے، اس لیے گندے پانی سے فاصلہ رکھا جائے۔
- کھانے پینے کی اشیا اور ابتدائی طبی امداد جیسی سہولتوں کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔

## زلزلے سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر (Safety Measures against Earthquake)

- زلزلے کی صورت میں عمارتوں کو خالی کر دینا چاہیے۔
- ایک بار زلزلہ آنے کے بعد اس کے جھٹکے دوبارہ بھی آ سکتے ہیں، اس لیے خود کو دوبارہ آنے والے زلزلے کے جھٹکوں سے محفوظ رکھنے کے لیے تیار رکھیں۔
- ایسے علاقوں میں زیادہ بلند عمارتیں نہ بنائی جائیں، جہاں زلزلوں کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔
- لوگوں کو زلزلے سے بچاؤ کی مشقیں کروائی جائیں تا کہ ہنگامی صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے تیار رہیں۔


زلزلے کے دوران فوراً زمین پر بیٹھ جائیں


کسی مضبوط چیز کے نیچے اپنے آپ کو محفوظ کریں


زلزلے کے رکنے تک اسی جگہ انتظار کریں

Web version of PECTAA textbook Not for sale

### میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)

- کسی خاص جگہ اور وقت میں اِرد گرد کے ماحول کی کیفیت کو موسم کہتے ہیں۔
- کسی جگہ پر زیادہ عرصے تک رہنے والی موسمی کیفیات آب و ہوا کہلاتی ہے۔
- درختوں کی کٹائی، گاڑیوں، فیکٹریوں سے نکلنے والا دھواں، کوئلے اور گیس کا جلنا ایسی سرگرمیاں ہیں جو آب و ہوا پر اثر انداز ہوتی ہیں۔
- گرد باد، تودے گرنا، خشک سالی، زلزلہ اور سیلاب قدرتی آفات کی چند مثالیں ہیں۔ ان آفات سے انسانوں، جانوروں اور پودوں کو نقصان پہنچتا ہے۔



NOT FOR SALE

## میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

پاکستان کے موسم کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

https://www.pmd.gov.pk/en/

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i موسم کسے کہتے ہیں؟

ii آب و ہوا سے کیا مراد ہے؟

iii قدرتی آفات کیا ہوتی ہیں؟ چند مثالیں دیں۔

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i سطحِ سمندر سے بلندی، بحری رَوئیں اور ہواؤں کا رُخ کِس طرح آب و ہوا پر اثر انداز ہوتے ہیں؟

ii گلوبل وارمنگ سے کیا مراد ہے؟ اس کے چند اثرات لکھیں۔

3۔ دی ہوئی تصویر غور سے دیکھیں۔ یہ سرگرمی کِس طرح آب و ہوا پر اثر انداز ہوتی ہے؟ اس بارے میں چند جُملے تحریر کریں۔



Web version of PECTAA textbook
Not for sale

4۔ اپنے علاقے کا ایک ہفتے کا درجہ حرارت (Temperature) اخبار، ٹیلی وژن یا انٹرنیٹ کے ذریعے معلوم کریں اور درج ذیل خاکہ مکمّل کریں۔

| دن | ہفتہ | اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاریخ | | | | | | | |
| درجہ حرارت | | | | | | | |



NOT FOR SALE

5۔ سرگرمی 4 میں نوٹ کیے ہوئے درجہ حرارت کا لائن گراف (Line Graph) بنائیں۔ نمونے کا لائن گراف نیچے دیا گیا ہے، جس میں لاہور کے چھے مہینوں کا درجہ حرارت دکھایا گیا ہے۔




6۔ نیچے دیا گیا بار گراف (Bar Graph) کوئٹہ میں ہونے والی بارش کی مقدار کو ملی میٹر (mm) میں ظاہر کر رہا ہے۔ آپ اپنے علاقے میں ہونے والی بارشوں کا چھے مہینوں کا ریکارڈ جمع کریں اور دی ہوئی جگہ میں اس کا بار گراف بنائیں۔




## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی 1:** سیلاب اور زلزلے جیسی قدرتی آفات کی صورت میں چند احتیاطی تدابیر تجویز کریں اور چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

**سرگرمی 2:** سکول میں ارتھ ڈے (عالمی یوم ارض) منائیں۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ان سے کہیں کہ ایسی تجاویز پیش کریں جن سے سیلاب اور زلزلے جیسی آفات سے بچا جا سکے اور ان آفات کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کو کم کیا جا سکے۔ بچّوں سے کہیں کہ اپنی تجاویز چارٹ پر لکھیں اور بعد ازاں یہ چارٹ کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ کو ارتھ ڈے کے لیے مختلف چارٹ تیار کرنے کو کہیں، بعد ازاں یہ چارٹ سکول میں نمایاں جگہوں پر لگائیں اور عالمی یوم ارض کا اہتمام کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

# آبادی(Population)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- آبادی میں اضافے کی شرح (Growth Rate) اور آبادی کی گنجانیت (Population Density) کی اصطلاحوں کی تعریف کرسکیں۔
- پاکستان میں آبادی میں اضافے کے عوامل (Factors affecting over population) بیان کرسکیں۔
- آبادی میں اضافہ کس طرح طلبہ کی روزمرّہ زندگی کے معیار پر اثرانداز ہوتا ہے؟ بیان کرسکیں۔

اگر ہم دنیا کی آبادی کا جائزہ لیں تو ہمیں پتا چلے گا کہ 1800ء میں دنیا کی آبادی 1 ارب سے کم تھی اور اب یہ آبادی قریباً 8 ارب ہے۔ دنیا کی آبادی میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور آبادی کی شرح دن بہ دن بڑھ رہی ہے۔

## سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- مردم شماری سے کیا مراد ہے؟
- پاکستان کی حالیہ آبادی کتنی ہے؟ گزشتہ سالوں میں ہونے والی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی کا گراف بنائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## آبادی میں اضافے کی شرح (Population Growth Rate)

کسی ملک یا علاقے کی آبادی میں سالانہ فی صد اضافہ آبادی میں اضافہ کی شرح کہلاتا ہے۔ دنیا کی آبادی میں سالانہ اضافے کی شرح قریباً 1 فی صد ہے، جب کہ پاکستان کی آبادی میں سالانہ اضافے کی شرح قریباً 2.55 فی صد ہے۔

## آبادی کی گنجانیت (Population Density)

دنیا کے مختلف ممالک کی آبادی مختلف ہے۔ کچھ ممالک زیادہ گنجان آباد ہیں، جب کہ کچھ ممالک کم گنجان آباد ہیں۔ ایک مربع کلو میٹر رقبے میں بسنے والے لوگوں کی تعداد کو آبادی کی گنجانیت کہتے ہیں۔ چین، بھارت، پاکستان، بنگلہ دیش، سنگاپور اور ہانگ کانگ دنیا کے گنجان آباد ممالک ہیں، جب کہ گرین لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا اور منگولیا دنیا کے کم گنجان آباد ممالک ہیں۔



NOT FOR SALE

دنیا کی آبادی کی گنجانیت کا نقشہ




حوالہ: Center to International Earth (CIESIN) - Columbia University & NY: NASA Socioeconomic Data and Applications Center (SEDAC)

## آبادی کی گنجانیت معلوم کرنے کا فارمولا: (Formula to find out Population Density)

آبادی کی گنجانیت معلوم کرنے کا ایک طریقہ ہے، جس کے مطابق افراد کی تعداد کو کل رقبے پر تقسیم کرنے سے آبادی کی گنجانیت معلوم ہوسکتی ہے۔

**ذرا رُکیں اور بتائیں!**
**Hold on Please and tell!**
آبادی کی شرح اور آبادی کی گنجانیت میں کیا فرق ہے؟

$$\text{Density} = \frac{\text{Total Population}}{\text{Total Area}}$$

آبادی کی گنجانیت = کُل آبادی / کُل رقبہ

آبادی کی گنجانیت معلوم کرنے کے لیے ایک مثال کی مدد لیتے ہیں۔ 2023ء کی مردم شماری کے مطابق سندھ کی آبادی قریباً 55,696,147 افراد پر مشتمل تھی۔ سندھ کا کل رقبہ 140,914 مربع کلومیٹر ہے۔ اگر کُل آبادی کو کُل رقبے پر تقسیم کیا جائے تو اس علاقے کی آبادی کی گنجانیت معلوم ہو جائے گی۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**
**Do you want to know more?**
کراچی پاکستان کا سب سے گنجان آباد شہر ہے۔

فارمولا: آبادی کی گنجانیت = کُل آبادی / کُل رقبہ = $\frac{55,696,147}{140,914}$

سندھ کی آبادی کی گنجانیت 395 افراد فی مربع کلومیٹر ہے۔

آج ہم نے آبادی میں اضافے کی شرح اور آبادی کی گنجانیت کے بارے میں کافی کچھ سیکھا اور اس نتیجے پر پہنچے کہ دنیا کی آبادی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور ہمارے ملک پاکستان میں آبادی کی سالانہ شرح کافی زیادہ ہے۔ پاکستان کی آبادی میں اضافے کی کئی

برائے اساتذہ

- طلبہ کو آبادی میں اضافے کی شرح اور آبادی کی گنجانیت مثالوں کے ذریعے سے سمجھائیں۔ طلبہ کو ان عوامل کے بارے میں تفصیل سے بتائیں، جو پاکستان کی آبادی میں اضافہ کا باعث ہیں اور یہ بھی بتائیں کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ہمیں اپنے وسائل بڑھانے کی ضرورت ہے۔



NOT FOR SALE

Web version of PECTAA textbook Not for sale

وجوہات ہیں جیسے:

- شرح پیدائش میں اضافہ
- خاندانی منصوبہ بندی کا فقدان
- بچپن کی شادی کا رواج
- ناخواندگی
- بیٹے کی پیدائش کو اہمیت دینا
- جدید طبّی سہولتیں

آبادی کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ ہمارے ملک کے وسائل میں بھی اضافہ ہو، یعنی اگر آبادی میں اضافہ ہے تو لوگوں کو اس حساب سے رہائش، خوراک، روزگار، تعلیم اور تفریح کی سہولتیں بھی میسر آنی چاہییں، ورنہ معیارِ زندگی متاثر ہوتا ہے۔ یہ معیارِ زندگی کس طرح متاثر ہوتا ہے، اس کے لیے یہاں ہم طلبہ کی مثال لیتے ہیں۔ آبادی میں اضافہ طلبہ کی کارکردگی کو متاثر کرسکتا ہے کیوں کہ انھیں تعلیمی وسائل اور سہولیات میں کمی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جیسے:

- ایک استاد 60 یا 70 بچّوں کی کلاس کو پڑھائے گا تو وہ ہر بچّے پر توجہ نہیں دے سکے گا۔
- تفریحی سرگرمیوں میں کمی آئے گی، کیوں کہ کھیل اور دوسری سرگرمیوں کے لیے جگہ اور اشیا دونوں محدود ہوتی ہیں۔

اس لیے ضروری ہے کہ آبادی کے لیے وسائل میں بھی اضافہ ہو۔ ان وسائل کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ہمیں حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا۔

### کرتے ہیں کچھ نیا! (Let's do something new!)

آبادی میں اضافہ کے باعث کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر اس عنوان پر بحث ومباحثہ کرتے ہوئے ایک تقریر تیار کریں اور کمرا جماعت میں ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔

### میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)

- دنیا کی آبادی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور آبادی کی شرح دن بہ دن بڑھ رہی ہے۔
- آبادی کی شرح سے مراد کسی ملک یا علاقے کی آبادی میں سالانہ اضافہ ہے۔
- ایک مربع کلومیٹر رقبے میں بسنے والے افراد کی تعداد آبادی کی گنجانیت کہلاتی ہے۔
- دنیا کے کچھ ممالک یا خطّے زیادہ گنجان آباد ہیں اور کچھ ممالک یا خطّے کم گنجان آباد ہیں۔
- پاکستان میں آبادی میں اضافے کی وجہ شرح پیدائش کا زیادہ ہونا، ناخواندگی اور بچپن کی شادی کا رواج ہے۔

### میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

ا۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i. آبادی میں اضافے کی شرح (Growth Rate) سے کیا مراد ہے؟

ii. آبادی کی گنجانیت (Population Density) کسے کہتے ہیں؟

iii. آبادی کی گنجانیت کس طرح معلوم کی جاسکتی ہے؟



NOT FOR SALE
Web version of PECTAA textbook Not for sale

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i ایسے کون سے عوامل ہیں جو پاکستان کی آبادی میں اضافے کا باعث ہیں؟

ii آپ کی جماعت میں طلبہ کی تعداد بڑھنے سے آپ کس طرح متاثر ہوں گے؟

iii آبادی بڑھنے سے لوگوں کے معیارِ زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے؟

3۔ افراد کی تعداد اور زمین کے رقبے کی مدد سے آبادی کی گنجانیت معلوم کریں۔

| صوبہ | افراد کی تعداد | زمین کا رقبہ (مربع کلومیٹر) | آبادی کی گنجانیت |
|---|---|---|---|
| بلوچستان | 14,894,402 | 347,190 | |
| پنجاب | 127,688,922 | 205,345 | |

4۔ زیادہ گنجان آباد اور کم گنجان آباد ممالک کی فہرست بنائیں۔

| زیادہ گنجان آباد ممالک | کم گنجان آباد ممالک |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی:** ایسے کون سے عوامل ہیں جو دنیا کی آبادی میں اضافے کا باعث بن رہے ہیں؟ ان عوامل کو نکات کی صورت میں تحریر کریں۔

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

آبادی کے مسائل کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

https://www.un.org/en/sections/issues-depth/population/

برائے اساتذہ

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ان سے کہیں کہ ایسے عوامل تلاش کریں جن سے دنیا کی آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے۔
- طلبہ سے بات چیت کرتے ہوئے ان کے بتائے ہوئے نکات تختہ تحریر پر لکھیں۔ بعدازاں ہر گروہ سے کہیں کہ وہ تمام نکات کی ایک فہرست مرتب کرے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## مشق (Exercise)

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) کا نشان لگائیں۔

i۔ ایسے نقشے جن کی مدد سے ممالک، سرحدیں، دارالحکومت اور اہم شہر تلاش کیے جاسکتے ہیں، کہلاتے ہیں:

(الف) موسمیاتی نقشے　(ب) سیاسی نقشے　(ج) مساحتی نقشے　(د) راستے کے نقشے

ii۔ بیانیہ پیمانے میں نقشوں پر دیے ہوئے فاصلوں کو ظاہر کیا جاتا ہے:

(الف) خط کے ذریعے سے　(ب) تصویروں کے ذریعے سے

(ج) علامات کے ذریعے سے　(د) الفاظ کے ذریعے سے

iii۔ خطوطِ عرض بلد تعداد میں ہوتے ہیں:

(الف) 360　(ب) 180　(ج) 90　(د) 30

iv۔ پاکستان میں کوہ ہمالیہ کی بلند ترین چوٹی ہے:

(الف) ترچ میر　(ب) تخت سلیمان　(ج) کے۔ٹو　(د) نانگا پربت

v۔ دنیا کی موجودہ آبادی قریباً ہے:

(الف) 6 ارب　(ب) 7 ارب　(ج) 7.5 ارب　(د) 8 ارب

2۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

i۔ 12 ٹائم زونز گرینچ کے شمال میں ہیں اور 12 ٹائم زونز گرینچ کے جنوب میں واقع ہیں۔ ☐

ii۔ K.2 پاکستان کی دوسری بلند ترین چوٹی ہے۔ ☐

iii۔ پاکستان کی سب سے بڑی نمک کی کان کھیوڑہ میں واقع ہے۔ ☐

iv۔ گلوبل وارمنگ سے زمین کے درجہ حرارت میں کمی ہو رہی ہے۔ ☐

v۔ چین، پاکستان اور بھارت دنیا کے گنجان آباد ممالک ہیں۔ ☐

3۔ کالم (الف) کو کالم (ب) کے متعلقہ خانوں سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| خطِ سرطان (Tropic of Cancer) | 23.5 عرض بلد جنوبی |
| خطِ جدی (Tropic of Capricorn) | 66.5 عرض بلد شمالی |
| دائرہ قطب جنوبی (South Pole) | 23.5 عرض بلد شمالی |
| دائرہ قطب شمالی (North Pole) | 66.5 عرض بلد جنوبی |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

باب ششم

# معاشیات (Economics)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اشیا (Goods) اور خدمات (Services) کی تعریف کر سکیں۔
- عوامی اور نجی اشیا و خدمات میں فرق کر سکیں۔
- صارفین (Consumers) اور پیدا کنندگان (Producers) کے افعال کی شناخت کر سکیں۔
- افراطِ زر اور قلّت کی مختلف اقسام اور وجوہات بیان کر سکیں۔
- اشیا اور خدمات (سڑکیں، ہسپتال، سکول اور بجلی وغیرہ) کی فراہمی کے لیے ٹیکسوں (Taxes) اور حکومتی قرضوں (Loans) کی اہمیت کی نشان دہی کر سکیں۔
- تجارت (Trade) برآمدات (Exports) اور درآمدات (Imports) کی تعریف کر سکیں۔
- پاکستان کی ترقی کے لیے بین الاقوامی تجارت (International Trade) کی اہمیت بیان کر سکیں۔
- نقل و حمل کے بڑے ذرائع کی شناخت کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## معاشیات (Economics)

معاشیات ایسا علم ہے جو اشیا اور خدمات کی پیداوار، تقسیم اور ان کے استعمال کی وضاحت کرتا ہے۔ وہ چیزیں جنھیں ہم دیکھ سکیں، چھو سکیں اور اپنے لیے استعمال کر سکیں اشیا کہلاتی ہیں، جیسا کہ پھل، سبزیاں، درخت اور کتاب وغیرہ۔ اشیا کے علاوہ ہم خدمات سے بھی فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جب کوئی شخص اپنی صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے دوسروں کے کام آتا ہے اور ان کے عوض معاوضہ لیتا ہے تو یہ خدمات کہلاتی ہیں۔ مثال کے طور پر ایک ڈاکٹر مریض کا علاج کرتا ہے یا بینکار لوگوں کو بینکاری کی سہولیات دیتا ہے یا استاد تعلیم دیتا ہے تو یہ سب خدمات ہیں۔

### سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- اشیا اور خدمات میں کیا فرق ہے؟ اپنے اردگرد موجود دو اشیا اور دو خدمات کے نام تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| اشیا | | |
| خدمات | | |

اشیا اور خدمات دو طرح کی ہوتی ہیں۔

عوامی اشیا اور خدمات | نجی اشیا اور خدمات



NOT FOR SALE

## عوامی اشیا اور خدمات (Public Goods and Services)




کسی بھی ملک کی حکومت اپنے شہریوں کو جو سہولتیں فراہم کرتی ہے، وہ عوامی یا سرکاری اشیا و خدمات (Public Goods and Services) کہلاتی ہیں۔ یہ سہولتیں حکومت اپنے شہریوں کو مفت فراہم کرتی ہے جیسا کہ پبلک پارکس اور سٹریٹ لائٹس وغیرہ۔

| عوامی خدمات | عوامی اشیا |
|---|---|
| سرکاری سکول اور کالج، سرکاری ہسپتال، ڈاک خانہ، سٹیٹ بینک، عوامی لائبریری، پولیس اور فوج وغیرہ۔ | سڑکیں، بجلی کے کھمبے، بینچ، صاف پانی، پبلک پارکس میں جھولے وغیرہ۔ |




**چند بڑے سرکاری ادارے:**

- پاکستان ریلوے (Pakistan Railway)
- پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (PIA)
- پاکستان ٹیلی وژن (Pakistan Television)
- پاکستان پوسٹ (Pakistan Post)
- واپڈا (Water and Power Development Authority)

## نجی اشیا و خدمات (Private Goods and Services)

نجی اشیا اور خدمات (Private Goods and Services) وہ ہوتی ہیں، جو کسی شخص کی ذاتی ملکیت ہوں۔ نجی اشیا اور خدمات کا شعبہ براہِ راست حکومت کی ملکیت میں نہیں ہوتا، جب کہ عوامی اشیا و خدمات کا شعبہ براہِ راست حکومت کی ملکیت میں ہوتا ہے۔

| نجی خدمات | نجی اشیا |
|---|---|
| ہوٹل، نجی ذرائع آمدورفت، نجی ہسپتال، نجی سکول، نجی کاروبار، کاشت کاری، کوریئر سروس اور گھریلو صنعتیں وغیرہ۔ | خوراک، کپڑے، کھلونے، برتن، ذاتی گھر، گاڑی اور کھیلوں کا سامان وغیرہ۔ |

**ذرا رُکیں اور بتائیں! (Hold on Please and tell!)**

آپ کون کون سی عوامی اشیا اور خدمات سے فائدہ اُٹھاتے ہیں؟




## صارف اور پیداکنندہ (Consumer and Producer)

جو لوگ اشیا تیار اور خدمات فراہم کرتے ہیں انھیں پیداکنندہ (Producer) کہتے ہیں۔ پیداکنندہ میں کسان اور فیکٹریوں کے مالک شامل ہیں۔ کسان فصلیں کاشت کرتے ہیں اور انھیں بیچتے ہیں۔ فیکٹریوں اور صنعتوں کے مالک خام اشیا سے مختلف مصنوعات تیار کروا کر بازار میں بیچتے ہیں۔ وہ لوگ جو اشیا و خدمات کے خریدار اور استعمال کنندہ ہوتے ہیں، صارفین (Consumers) کہلاتے ہیں۔

**برائے اساتذہ**

- طلبہ کو مختلف مثالوں کے ذریعے سے اشیا اور خدمات کی اقسام کے بارے میں بتائیں، جیسے نجی اشیا کی مثال گاڑی یا گھر ہے جو کسی کی ذاتی ملکیت ہو، جب کہ ایک سرکاری ہسپتال، سرکاری ڈاکٹر اور عوامی پارک، عوامی اشیا اور خدمات میں شامل ہے۔ نجی خدمات میں نجی اداروں میں کام کرنے والے افراد کی خدمات شامل ہیں، مثلاً نجی ہسپتال میں کام کرنے والے ڈاکٹر اور دیگر طبّی عملہ وغیرہ۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

صارفین رقم کے عوض اشیا اور خدمات خرید کر انھیں استعمال کرتے ہیں۔

## افراطِ زر (Inflation)

اشیا و خدمات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کی شرح کو افراطِ زر کہتے ہیں۔

بنیادی طور پر افراطِ زر (Inflation) کی دو وجوہات ہوتی ہیں:

i۔ طلب کے مقابلے میں اشیا و خدمات کی رسد کم ہونا۔

ii۔ اشیا و خدمات کی پیداواری لاگت میں اضافہ۔

ان دونوں میں سے کسی ایک یا دونوں وجوہات کی بنا پر قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو جاتا ہے جسے افراطِ زر (Inflation) کہتے ہیں۔ ان کے علاوہ مجموعی ملکی پیداوار میں کمی، درآمدات کے مقابلے میں برآمدات کا کم ہونا اور بین الاقوامی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ بھی ملکی سطح پر افراطِ زر (Inflation) کا باعث بنتے ہیں۔

**کرتے ہیں کچھ نیا!**

**Let's do something new!**

چند ایسی سرگرمیوں کی فہرست بنائیں جو لوگوں کے لیے مفید ثابت ہو سکیں۔

**خام ملکی پیداوار Gross Domestic Product (GDP)**

کسی ملک میں ایک سال کے عرصے میں تیار شدہ اشیا اور خدمات کی مجموعی مالیت کو خام ملکی پیداوار (GDP) کہتے ہیں۔

### افراطِ زر کی اقسام (Types of Inflation)

افراطِ زر (Inflation) کی دو اقسام ہیں۔

### لاگت بڑھنے کا افراطِ زر (Cost Push Inflation)



سائیکل

کسی چیز کی تیاری پر آنے والے خرچ کو لاگت (Cost) کہتے ہیں۔ اس قسم کا افراطِ زر (Inflation) اُس وقت پیدا ہوتا ہے جب اشیا کی لاگت بڑھ جاتی ہے۔ مثال کے طور پر آپ کا سائیکل بنانے کا کارخانہ ہے۔ آپ سائیکل بنانے کے لیے پلاسٹک اور سٹیل کا استعمال کرتے ہیں۔ اگر ان کی قیمتوں میں اضافہ ہو جائے تو سائیکل کی قیمت بھی خود بخود بڑھ جائے گی۔

### طلب بڑھنے کا افراطِ زر (Demand Pull Inflation)

**کرتے ہیں کچھ نیا!**

**Let's do something new!**

اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر چند اشیا کی فہرست بنائیں اور ان کی حالیہ قیمتوں کا موازنہ پچھلے سال کی قیمتوں سے کریں۔

کسی چیز کو خریدنے کا ارادہ اور خریدنے کی قوت (Purchasing Power) کو طلب (Demand) کہا جاتا ہے۔ اس قسم کا افراطِ زر تب پیدا ہوتا ہے جب طلب کے مقابلے میں اشیا کم ہوں۔ مثال کے طور پر آپ کمپیوٹر خریدنے بازار جاتے ہیں۔ بازار میں صرف دس کمپیوٹر ہیں اور خریدار 20 ہیں تو دکان دار آپ سے زیادہ قیمت طلب کرے گا۔ اگر آپ کمپیوٹر خریدنے کے لیے اُس کی اصل قیمت سے زیادہ قیمت دینے پر بھی راضی ہو جاتے ہیں تو یہ طلب میں اضافے کی وجہ سے پیدا ہونے والا افراطِ زر ہوگا۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ اُن سے پوچھیں کہ مختلف ممالک کی کرنسیوں کی قدر میں فرق کیوں ہے؟ اگر وہ 100 روپے، 100 ڈالر اور 100 ریال بازار لے کر جائیں تو کیا ان کے بدلے ایک جیسی اشیا خرید سکیں گے؟

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## قِلّت (Scarcity)

> **قِلّت**
> قِلّت کا مطلب ہے طلب کے مقابلے میں اشیا کا کم ہونا۔

ذرا غور کریں! آپ کو سیب بہت پسند ہیں اور آپ سیب خریدنے بازار جائیں اور وہ نہ ملیں تو آپ کیا محسوس کریں گے؟ لوگوں کو روزمرّہ زندگی میں جب اس قسم کی صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑے تو اسے قِلت کہتے ہیں۔ جب انسانی وسائل (کمپیوٹر، مشین، بجلی، پٹرول اور خام مال) اتنی اشیا و خدمات نہیں پیدا کر پاتے کہ ہر انسان کی ضروریات پوری کی جا سکیں تو قِلت پیدا ہوتی ہے۔

قِلت کئی چیزوں کی ہو سکتی ہے۔ مثال کے طور پر بجلی کی قِلت، خوراک کی قِلت اور عام استعمال کی چیزوں کی قِلت وغیرہ۔

### اشیا کی قِلت کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں:



ماحول کی تبدیلی کا زمین پر اثر

- قدرتی آفات کی وجہ سے فصلوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ موسم کی تبدیلی یا خرابی کی وجہ سے بھی فصلوں کی پیداوار کم ہو جاتی ہے جس سے خوراک اور خام مال کی فراہمی متاثر ہو جاتی ہے۔
- بجلی اور گیس کی قِلّت کی وجہ سے فیکٹریوں میں اشیا بروقت تیار نہیں ہو سکتیں۔
- ذخیرہ اندوزی بھی قِلّت کی بڑی وجہ ہے۔

اب تک ہم پڑھ چکے ہیں کہ عوامی اشیا اور خدمات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ آیئے جانتے ہیں کہ حکومت کس طرح یہ ذمہ داری پوری کرتی ہے۔

## ٹیکس اور قرضے (Taxes and Loans)

عوامی اشیا اور خدمات مہیا کرنے کے لیے حکومت کو پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ حکومت یہ پیسا ٹیکس کی صورت میں لوگوں سے وصول کرتی ہے۔ بعض اوقات حکومت ٹیکس کے ذریعے سے حاصل ہونے والی رقوم سے اپنے اخراجات پورے نہیں کر سکتی۔ اس صورت میں ملکی معیشت کو رواں دواں رکھنے کے لیے وہ بینکوں، بین الاقوامی مالیاتی اداروں مثلاً بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF)، ورلڈ بینک (World Bank) اور دوسرے ممالک سے قرضے حاصل کرتی ہے۔ ان قرضوں سے مختلف ترقیاتی منصوبے شروع کیے جاتے ہیں۔ پاکستان میں آمدنی کا ایک بڑا حصّہ ان قرضوں کو واپس کرنے میں صَرف ہو جاتا ہے۔

> **کرتے ہیں کچھ نیا!**
> **Let's do something new!**
> حکومت لوگوں کو ٹیکس ادا کرنے پر کس طرح آمادہ کر سکتی ہے؟ تجاویز دیں۔

**ٹیکس (Tax)**

- **اِنکم ٹیکس (Income Tax)** — آمدنی پر ٹیکس



- **ٹول ٹیکس (Toll tax)** — سڑکیں استعمال کرنے پر ٹیکس



- **پراپرٹی ٹیکس (Property tax)** — گھر، پلاٹ یا زمین کی ملکیت پر ٹیکس



- **سیلز ٹیکس (Sales tax)** — اشیا اور خدمات خریدنے پر ٹیکس



Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## تجارت (Trade)

اشیا کے لین دین یا مال کی خرید وفروخت کو تجارت (Trade) کہتے ہیں۔ دنیا کا کوئی بھی ملک ایسا نہیں جو ہر چیز میں خود کفیل ہو۔ اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے اسے دوسرے ممالک سے بعض اشیا خریدنی پڑتی ہیں اور کچھ چیزیں وہ دوسرے ممالک کو بیچتا ہے۔ ملکوں کی سطح پر ہونے والی ایسی تجارت کو بین الاقوامی تجارت کہتے ہیں۔

**سوچیں اور بتائیں!**
**Think and Answer!**
زرِمبادلہ کسے کہتے ہیں؟

## پاکستان کی ترقی کے لیے بین الاقوامی تجارت کی اہمیت
## (Importance of International Trade in Development of Pakistan)



بین الاقوامی تجارت

بین الاقوامی تجارت سے ملکوں کو مالی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ پاکستان کے لیے بھی بین الاقوامی تجارت بہت اہمیت کی حامل ہے جیسا کہ:

- جب پاکستان کی برآمدات میں اضافہ ہوگا تو ان کی تیاری کے لیے اور زیادہ صنعتیں لگیں گی۔
- صنعتیں قائم ہونے سے لوگوں کو روزگار ملے گا۔
- برآمدات سے حاصل ہونے والی آمدن سے ملک کے زرِمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا۔
- غربت میں کمی ہوگی اور لوگوں کا معیارِ زندگی بلند ہوگا۔
- درآمدات سے ضروری اشیا کی قلت پر قابو پایا جا سکے گا۔
- درآمدات سے ضروری خام مال اور مشینری ملک میں آئے گی، جس سے صنعتی ترقی میں اضافہ ہوگا۔

| درآمدات (Imports) | برآمدات (Exports) |
| --- | --- |
| درآمدات سے مراد وہ اشیا ہیں جو ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے دوسرے ممالک سے خریدی جاتی ہیں۔ پاکستان کی اہم درآمدات میں پٹرولیم مصنوعات، خوردنی تیل، مشینری، لوہا، لوہے سے بنی اشیا، ادویات، کیمیکلز، کھادیں، دفاعی ساز وسامان، غذائی اجناس، گاڑیاں اور جہاز وغیرہ شامل ہیں۔ پاکستان جن ممالک سے یہ اشیا درآمد کرتا ہے، ان میں چین، امریکا، جاپان، متحدہ عرب امارات، کویت اور یورپی ممالک وغیرہ شامل ہیں۔ | برآمدات سے مراد وہ اشیا ہیں جو ایک ملک دوسرے ملک کو فروخت کرتا ہے۔ پاکستان کی اہم برآمدات میں سوتی کپڑا، سوتی دھاگا، تیار کپڑے، بستر کی چادریں، پردے، چاول، چمڑے کا سامان، کھیلوں کا سامان، آلات جراحی، کٹلری اور پھل وغیرہ شامل ہیں۔ پاکستان جن ممالک کو یہ اشیا برآمد کرتا ہے، ان میں امریکا، چین، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور یورپی ممالک وغیرہ شامل ہیں۔ |

**برائے اساتذہ**

- طلبہ کو ٹیکس کے نظام کے بارے میں آگاہ کریں۔ انھیں بتائیں کہ پاکستان ان ممالک کی فہرست میں شامل ہے، جہاں بہت کم لوگ آمدنی ٹیکس دیتے ہیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ اس کی کیا وجوہات ہیں نیز لوگوں کو ٹیکس دینے پر کیسے آمادہ کیا جا سکتا ہے؟
- طلبہ کو بتائیں کہ برآمدات کا انحصار چند باتوں پر ہے: زرعی اور صنعتی پیداوار میں اضافہ، اشیا کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانا اور دوسرے ممالک سے سفارتی اور تجارتی تعلقات کا بہتر ہونا۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## برآمدات (Exports)


سوتی دھاگے سے بنی مصنوعات


دھاگا


چاول

## درآمدات (Imports)


مشینری


لوہا اور سٹیل


پٹرولیم

## ذرائع نقل وحمل (Means of Transportation)

ملک کے اندر یا ملک سے باہر اشیا اور لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لانے اور لے جانے کے ذرائع کو ذرائع نقل وحمل (Means of Transportation) کہتے ہیں۔ ذرائع نقل وحمل کے بغیر تجارت ممکن نہیں۔ پاکستان کے اہم ذرائع نقل وحمل یہ ہیں:


شاہراہیں اور گاڑیاں


ریل گاڑی


ہوائی جہاز


بحری جہاز

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

- پاکستان میں نقل وحمل کا سب سے بڑا ذریعہ سڑکیں اور ان پر چلنے والی گاڑیاں ہیں۔ پاکستان میں کئی قومی شاہراہیں ہیں۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی (National Highway Authority) پاکستان میں ہائی ویز اور موٹر ویز کی تعمیر اور دیکھ بھال کا ذمہ دار ادارہ ہے۔
- پاکستان میں ریلوے لائنوں کا جال بچھا ہوا ہے۔ اس سے مسافروں اور سامان کی نقل وحمل ہوتی ہے۔
- پاکستان کے قریباً تمام بڑے شہروں میں ہوائی اڈے موجود ہیں، جن میں جناح انٹرنیشنل ائیر پورٹ کراچی اور علامہ اقبال انٹرنیشنل ائیر پورٹ لاہور اہم ہوائی اڈے ہیں۔ ان سے مسافر اور سامان ایک سے دوسری جگہ پہنچائے جاتے ہیں۔
- کراچی پورٹ، بن قاسم اور گوادر پاکستان کی اہم بندرگاہیں ہیں، جو سمندری تجارت اور نقل وحمل کے کام آتی ہیں۔

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

پاکستان ریلویز (Pakistan Railways) کا صدر دفتر لاہور میں واقع ہے اور یہ وزارتِ ریلوے کے تحت کام کرتا ہے۔

## میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)

- وہ چیزیں جنھیں ہم دیکھ سکیں، چھو سکیں اور استعمال کر سکیں اشیا کہلاتی ہیں۔
- جب کوئی شخص اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے دوسروں کے کام آتا ہے اور ان کے عوض معاوضہ بھی حاصل کرتا ہے تو یہ خدمات کہلاتی ہیں۔
- اشیا اور خدمات دو طرح کی ہوتی ہیں: عوامی اشیا اور خدمات، نجی اشیا اور خدمات۔
- اشیا کے لین دین یا مال کی خرید و فروخت کو تجارت کہتے ہیں۔
- بین الاقوامی تجارت سے ملکوں کو مالی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔
- ذرائع نقل وحمل کے بغیر تجارت ممکن نہیں۔ ذرائع نقل وحمل میں سڑکیں اور ان پر چلنے والی ٹرانسپورٹ، ریلوے، ہوائی جہاز اور بحری جہاز شامل ہیں۔

## میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i. عوامی، نجی اشیا اور خدمات میں کیا فرق ہے؟

ii. حکومت ٹیکس کیوں لیتی ہے؟

iii. پاکستان کے اہم ذرائع نقل وحمل کون کون سے ہیں؟

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

پاکستان کے ذرائع نقل وحمل کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

http://www.ntrc.gov.pk/

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i افراطِ زر کسے کہتے ہیں؟ نیز افراطِ زر کی اقسام کو مثالوں سے واضح کریں۔

ii قلّت سے کیا مراد ہے اور یہ کیوں پیدا ہوتی ہے؟ نیز اس پر کیسے قابو پایا جا سکتا ہے۔

سوچیں اور بتائیں!

**Think and Answer!**

برآمدات کو بڑھانے اور درآمدات کو کم کرنے کے لیے حکومت کو کیا اقدامات کرنے چاہییں؟

3۔ پاکستان کی چند اہم درآمدات اور برآمدات کے نام لکھیں۔ یہ کن ممالک کو برآمد اور درآمد کی جاتی ہیں؟

| | |
|---|---|
| درآمدات | |
| ممالک | |

| | |
|---|---|
| برآمدات | |
| ممالک | |

**سرگرمی 1:** پاکستان کی اہم شاہراہوں، ہوائی اڈوں اور بندرگاہوں کی فہرست بنائیں۔

| | |
|---|---|
| شاہراہیں: | |
| ہوائی اڈے: | |
| بندرگاہیں: | |

**سرگرمی 2:** خدمات فراہم کرنے والے چند پیشوں کی فہرست تیار کریں، نیز بتائیں کہ آپ ان میں سے کون سا پیشہ اختیار کرنا چاہیں گے اور کیوں؟

برائے اساتذہ

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ان سے کہیں کہ انٹرنیٹ کی مدد سے پاکستان کی معاشی سرگرمیوں میں نمایاں کردار ادا کرنے والی شاہراہوں، ہوائی اڈوں اور بندرگاہوں کی فہرست بنائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

# کاروبار (Entrepreneurship)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کاروباری ذہنیت (Entrepreneurial Mindset) کی وضاحت کر سکیں۔
- مختلف اقسام کے کاروبار (Entrepreneurial Business) کی وضاحت کر سکیں اور ان میں فرق کر سکیں۔
- کاروبار سے متعلق مختلف رویوں کی وضاحت کر سکیں۔
- کاروبار سے متعلق رویے اور ان کی افادیت کی نشان دہی کر سکیں۔

## سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- کاروبار کسے کہتے ہیں؟ ______________________
- آپ کے خاندان کے افراد کس کاروبار سے منسلک ہیں؟ نام لکھیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

لوگ روزگار حاصل کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی پیشہ اختیار کرتے ہیں جیسے کوئی شخص پھل بیچتا ہے تو کوئی گوشت، کوئی فیکٹری میں کام کرتا ہے تو کوئی دفتر میں۔ اس طرح مختلف لوگ اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے روزگار کے مواقع پیدا کرتے ہیں۔ روزگار کے نئے نئے مواقع کاروبار (Entrepreneurship) میں شامل ہوتے ہیں۔

## کاروبار (Entrepreneurship)

ایسی سرگرمیاں جو منافع کمانے کی غرض سے اختیار کی جائیں۔ ان سرگرمیوں کے فعال ہونے کے مواقع تلاش کیے جائیں اور ان سے فائدہ اٹھایا جائے، اسے کاروبار یا انٹرپرینورشپ (Entrepreneurship) کہتے ہیں۔ آیئے کاروبار یا انٹرپرینورشپ کو ایک کہانی کے ذریعے سے سمجھتے ہیں:

> **کاروباری (Entrepreneur)**
>
> کاروباری اس شخص کو کہتے ہیں جو منافع کمانے کے لیے اپنا کاروبار کرتا ہے۔



NOT FOR SALE

اک دن سعدیہ گھر کے باغیچے میں جھولا جھول رہی تھی۔ اس نے دیکھا کہ بہت سے مالٹے ٹوٹ کر نیچے گرے ہوئے ہیں۔ اس نے سوچا یہ مالٹے اس کے خاندان کی ضرورت سے زائد ہیں۔ اتنے زیادہ مالٹوں کا وہ کیا کریں گے۔ ابھی وہ سوچ ہی رہی تھی کہ اس کی امی جان مالٹے کا جوس بنا کر لے آئیں۔ جوس پیتے ہوئے سعدیہ کو خیال آیا کہ کیوں نہ وہ اور اس کے گھر والے مالٹے کا جوس تیار کر کے بیچنا شروع کر دیں۔ اس نے اپنا یہ خیال اپنے بڑے بھائی کو بتایا۔ بھائی کو یہ خیال بہت پسند آیا۔ اس طرح انھوں نے اپنے کاروباری منصوبے پر کام کرنا شروع کر دیا۔ اپنے ابا جان کی مدد سے انھوں نے ایک گلاس جوس کی قیمت طے کی۔ اس قیمت میں انھوں نے جوس میں استعمال ہونے والے اجزا کی قیمت کے علاوہ اپنا منافع بھی شامل کیا۔



سعدیہ

مالٹے + نمک + مشین + گلاس + برف + منافع = قیمت

منصوبہ بنانے کے بعد انھوں نے جوس کی ایک دکان کھول لی۔ پہلے دن چند لوگوں نے ان سے جوس خریدا۔ دوسرے دن بھی ایسا ہی ہوا۔ سعدیہ نے دیکھا کہ ان کی دکان کے پاس ٹھنڈے مشروبات کی ایک دکان ہے۔ اسی وجہ سے زیادہ لوگ ان کی دکان پر نہیں آتے۔ وہ سوچنے لگی کہ وہ کون سا ایسا کام کریں کہ زیادہ لوگ ان کی دکان پر آئیں۔ اس نے اپنے منصوبے میں کچھ تبدیلیاں کیں۔



مالٹے کا جوس

اس نے مالٹے کے جوس کو بوتلوں میں بھر دیا۔ اس کے علاوہ اس نے اپنے جوس کا ایک اشتہار بنایا۔ ایک بڑے چارٹ پیپر پر اس نے تازہ جوس کی غذائی اہمیت اور فوائد کے بارے میں چند جملے لکھے۔ اس نے اشتہار میں مالٹے کی تصاویر بھی بنائیں۔ اس نے یہ اشتہار اپنی دکان کے سامنے بورڈ پر لگا دیا۔ ایسا کرنے سے ان کا جوس زیادہ بکنے لگا۔ اس طرح سعدیہ اور اس کے بھائی کا کاروبار چل پڑا۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو کاروباری ذہنیت اور کاروبار کی اقسام کے بارے میں مثالوں کے ذریعے سے آگاہ کریں۔ انھیں بتائیں کہ کون سے رویے کاروبار کو کامیاب بناتے ہیں۔ اپنا کاروبار کرنے کے لیے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ان سے کہیں کہ اپنے والدین، بہن، بھائی یا رشتہ داروں سے ان کے کاروبار سے متعلق معلومات حاصل کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

اگر آپ بھی سعدیہ کی طرح کوئی کاروبار شروع کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو آپ بھی ایک آجر ہیں، یعنی آپ کاروباری ذہنیت رکھتے ہیں۔

## کاروباری ذہنیت (Entrepreneurial Mindset)

اگر آپ نئے نئے مواقع تلاش کرتے ہیں، ان مواقع سے فائدہ اٹھاتے ہیں، ناکامیوں سے سیکھتے ہیں اور ان پر قابو پاتے ہیں تو آپ ایک کاروباری ذہنیت کے مالک ہیں۔ کوئی بھی کاروبار شروع کرنے سے پہلے یہ دیکھا جاتا ہے کہ لوگوں کو کس چیز کی طلب زیادہ ہے۔ اس حساب سے کاروبار شروع کیا جاتا ہے۔

کاروباری افراد معاشی ترقی کو فروغ دیتے ہیں۔ نوکریاں پیدا کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ وہ ایسی اشیا اور خدمات مہیا کرنے میں مدد دیتے ہیں جو لوگوں کے لیے فائدہ مند ہوں۔

> کاروبار مقامی، قومی یا بین الاقوامی سطح پر کیے جاتے ہیں۔

## کاروبار کی اقسام (Types of Entrepreneurial Business)

کاروبار کی مختلف اقسام ہوتی ہیں جیسے چھوٹے پیمانے کا کاروبار اور بڑے پیمانے کا کاروبار۔

### چھوٹے پیمانے کا کاروبار (Small Business Entrepreneurship)

چھوٹے پیمانے کا کاروبار وہ ہوتا ہے جس میں آجر کاروبار کا واحد مالک ہوتا ہے اور اس کے نفع و نقصان کا وہ خود ذمے دار ہوتا ہے۔ بیوٹی پارلر، کریانہ سٹور، ٹریول ایجنٹ، بڑھئی، پلمبر اور الیکٹریشن وغیرہ چھوٹے پیمانے کے کاروبار کی مثالیں ہیں۔

### بڑے پیمانے کا کاروبار (Large Business Entrepreneurship)

بڑے پیمانے کے کاروبار میں ایک یا ایک سے زیادہ افراد کاروبار کے مالک ہو سکتے ہیں۔ جب لوگ مل کر ایک گروہ کی شکل میں کاروبار چلاتے ہیں تو نفع و نقصان کاروبار چلانے والے تمام افراد پر تقسیم ہوتا ہے۔ ایسے کاروبار کو چلانے کے لیے کئی لوگوں کو ملازمت پر بھی رکھا جاتا ہے۔ ٹیکسٹائل مل، ہوٹل، گاڑیوں کے شوروم اور شاپنگ مال وغیرہ بڑے کاروبار کی مثالیں ہیں۔

چھوٹے اور بڑے پیمانے پر لوگ مختلف قسم کے کاروبار کرتے ہیں۔ آیئے ان کے بارے میں جانتے ہیں۔

### صنعتی کاروبار (Industrial Entrepreneurship)

اس کاروبار کا تعلق مصنوعات کی تیاری سے ہے۔ کاروباری افراد صارفین کی ضروریات کی نشان دہی کرتے ہیں۔ ان کی ضروریات پوری کرنے کے لیے وہ صنعتیں لگاتے ہیں اور وسائل کا انتظام کرتے ہیں۔ خام مال، مشینوں اور ٹیکنالوجی کی مدد سے مزدور چیزیں تیار کرتے ہیں جو صارفین کو بیچی جاتی ہیں مثلاً کپڑا، کھانے پینے کی اشیا، بسکٹ، ٹافیاں، شربت، دوائیاں، مشینیں، گاڑیاں، سیمنٹ اور کھلونے وغیرہ۔



کپڑا بنانے والی مشین

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

## زراعت کا کاروبار (Agricultural Entrepreneurship)



زراعت

یہ کاروبار زرعی مصنوعات کی پیداوار اور ان کی فروخت سے متعلق ہے۔زرعی کاروباری منافع کمانے کے لیے فصلیں کاشت کرتے ہیں،پھلوں کے باغ لگاتے ہیں،جانوروں کی افزائش کرتے ہیں اور درخت لگاتے ہیں۔زراعت کے کاروبار میں ڈیری فارمنگ،باغبانی اور جنگلات وغیرہ شامل ہیں۔زرعی کاروباری زراعت کے طریقوں میں مسلسل جدت اور بہتری لانے کی کوشش میں رہتے ہیں۔

## تجارتی کاروبار (Trading Entrepreneurship)

تجارتی کاروبار میں افراد تیار شدہ مصنوعات خرید کر صارفین کو فروخت کرتے ہیں۔تجارت کو مؤثر بنانے کے لیے وہ نئے نئے طریقے اختیار کرتے ہیں۔

**ذرا رُکیں اور بتائیں!**
**Hold on Please and tell!**
ڈیری مصنوعات کون کون سی ہوتی ہیں؟

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟ (Do you want to know more?)**

**سماجی کاروبار (Social Entrepreneurship)**

یہ افراد یا گروہوں پر مشتمل ایک ایسی سرگرمی ہے جس میں معاشرتی،معاشی یا ماحولیاتی مسائل کو حل کرنے کے لیے جدید طریقوں کا استعمال کیا جاتا ہے،جس سے معاشرے میں بہتری لانے کی کوشش کی جاتی ہے اور فلاح و بہبود کے لیے کام کیا جاتا ہے۔اس میں رفاہی تنظیمیں،صحت اور تعلیم وغیرہ کے پروگرام شامل ہوتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟ (Do you want to know more?)**



**ڈاکٹر محمد امجد ثاقب**

ڈاکٹر محمد امجد ثاقب مصنف اور سماجی کاروباری ہیں۔ان کا تعلق پاکستان سے ہے۔وہ دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مائیکرو فنانس تنظیم (Islamic Micro Finance Organization) ''اخوت'' کے بانی ہیں۔یہ تنظیم ضرورت مند افراد کو بلا سود قرضے فراہم کرتی ہے۔اخوت نے پاکستان میں ایسی یونیورسٹی قائم کی ہے جہاں پر طلبہ سے کوئی فیس نہیں لی جاتی۔



NOT FOR SALE



ڈیری فارم کا کاروبار



کپڑے کا کاروبار



مٹھائی کا کاروبار



پھلوں کا کاروبار

## خدمات کا کاروبار (Services Entrepreneurship)

اس کاروبار میں خدمات فراہم کرنے والے ادارے شامل ہیں۔ یہ ادارے لوگوں یا دوسرے اداروں کو مشورے اور پیشہ ورانہ مہارتیں فراہم کرتے ہیں۔ ان میں سکول، ہسپتال، مشاورتی اور قانونی ادارے شامل ہیں۔

## کاروبار میں جدت (Innovation in Entrepreneurship)

کاروبار میں جِدت تب پیدا ہوتی ہے جب کوئی ادارہ اپنے کاروبار میں بہتری لانے کے لیے نئی مصنوعات، خدمات یا طریقے متعارف کرواتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک کپڑے دھونے والی مشین بنانے والی کمپنی نے ایک ایسی مشین متعارف کروائی ہے جو خودکار (Automatic) طریقے کے تحت کپڑے دھوتی اور خشک کرتی ہے۔ اسی طرح ایک کار بنانے والی کمپنی نے بجلی سے چلنے والی کار متعارف کروائی ہے۔

**کرتے ہیں کچھ نیا!**

**Let's do something new!**

طلبہ سے مختلف اقسام کے کاروبار کی فہرست بنوائیں۔ ان سے پوچھیں کے وہ ان میں کس طرح جِدت پیدا کر سکتے ہیں۔

## کاروباری رویے (Entrepreneurial Behaviours)

اکثر اوقات کاروبار کی کامیابی یا ناکامی کی وجہ کاروبار سے متعلق رویے ہوتے ہیں۔ آیئے! جانتے ہیں کہ وہ کون سے رویے ہیں جو ایک کاروبار کو کامیاب بناتے ہیں۔

### مثبت رویہ (Positive Attitude)

مثبت رویہ ایک کامیاب کاروبار کی طرف پہلا قدم ہے۔ مثبت رویہ اختیار کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ مثبت سوچ رکھتے ہوئے مشکل سے مشکل حالات میں بھی پُرامید رہتے ہیں اور کاروبار آگے بڑھانے کے بارے میں سوچتے ہیں۔ اس طرح کاروبار میں بہتری اور ترقی ممکن ہوتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## تخلیقی صلاحیت (Creativity)

ایک کاروباری کا ذہن ہمیشہ نئے نئے خیالات کی تلاش میں رہتا ہے۔ نئے خیالات کاروبار اور مصنوعات میں جدت پیدا کرتے ہیں۔ تخلیقی صلاحیت کا حامل کاروباری ہمیشہ یہ سوچتا ہے کہ چیزوں کو کیسے بہتر اور مختلف بنایا جا سکتا ہے۔

## قائل کرنے کی صلاحیت (Persuasiveness)

اگر آپ بات چیت کے ذریعے دوسروں کو اپنی مصنوعات خریدنے پر راضی کر سکتے ہیں تو آپ اچھے کاروباری ہیں۔ اس صلاحیت کا استعمال کرتے ہوئے آپ اپنے صارفین سے تعلقات بہتر بنا سکتے ہیں۔ یہ آپ کے کاروبار کے لیے فائدہ مند ہوگا۔

## ناکامیوں سے سیکھنا (Learning from Failures)

جب آپ کوئی کاروبار کرتے ہیں تو آپ امید کرتے ہیں کہ آپ کو کامیابی ملے گی۔ کامیابی کی امید ضرور رکھنی چاہیے، لیکن ناکامیوں سے بھی گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اپنی غلطیوں سے سبق سیکھیں تاکہ آپ اپنے کاروبار کو بہتر بنا سکیں۔ اپنی ناکامی سے دل برداشتہ نہ ہوں۔ ہمیشہ پُر امید رہیں اور اپنے مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)

- نئے مواقع کی تلاش، مواقع سے فائدہ اٹھانا، ناکامیوں سے سیکھنا اور ان پر قابو پانا کاروباری ذہنیت کی اہم خصوصیات ہیں۔
- کاروبار چھوٹے اور بڑے پیمانے پر کیے جاتے ہیں۔
- صنعتی کاروبار، زرعی کاروبار، تجارتی کاروبار اور خدمات کا کاروبار، کاروبار کی مختلف اقسام ہیں۔
- مثبت رویہ، تخلیقی صلاحیت، قائل کرنے کی صلاحیت اور ناکامیوں سے سیکھنا کسی بھی کاروبار کو کامیاب بناتے ہیں۔

### میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

**انٹرنیٹ لنک (Internet Link)**

کاروباری منصوبے کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

http://www.wikihow.com/Start-a-a-Business- (for-Kids)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i) کاروبار سے کیا مراد ہے؟

ii) چھوٹے پیمانے کا کاروبار (Small Business Entrepreneurship) کیا ہوتا ہے؟



NOT FOR SALE

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i) مختلف اقسام کے کاروبار کی وضاحت کریں اور ان میں فرق بیان کریں۔

ii) کون کون سے رویے آپ کے کاروبار کو کامیاب بناتے ہیں؟

**کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

**Do you want to know more?**

تحقیق (Research) نئی ایجادات کے لیے علم اور ہنر پیدا کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔

3۔ اپنے محلّے یا علاقے کا دورہ کریں اور دیکھیں کہ لوگ کس قسم کے کاروبار سے منسلک ہیں۔ ان کی ایک فہرست بنائیں۔

4۔ کون سے تین ایسے کاروبار جو آپ کرنا چاہتے ہیں؟ دی ہوئی جگہ میں تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| | | |

## ہمارے کرنے کے کام (Work for us to do)

**سرگرمی 1:** اپنے محلّے/گاؤں/شہر/ملک کے کسی کامیاب کاروباری کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں اور دی ہوئی جگہ میں تحریر کریں۔

نام (کاروباری): ____________________

کاروبار کا نام: ____________________

کاروبار کی قسم: ____________________

کاروبار کی جگہ (شہر): ____________________

مصنوعات یا خدمات کے نام: ____________________

**سرگرمی 2:** اپنے کاروبار کا منصوبہ بنائیں۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو کہیں کہ اپنے محلّے کا دورہ کریں اور فہرست بنائیں کہ وہ کس قسم کے کاروبار کرنے والوں سے ملے ہیں، مثلاً مکئی بیچنے والا، فروٹ بیچنے والا، آئس کریم بیچنے والا۔ پھر ان سے کہیں کہ وہ جن دکانوں پر جاتے ہیں ان کی نشان دہی کریں اور ان کی فہرست بنائیں، جو کچھ وہ بیچتے ہیں اس کی فہرست بنائیں۔ طلبہ سے ان کے پسندیدہ ریستوران/ہوٹل کے بارے میں بھی پوچھیں۔ ان سے کہیں کہ اپنے پسندیدہ ریستوران کے مالک کا انٹرویو کریں کہ اس نے یہ کاروبار کیسے شروع کیا، پھر اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔
- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں۔ ان سے پوچھیں کہ وہ کون سا کاروبار کرنا چاہتے ہیں، پھر ان سے اس کاروبار کا منصوبہ بنوائیں۔ منصوبے میں کاروبار کا نام، کاروبار کے لیے وسائل، مصنوعات کی قیمتیں اور صارفین کا تعین کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

# زر کا اِرتقا (Evolution of Money)

## حاصلاتِ تعلّم (Students' Learning Outcomes)

اس باب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- زر کے ارتقا (Evolution of Money) اور زر متعارف ہونے سے پہلے بارٹر (Barter) کے ذریعے سے ہونے والی تجارت کو مثالوں سے بیان کر سکیں۔
- برصغیر میں سِکوں (Coins) اور کاغذی نوٹ کی تاریخ سے واقف ہو سکیں۔
- مختلف ممالک کی کرنسیوں کے نام بتا سکیں۔
- لوگوں کی زندگی میں زر کے کردار اور اہمیت کو بیان کر سکیں۔
- لوگوں کی زندگی میں بینکوں کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔
- سٹیٹ بینک آف پاکستان (State Bank of Pakistan) کے کردار کی شناخت کر سکیں۔

زر (Money) ہماری زندگی کا اہم حصّہ ہے۔ اس کی بدولت ہم خوراک، لباس اور رہائش جیسی بنیادی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ ان ضروریات کے علاوہ زر (Money) کاروبار، تعلیم اور دوسری بہت سی ضروریات اور خواہشات پوری کرنے کا ذریعہ بھی ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### سوچیں اور جواب دیں! (Think and Answer!)

- سوچیں اور بتائیں اگر آج زر موجود نہ ہوتا تو لوگ لین دین کیسے کرتے؟
- آپ اپنے پیسوں/ جیب خرچ سے کیا خریدتے ہیں؟



قدیم زمانے میں لوگ ایک دوسرے سے لین دین کے لیے پیسوں کا استعمال نہیں کرتے تھے، کیوں کہ اس وقت زر یا کرنسی کا کوئی نظام نہ تھا۔ اس دور میں لوگ ایک دوسرے سے چیزوں کا تبادلہ کرتے تھے۔ اس کو بارٹر سسٹم (Bartar system) کہتے ہیں۔



NOT FOR SALE

## بارٹرسسٹم (Barter System)

لین دین کرتے ہوئے چیزوں سے چیزوں کا تبادلہ بارٹر سسٹم (Barter System) کہلاتا ہے۔ بارٹرسسٹم لین دین کا ایک قدیم نظام ہے، جو چیز لوگوں کے پاس زیادہ مقدار میں ہوتی تھی، اسے دوسرے لوگوں کو دے کر وہ اپنی ضرورت کی چیز لے لیتے تھے۔ مثال کے طور پر اگر کسی شخص کو کپڑوں کی ضرورت ہوتی تھی تو وہ جولاہے سے کپڑا لے لیتا اور بدلے میں اُسے گندم یا چاول دے دیتا۔ لوگ اپنی ضرورت کی چیزیں خریدنے کے لیے دوسروں کو مرغی، بکری، وغیرہ جیسے جانور بھی دیتے تھے۔



بارٹرسسٹم

**ذرا رُکیں اور بتائیں!**

**Hold on Please and tell!**

بارٹرسسٹم کی جگہ لوگوں نے زر کا استعمال کیوں شروع کیا؟

بارٹرسسٹم کافی عرصہ چلتا رہا۔ قریباً 1200 قبل از مسیح لوگ سیپیوں اور قیمتی پتھروں کے ذریعے سے لین دین کرنے لگے، پھر انسان نے کانسی اور تانبے جیسی دھاتیں دریافت کرلیں اور ان دھاتوں کے سکے بطور زر استعمال کرنا شروع کردیے۔

## دھات کے سِکے (Metallic Coins)

قریباً 1000 قبل از مسیح، چین میں کانسی اور تانبے کے سِکے بنائے گئے۔ انھیں موجودہ دور کے سِکوں کی ابتدائی شکل سمجھا جاسکتا ہے۔ ان سِکوں میں سوراخ ہوتے تھے، تاکہ ان کو ایک زنجیر کی صورت میں اکٹھا کیا جاسکے۔

قریباً 500 قبل از مسیح یورپ کے علاقے لیڈیا (Lydia) میں آج کی شکل کے گول سکے تیار کیے گئے۔ سِکے بنانے کی ان تراکیب کو دوسری قوموں نے بھی نقل کیا۔ انھوں نے چاندی، کانسی اور سونے کا استعمال کرتے ہوئے سِکوں کو مزید بہتر بنایا۔ دھاتوں سے بنے ہوئے سِکے بھاری ہوتے تھے۔ جس کی وجہ سے انھیں اٹھائے پھرنا مشکل ہوتا تھا۔ بالآخر ان کی جگہ کاغذی نوٹوں نے لے لی۔





سِکے

**چمڑے کے سِکے**

قریباً 118 قبل از مسیح میں چین میں چمڑے کے ٹکڑوں کو زر کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ یہ ٹکڑے سفید ہرن کی کھال سے بنائے جاتے تھے۔

برائے اساتذہ

- طلبہ کو بارٹر کا مفہوم سمجھانے کے لیے لین دین کا عملی مظاہرہ کروائیں۔ بارٹرسسٹم سے لے کر کرنسی نوٹوں کے ارتقا کے مراحل کو کہانی کی صورت میں بچّوں کو بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ پہلے کوڑیوں یا سیپیوں (Sea Shells) کے ذریعے سے لوگ ایک دوسرے سے اشیا خریدتے تھے۔ دس کوڑیاں ایک دمڑی کے برابر ہوتی تھیں۔ سیپیوں کے بعد سِکوں اور اس کے بعد کاغذی نوٹوں کا دور شروع ہوا۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## کاغذی نوٹ (Paper Money)


کاغذی نوٹ

قریباً 806 عیسوی میں چین میں کاغذی نوٹ متعارف کروائے گئے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ دوسری قوموں نے بھی کاغذی نوٹ بنانا شروع کر دیے۔ 18 ویں صدی کے آخر تک کاغذی نوٹ دنیا کے مختلف حصوں میں پھیل چکے تھے۔ اب ان کاغذی نوٹوں کی جگہ پلاسٹک کے نوٹوں (Polymer Notes) نے لے لی ہے۔ آسٹریلیا اور انڈونیشیا پلاسٹک کے نوٹ جاری کرنے والے اولین ممالک میں سے ہیں۔

## پلاسٹک زر (Plastic Money)



کریڈٹ کارڈ

20 ویں صدی میں بینکوں نے کریڈٹ کارڈ (Credit Card) اور ڈیبٹ کارڈ (Debit Card) متعارف کروائے۔ انھوں نے کسی حد تک نقد رقم کی ضرورت کو ختم کر دیا۔ موجودہ دور ڈیجیٹل دور ہے۔ لوگ بآسانی اپنی رقم کو الیکٹرانک ڈیوائسز (Electronic Devices) یا کمپیوٹر کے ذریعے سے دوسروں کو منتقل کر سکتے ہیں، اس لیے جیب میں زیادہ پیسے رکھنے کا رواج ختم ہوتا جا رہا ہے۔

## برصغیر میں کرنسی کی تاریخ (History of Money in the Subcontinent)

- برصغیر میں سِکے بنانے کا آغاز چھٹی صدی قبل از مسیح کے آغاز میں ہوا۔ ان سِکوں کو پانا کہا جاتا تھا۔ یہ سِکے چاندی سے بنائے جاتے تھے۔ ان کی کوئی واضح شکل نہیں ہوتی تھی۔ ان پر مختلف علامتیں بنی ہوتی تھیں۔
- اس خطے پر بہت سی بیرونی قوموں مثلاً ایرانیوں، ترکوں، عربوں، انگریزوں اور یونانیوں کی حکومت رہی۔ ان قوموں اور حکومتوں نے مختلف شکلوں اور علامتوں والے سِکے متعارف کروائے۔
- 712 عیسوی میں عربوں نے اس خطے کو فتح کر لیا۔ سلاطین دہلی اور اُس کے بعد مغلوں نے اپنے سِکے جاری کیے۔ ان سِکوں پر اسلامی خطاطی نے علامتوں کی جگہ لے لی۔ 13 ویں صدی کے دوران خالص چاندی اور سونے کے بنے سِکے استعمال ہونے لگے۔ ان کو اشرفی کہا جاتا تھا۔
- 1857ء میں برصغیر پر انگریزوں کا قبضہ ہو گیا۔ انگریزوں نے چاندی، کانسی اور نکل کے سِکے جاری کیے۔ ان میں روپیا اور آنہ شامل تھے۔ ان سِکوں پر برطانیہ کے شاہی حکمرانوں کی تصاویر بنی ہوتی تھیں۔ اسی دور میں روپے کو سرکاری کرنسی کا درجہ دیا گیا۔


سِکے

> شیر شاہ سوری نے چاندی کا سِکہ متعارف کروایا جسے روپیا کا نام دیا گیا۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

## کرنسی (Currency)

ہم اپنی روزمرّہ زندگی میں زر کو سِکوں (Coins) یا کاغذی نوٹ (Paper Money) کی شکل میں لین دین کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ معاشی زبان میں اسے کرنسی کہتے ہیں۔ ہر ملک کی اپنی ایک کرنسی ہوتی ہے، جیسے پاکستان کی کرنسی روپیا ہے۔




پاکستان (روپیا)




سعودی عرب (ریال)




امریکا (ڈالر)




برطانیہ (پاؤنڈ)




چین (یوآن)




ترکی (لیرا)

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## زر کی اہمیت اور کردار (Role of Money and its Importance)

زر انسانی زندگی میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔

- ہر شخص خوراک، لباس اور رہائش جیسی بنیادی ضروریات کے لیے نقد رقم پر انحصار کرتا ہے۔ دوسری بہت سی ضروریات اور خواہشات بھی اسی سے پوری ہوتی ہیں۔



NOT FOR SALE

- زر (Money) تعلیم حاصل کرنے، کاروبار کرنے، زمین اور زیور خریدنے کے کام آتا ہے۔
- زر (Money) سے نہ صرف ہم ضرورت کی اشیا خریدتے ہیں بلکہ مختلف خدمات بھی حاصل کرتے ہیں، جیسے ایک مکینک یا معمار کی خدمات حاصل کرنے کے لیے اس کو اجرت پیسوں کی صورت میں دی جاتی ہے۔
- زر (Money) لوگوں کے معیارِ زندگی کو بلند کرتا ہے۔

## بینک (Bank)

بینک ایک مالیاتی اور تجارتی ادارہ ہے۔ یہاں لوگ اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد زائد رقم محفوظ کرواتے ہیں۔ لوگ بینکوں میں کھاتا (Account) کھلواتے ہیں اور اپنی رقم جمع کرواتے ہیں۔ اس کے علاوہ:

- تاجر، صنعت کار، کاشت کار اور ضرورت مند افراد بینک سے قرض لیتے ہیں۔
- بینکوں کے ذریعے لوگ اپنی رقوم ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک ملک سے دوسرے ملک بآسانی منتقل کر سکتے ہیں۔
- سوئی گیس، بجلی اور ٹیلی فون کے بِلوں کی ادائیگی بھی بینکوں کے ذریعے ہوتی ہے۔
- حج اور عمرہ کی درخواستیں بھی بینکوں کے ذریعے جمع کروائی جاتی ہیں۔
- بینک میں لوگ لاکرز میں اپنے زیورات اور اہم کاغذات محفوظ کر سکتے ہیں۔ یہ سب کام کمرشل بینک کرتے ہیں۔

**زرِمبادلہ کے ذخائر**

کسی بھی ملک میں مرکزی بینک کے پاس موجود غیر ملکی کرنسی، سونا اور دیگر اہم مالی اثاثہ جات کو اس ملک کے زرِمبادلہ کے ذخائر کہا جاتا ہے۔

**کرتے ہیں کچھ نیا!**

**Let's do something new!**

اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر تحقیق کریں اور بتائیں کہ کرنسی کون جاری کرتا ہے اور اس کا کیا طریقہ کار ہے؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## سٹیٹ بینک آف پاکستان (State Bank of Pakistan)

ہر ملک کا ایک مرکزی بینک (Central Bank) ہوتا ہے، جو ریاست کی مجموعی معیشت کی نگرانی کرتا ہے۔ پاکستان کے مرکزی بینک کا نام سٹیٹ بینک آف پاکستان (State Bank of Pakistan) ہے۔ اسے بینک دولتِ پاکستان بھی کہتے ہیں۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان 1948ء میں قائم ہوا تھا، اس کا صدر دفتر کراچی میں ہے۔ یہ بینک



سٹیٹ بینک آف پاکستان

برائے اساتذہ

- طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے والدین، بہن، بھائی یا رشتہ دار سے ان کے بینک کے بارے میں معلومات حاصل کریں، نیز طلبہ کو کسی بینک کا دورہ کرائیں اور انھیں بتائیں کہ بینک میں کون سی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔



NOT FOR SALE

پاکستان میں موجود تمام بینکوں کے مالی معاملات کی نگرانی کرتا ہے۔ان کے لیے پالیسیاں بناتا ہے۔کرنسی نوٹ بھی سٹیٹ بینک ہی جاری کرتا ہے۔سٹیٹ بینک زرمبادلہ کا نگران ہوتا ہے۔ یہ درآمدات اور برآمدات میں توازن رکھتا ہے تاکہ زرمبادلہ کے ذخائر محفوظ رہیں۔

### کیا آپ مزید جاننا چاہتے ہیں؟ Do you want to know more?

مختلف ممالک کے مرکزی بینکوں کے نام یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| امریکا | فیڈرل ریزرو(Federal Reserve) |
| برطانیہ | بینک آف انگلینڈ(Bank of England) |
| ویت نام | سٹیٹ بینک آف ویت نام (State Bank of Veitnam) |
| برازیل | سنٹرل بینک آف برازیل(Central Bank of Brazil) |

### میں نے سیکھا ہے! (I have learnt!)

- بارٹر سسٹم لین دین کا ایک قدیم نظام ہے۔
- برصغیر میں سِکے بنانے کا آغاز چھٹی صدی قبل مسیح کے آغاز سے ہوا۔
- ہر ملک کی اپنی کرنسی ہوتی ہے۔
- ہر ملک کا ایک مرکزی بینک ہوتا ہے جیسے پاکستان میں سٹیٹ بینک آف پاکستان ہے۔
- بینک ایک مالیاتی اور تجارتی ادارہ ہے۔

### انٹرنیٹ لنک (Internet Link)

زر کے ارتقا کے بارے میں جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔
https://www.britannica.com/video/187664/history-money

### میرے کرنے کے کام (Work for me to do)

1۔ دیے گئے سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔

i. بارٹر سسٹم سے کیا مراد ہے؟
ii. موجودہ دور میں جیب میں زیادہ پیسے رکھنے کا رواج کیوں ختم ہوتا جا رہا ہے؟
iii. کوئی سے تین ممالک کے مرکزی بینک کے نام بتائیں۔

2۔ دیے گئے سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

i. برصغیر میں سِکوں اور کرنسی نوٹ کی تاریخ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
ii. لوگوں کی زندگی میں بینکوں کا کیا کردار ہے؟ وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

3۔ مختلف ممالک کی کرنسیوں کے نام تحریر کریں۔

| ملک کا نام | کرنسی | ملک کا نام | کرنسی |
|---|---|---|---|
| سعودی عرب | | کوریا | |
| متحدہ عرب امارات | | ملائیشیا | |
| ترکی | | کینیڈا | |
| تھائی لینڈ | | کویت | |

4۔ زر کے ارتقا کو ٹائم لائن کی صورت میں پیش کریں۔




**سرگرمی 1:** کمرا جماعت میں ایک فرضی بینک بنائیں۔ بینک کی خدمات مثلاً رقم کی منتقلی اور ترسیل ڈرامے کی صورت میں پیش کریں۔

**سرگرمی 2:** سِکوں اور کاغذی نوٹوں کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں اور ایک کتابچے کی شکل میں پیش کریں۔ تصاویر بھی چسپاں کریں۔

**سرگرمی 3:** پاکستان کے کرنسی نوٹوں پر موجود جگہوں کی تصاویر کا مشاہدہ کریں اور ان جگہوں کے نام بتائیں۔

برائے اساتذہ

- میزوں اور کرسیوں کی مدد سے کمرا جماعت میں ایک فرضی بینک بنائیں۔ طلبہ کو بینک مینیجر، کیشیئر اور بینک میں موجود دوسرے لوگوں کے کردار نبھانے کو کہیں۔ انھیں بتائیں کہ بینکوں میں رقم کی ترسیل اور منتقلی کا طریقہ کار کیا ہے۔ بینک کے عملے اور مختلف کاؤنٹروں کے بارے میں ان کو بتائیں۔ طلبہ سے عملی مظاہرہ کرواتے ہوئے بینک میں کھاتا کھلوائیں۔ اُن سے فرضی بینک کا نام بھی تجویز کروائیں۔
- طلبہ کو اپنے علاقے یا شہر کے عجائب گھر کا دورہ کروائیں۔ انھیں ماضی کے سِکوں اور کرنسی نوٹوں کی تاریخ بتائیں۔ ان سے کہیں کہ وہ معلومات ایک کاپی پر لکھتے جائیں۔ ان معلومات کو اکٹھا کر کے ایک کتابچے کی صورت میں اپنی جماعت کے سامنے پیش کریں۔
- کمرا جماعت میں پاکستان کے کرنسی نوٹوں کے بارے میں مقابلہ ذہنی آزمائش (Quiz) کا اہتمام کریں۔ طلبہ کو کرنسی نوٹ دکھائیں۔ بچّوں کو کرنسی نوٹوں پر موجود مختلف جگہوں اور تصاویر کی شناخت کرنے کے لیے کہیں۔


Web version of PECTAA textbook
Not for sale





NOT FOR SALE

# مشق (Exercise)

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) کا نشان لگائیں۔

i۔ گھر، پلاٹ یا زمین کی ملکیت پر ٹیکس کو کہتے ہیں:

(الف) انکم ٹیکس (ب) سیلز ٹیکس (ج) ٹول ٹیکس (د) پراپرٹی ٹیکس

ii۔ لوگوں کی طلب کے مقابلے میں اشیا کے محدود ہونے کو کہتے ہیں:

(الف) افراطِ زر (ب) تفریطِ زر (ج) تجارت (د) قِلّت

iii۔ ڈیری فارم، باغبانی اور جنگلات مثالیں ہیں:

(الف) صنعتی کاروبار کی (ب) زرعی کاروبار کی

(ج) تجارتی کاروبار کی (د) خدمات کے کاروبار کی

iv۔ قریباً 806 عیسوی میں کاغذی نوٹ متعارف کروائے گئے:

(الف) پاکستان میں (ب) ایران میں (ج) چین میں (د) ترکیہ میں

v۔ برصغیر میں روپیا متعارف کروایا:

(الف) سکندرِ اعظم نے (ب) شیر شاہ سوری نے (ج) محمود غزنوی نے (د) قطب الدین ایبک نے

2۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

i۔ سرکاری سکول، ڈاکخانہ اور سٹیٹ بینک نجی خدمات میں شامل ہیں۔ ☐

ii۔ اشیا اور خدمات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کو قِلت کہتے ہیں۔ ☐

iii۔ صنعتی کاروبار کا تعلق مصنوعات کی تیاری سے ہے۔ ☐

iv۔ مثبت رویہ ایک کامیاب کاروبار کی طرف پہلا قدم ہے۔ ☐

v۔ دھات کے سِکے چین نے متعارف کروائے۔ ☐

3۔ کالم (الف) کو کالم (ب) کے متعلقہ خانوں سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| نجی اشیا اور خدمات | منافع کمانے کے لیے اپنا کاروبار کرنے والے کو کہتے ہیں |
| صارف | کسی شخص کی ذاتی ملکیت ہوتی ہے۔ |
| سٹیٹ بینک | مصنوعات یا خدمات خریدنے والے کو کہتے ہیں۔ |
| کاروباری | ملک کا مرکزی بینک ہوتا ہے۔ |

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE

# فرہنگ

| معانی | الفاظ |
|---|---|
| ترقی۔ بتدریج بڑھنا | ارتقا |
| مجمع۔ جلسہ | اجتماع |
| حفاظت۔ بچاؤ | تحفّظ |
| پیدا کرنا۔ پیدائش | تخلیق |
| درس دینا۔ تعلیم دینا | تدریس |
| طرزِ معاشرت۔ رہنے سہنے کا انداز۔ تمدن | تہذیب |
| تہذیب کی رنگارنگی | ثقافتی تنوع |
| درویشوں کے رہنے کی جگہ | خانقاہ |
| نیا پن | جدّت |
| کنارہ۔ چوطرفہ پٹی | حاشیہ |
| حفاظت۔ بچاؤ | دفاع |
| پیغام رسانی کے ذرائع | ذرائع ابلاغ |
| روپیا۔ پیسا۔ دولت | زر |
| غیر ملکی تجارت سے حاصل ہونے والی رقم | زرمبادلہ |
| غیر ملکی سرکاری نمائندہ | سفیر |
| مملکت، ریاست، ملک | سلطنت |
| معاشرتی | سماجی |

| معانی | الفاظ |
|---|---|
| سیر کرنا | سیاحت |
| علم طب سے متعلق | طبی |
| ارادہ | عزم |
| سیدھا | عمودی |
| اعتقاد۔ ایمان | عقیدہ |
| ناجائز قبضہ۔ زبردستی کرنا | غصب |
| محورِ زمین کا شمالی اور جنوبی سرا | قطب |
| مجلسِ وزرا | کابینہ |
| بگولہ۔ جس میں غبار ملا ہو | گردباد |
| بھیڑ بکریاں چرانا | گلہ بانی |
| گھنا۔ علاقہ جہاں آبادی زیادہ ہو | گنجان |
| باہم مل جل کر رہنا، سماج | معاشرہ |
| مال اسباب، حق | ملکیت |
| نہ گرم نہ سرد | معتدل |
| اندازِ فکر۔ دیکھنے یا سوچنے کا انداز | نقطۂ نظر |
| وطن کو چھوڑنا | ہجرت |
| پستی۔ ڈھلوان۔ اترائی | نشیب |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| ہم آہنگی | اتحاد۔یگانگت |
| گامزن | منزل کو پانے کے لیے کسی راستے پر چلنا |
| ڈیجیٹل شہری | جدید دور کا شہری جو انٹرنیٹ استعمال کرتا ہے |
| اختلافِ رائے | مختلف رائے رکھنا |
| امتیازی سلوک | برابری کا سلوک نہ کرنا |
| تنازعات | اختلافات۔جھگڑے |
| رسم ورواج | معاشرے میں جاری ریت۔رسم |
| زیبِ تن کرنا | زیور یا لباس پہننا |
| مقبول پوشاک | مشہور لباس |
| سوغات | کسی علاقے کی خاص پہچان والی چیز |
| لب ولہجہ | اندازِ گفتگو |
| دیدہ زیب | خوب صورت۔آنکھوں کو اچھا لگنے والا |
| ریاست | ملک۔مملکت |
| تشکیل دینا | شکل دینا۔بنانا |
| نظم ونسق | انتظام |
| تعلّم | علم سیکھنا |
| دانشوروں | عقل مندوں |

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| منسلک ہونا | ساتھ جڑنا |
| ترویج | اشاعت کرنا۔رواج دینا |
| بیداری | شعور۔جاگنا |
| بارٹر سسٹم | اشیا کے بدلے اشیا کا تبادلہ |
| تسلّط قائم کرنا | قبضہ کرنا |
| الحاق | ساتھ جڑنا۔اتحاد کرنا |
| خانقاہوں | صوفی بزرگوں اور درویشوں کے مزارات |
| مہارتیں | ہنر۔کاری گری |
| آبی ذخائر | پانی کے ذخیرے |
| زمینی خدوخال | زمین کی بناوٹ |
| آبشاریں | پہاڑوں پر سے پانی کا گرنا |
| گلیشیئرز | برف کے بڑے تودے |
| ساحلی علاقے | سمندر کے کناروں والے علاقے |
| بحری رویئں | سمندری موجیں |
| شرح پیدائش | بچّوں کے پیدا ہونے کی شرح |
| افراطِ زر | مہنگائی۔ چیزوں کی قیمت بڑھ جانا |
| تفریطِ زر | چیزوں کی قیمتیں کم ہو جانا |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE